لا اله الا الله محمد رسول الله

طالبین راہ حق کو مژدہ ہو کہ آئینہ جمال احمدیہ و مصدق رسالت محمدیہ

بشارات محمدی

یعنی

آئینہ فی اثبات الرسالۃ الاحمدیہ

معروف بہ

بشارت نامہ

حسب فرمائش جناب مصنف مولانا مولوی رحم الٰہی صاحب منگلوری عم فیضہ

مطبع انوار محمدی لکھنؤ میں طبع ہوا



IC (AIR)

Marfat.com

29°00′
1657ft
OSTAN E BALUCHESTAN VA SISTAN
OSTAN E KERMAN
27
29
2192ft
30′

Marfat.com

29°00'
2641ft
2405ft
2129ft
DISSECTED TERRAIN
31
34
2093ft
Dissected terrain
2628ft
2326ft
33km
29
2622ft
36
3192ft

Marfat.com

س
۹۶

Marfat.com

58593

دعوت عام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی اما بعد تمام اہل کتاب کی خدمت میں التماس ہے کہ دنیا چند روزہ ہے آخر کار لقای اللہ جلشانہ ہر شخص کو ضرور ہے پس اس دنیا ئے فانی کو مطلوب اصلی اپنا تصور کرکے عقبیٰ کو ہاتھ سے نہ دیں اور تقلید ناجائز اور ناروا سے اپنے آپ کو آزاد کرکے راہ حق ڈھونڈھیں جو بعد بعثت خاتم النبیین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب باری میں مقبول ہے ضرور ہے مصداق من جد وجد کی اس راہ کو پائیں اور حق تک پہنچ جائیں اور وہ راہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور رسالت شاہ دو عالم کی آپ کے معجزات سے اخلاق سے احکام سے اقوال سے افعال سے ہر طرح سے ایسی روشن اور ثابت ہے جیسی کہ ٹھیک دوپہر میں آفتاب اور جو شخص کبھی ایک طرف بھی امور مذکورہ سے توجہ کرے تو یقیناً معلوم کرلے کہ یہہ بات بغیر وحی اور تائید الٰہی اور مقبولیت کے ممکن نہیں ہے لیکن ایک طریقہ خاص بشارات رسل و انبیاء سابقین علیہم السلام سے بھی آپکی رسالت کا اثبات کرنی جسکو آپ خوب سمجھ سکتے ہیں اور قرآن مجید اور احادیث شریف میں بھی اس طریقہ اثبات رسالت کا جا بجا ذکر ہے آپ کے سامنے بطور مشتی (نمونہ از خروارے) بذریعہ اس رسالہ حجت اللہ کے پیش کیا جاتا ہے۔

امید ہے کہ آپ صاحب بحق کتب الٰہی و انبیاء علیہم السلام کے تعصب سے علیحدہ ہوکر اس رسالہ کو دیکھیں اور سچے موسوی اور مسیحی بنجائیں اور بہ رنگ صبغۃ اللہ کے رنگین ہوں اور تمام پاک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شاہ دو عالم سے زندگی ابدی حاصل کریں وما علینا الا البلاغ ربا جمی ما نصیحت بجای خود کردیم روزگاری درین بسر بردیم ۔ گر نیاید بگوش رغبت کس ۔ بر رسولان بلاغ باشد و بس

Marfat.com

[illegible]

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله العلی العظیم الاعظم الذی لم یتخذ صاحبة ولا ولدا ولا شریک فی ملکه ولم یکن له کفوا
احدا واصلی واسلم علی رسوله وحبیبه الذی بشر به فی التورٰیة والانجیل وعرفه اهل العلم
بمعرفة الابناء بلا ریب وتاویل اعنی شفیعنا ونبینا سیدنا عبد الله احمد ن المجتبی محمد ن المصطفی
صلی الله علیه وسلم الی یوم الدین وعلی آله واصحابه الذین اختارهم الله لصحبة نبیه الجلیل
ولعنة بهم الیتامی کتب اصفیاء الله الجلیل اما بعد حمد وصلوٰة کے واضح ہو کہ اس
خاکسار غفر له بمقتضاه ناصر الدین محمد رحم الٰہی ابن سید نثار علی ابن سید بہادر علی
ابن سید غالب علی ابن سید عباس خان رضی الله عنهم جمیعا ساکن قصبه منگلور
ضلع سہارنپور نے ایک وقت میں اپنی استاد سلمه الله سے سنا تھا کہ عالم رویا میں
سیدنا محمد رسول الله صلی الله علیه وسلم نے مجھسے فرمایا ہے کہ تیری بشارت کہ علم
کہلاتے ہو میں آیت میں ہے مگر یہ خاکسار نہ مانتی نہیں پس ایک روز میں نے اس خواب
کا تذکرہ حامی دین نبوی اخوی سید حافظ قاضی محمد عنایت علی صاحب سے کیا
آپ نے فرمایا ضرور آپکی ارشاد کا مصداق میں ہی ہونگا اور سمیٰ بالاسم کرنا چاہتا ہوں

Marfat.com

موافق ارشاد جناب موصوف کی اس قصد سی مینی مطالعہ بیبل کا شروع کیا اور
و احسانہ الاتم لبشارت ممدوحہ کامعہ اور بشارات ہوی محمدی صلی اللہ علیہ و
کی نشان پاکر یہ رسالہ مسمی بہ براہین رحیمیہ فی اثبات الرسالۃ المحمدیہ الملقب بحجۃ اللہ
معروف بہ بشارات محمدی تالیف کیا اور مضمون آیت کریمہ الذین اتیناہم الکتاب یعرفونہ
ابناءہم کو محض اوسکی فضل او ر تائید سی ثابت کرکے دکھلا دیا مقدمہ ۰۰۰۰ میں
مین فصل ہین فصل اول اس بیان مین کہ واسطی ثبوت نبوت جناب
رسول اللہ کی سرپہلی بشارت کی ضرورت نہین ہی اسلئی معجزات اور اخلاق جو خارج
قوت عامہ بشری سی اونکی ذات بابرکات مین پای جاتی ہین وہی ثبوت نبوت اور رسالت
کی لئی کافی اور وافی ہین اور اگر بالفرض ضرورہی تو فرمائی کہ حضرت نوح اور حضرت
ابراہیم علیہما السلام کی بشارت کونسی ہی حالانکہ باتفاق نبی ہین اور موسی
علیہ السلام کی بھی بشارت نہین ملتی توریت سی پہلی کوئی کتاب ہی میل مین نہین
پہر بشارت کہان ہوتی اور نیز درصورت ضرورت مخذور دور یا تسلسل لازم آئیگا
اور چونکہ مخذور دور اوس عبارت مین جو پیدایش کی پندرہوین اور پچاسوین باب
مین ہی اور اوسکو شاید کوی بشارت موسوی کہی لازم آتا ہی پس وہ اس مخذور کی
وجہ سی بشارت موسوی نہین ہوسکتی اور وہ عبارت یہ ہی باب ۱۵ اورس ۱۲
جب آفتاب غروب ہونی لگی تو ابرام پر بڑی نیند غالب آئی اور دیکھہ ایک ہولناک
تاریکی اوس پر آئی ۱۳ اور اوس نی ابرام سی کہا کہ یقین جان کہ تیری اولاد ایک ملک
مین جو انکا نہین پردیسی ہونگی اور وہان کی لوگون کی غلام بنین گی اور وی چار سو
برس تک اونہین دکھہ دینگی ۱۴ لیکن مین اوس قوم کی بھی جس کی وی غلام
ہونگی عدالت کرونگا اور وی بعد اوسکی بڑی دولت لیکی نکلین گے ایضا باب ۵۰ ورس
۲۴ اور یوسف نی اپنی بہائیون سی کہا مین مرتا ہون اور خدا انکو یقیناً یاد کریگا اور

اوس سرزمین مین سی جسکی بابت اوسنی ابراہام اور اضحاق اور یعقوب سی قسم
کھائی پیدایش ۵۰ باب ۲۵ اور یوسف نی بنی اسرائیل سی قسم لیکی کہا خدا یقیناً تمہین یاد
کریگا اور تم میری ہڈیان یہانسی لیجائیو اور علاوہ اسکی اس عبارت مین شفاعت کا
ذکر بھی نہین لیکن اگر تخصیص نجات کی وجہ سی بشارت کہیے تو یہ اور بہت نبیون کی
اور نیز اسمین پیشین گوئی کی وقت پایا گیا سو برس تک مصر مین رہنی کی اور کتاب
خروج مین ہی کہ وہ مصر مین چار سو تیس برس تک رہی کتاب خروج باب ۱۲ اور س ۴۰
اور بنی اسرائیل جو مصر کی باشندی تھی اون کی بود و باش چار سو تیس برس تک
تھی ۴۱ اور چار سو تیس برس کی آخر مین یہہ ہوا کہ ٹھیک اوسی دن خداوند کی ساری
فوجین زمین مصر سی نکل گئین پس یہہ پیشین گوئی بھی صحیح نہوئی اور بعض مورخین
اور مفسرین بیان کرتی ہین کہ مدت اقامت بنی اسرائیل کی مصر مین اڑہائی سو برس
تہی واللہ اعلم اور اگر یہہ کہو کہ نبی کی لئی بشارت کا ہونا ضروری نہین مگر شفیع کی
لئی ضروری ہی اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری نزدیک شفیع ہین
تو جواب اسکا یہہ ہی کہ وہ حال سی خالی نہین ہی کہ ضرورت بشارت یا نبی ہونی
کی یا اس شفاعت کی لئی ہی اور یا واسطی عقیدہ شفاعت اوس شفیع کی شق
اول ظاہر البطلان ہی اسواسطی کہ شفیع ہونا کسی کا اوسکی کمال ذاتی پر موقوف ہوگا
نہ بشارت کی مقدم پر اسکو اس سی کیا علاقہ اور شق ثانی بھی ضرورت
نہین ہی کیونکہ صورت مین قول اوسی شفیع نبی کا عقیدہ اوس شفیع کی
لئی کافی اور وافی ہوگا ہان اگر دعوی شفاعت کا کسی ایسی ذات پاک کی طرف
کیا جاوی جو قول و فعل اوسکی دعوی عملی قوی کی بموجب فرمان ان ہو الا وحی یوحی
البتہ ان ضرورت دوسری نبی کی قول سی اوس دعوی کا ثابت کرنا [illegible]
[illegible] بشارت [illegible] مسئلہ ہمارے مذہب کی موافق ہی

Marfat.com

اپنی ماباپ کی شفاعت کرائین گی لیکن یہہ عقیدہ اونکی قول سی نہین ہی بلکہ یہہ
سید المرسل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دوسری فصل اس
مین کہ مسیح علیہ السلام خاتم النبین نہین ہین بلکہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ ع
وسلم خاتم النبین ہین اور اس دعوی کی چند شاہد ہین شاہد اول آپ کی نزدیک خو
مسیح علیہ السلام کا رتبہ موسی علیہ السلام سی بڑہ کر ہی اور وہ رسول ہین اور عہد
جدید مین بعد مسیح علیہ السلام کی انبیاء برحق کا ذکر ہی اگر نبوت ختم ہو چکی تہی تو وہ
اور یہہ نبی کیسی ہوی اور وہ ورس جن مین اون انبیا کا ذکر ہی یہہ مین کتاب اعمال
باب ۱۱ ورس ۲۷ اون دنون کئی ایک نبی یروسلم سی انطاکیہ مین آئی اور اونمین سی
ایک نی روح کی ہدایت سی ظاہر کیا کہ تمام مملکت مین کال پڑیگا جو قلودیوس قیصر کی وقت
مین واقع ہوا شاہد دوم انجیل یوحنا کی پہلی باب مین ہی ورس ۱۹ اور یوحنا یعنی
حضرت یحیی کی گواہی یہہ تہی کہ جب یہودیون نی یروسلم سی کاہنون اور لاویون کو بہیجا
کہ اوس سی پوچہین کہ تو کون ہی اور اوسنی اقرار کیا اور انکار نکیا بلکہ اقرار کیا کہ مین
مسیح نہین ہون تب اونہون نی اوس سی پوچہا کیا تو الیاس ہی اوسنی کہا کہ مین نہین
ہون پس آیا تو وہ نبی ہی اوسنی جواب دیا نہین ۲۲ تب اونہون نی اوس سی کہا کہ تو
کون ہی تاکہ ہم اون کو جنہون نی ہمین بہیجا ہی کوئی جواب دین تو اپنی حق مین کیا
کہتا ہی ۲۳ اوس نی کہا مین جیسا یسعیاہ نبی نی کہا بیابان مین ایک پکارنی والی
کی آواز ہون کہ تم خداوند کی راہ کو درست کرو ۲۴ اور یہہ فریسیون کی طرف سی
بہیجی گئی تہی اور اونہون نی اوس سی سوال کیا اور کہا کہ اگر تو نہ مسیح ہی نہ الیاس
نہ وہ نبی پس کیون بپتسمہ دیتا ہی ۲۶ یوحنا نی جواب مین کہا مین پانی سی بپتسمہ دیتا
ہون پر تمہاری درمیان ایک کہڑا ہی جسی تم نہین جانتی ۲۷ یہہ وہ ہی جو میری پیچہی آنی
والا تہا اور مجہسی مقدم تہا جسکی جوتی کا تسمہ مین کہولنی کی لایق نہین ہون اور

Marfat.com

مسافرین [illegible] اور لوگوں میں [illegible]
تکرار تھی [illegible] ایک شخص اٹھا [illegible] تھی کہ میں [illegible] بلکہ [illegible]
انکار کرتا ہی [illegible] ورس [illegible] میں سی [illegible] کہا فی الحقیقت
[illegible] ۱۲ اور [illegible] مسیح [illegible] کہا کہ مسیح [illegible]
[illegible] بات نہیں کہ مسیح [illegible]
[illegible] اس شاہد [illegible] کہ اگر مسیح علیہ السلام [illegible]
[illegible] سوال [illegible] کیا گیا اور جواب [illegible]
[illegible] رسول مصطفی کی باقی تھی کہ وہ [illegible]
مشہور تھی کہ [illegible] ایام کی [illegible] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible] واسطے [illegible] اور [illegible]
[illegible] ختم ہو جاتی البتہ [illegible] ختم نبوت [illegible]
ہو گیا [illegible] مقدمہ ترجمہ [illegible] ۱۸۴۴ [illegible] دونوں
[illegible] باب [illegible] کی بشارت مثل [illegible] طرف اشارہ کیا
ہی [illegible] کوشش [illegible] امریکہ کی پادری [illegible]
اونکی [illegible] سے معلوم ہوا کہ وہ بشارت ان کی نزدیک بھی عیسی علیہ السلام کی
نہیں [illegible] ہی شاہد سیوم صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام [illegible]
باب کی ۲۲ ورس [illegible] اور [illegible] یروشلم کو ایک بشارت [illegible] ورس
ورس میں بشارت عیسوی [illegible] اور یہہ ورس ثابت کرتا ہی کہ حضرت مسیح [illegible]
کا وصف مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد ہی اور یہہ وصف [illegible]
پس یہ دونوں [illegible] آپ کی ذات پاک میں جمع ہوئی سوال [illegible]
باب [illegible] جھوٹے نبیوں سی خبردار رہو [illegible] تمہاری [illegible]

Marfat.com

وہی روز دو شنبہ تو ان پر یہ پیشین گوئی ہی اور اس وقت ایسا ہو کہ خداوند کا کلام اوس نبی پر جو اوسکو پھیر لایا تھا نازل ہوا ۲۱
اور اوس نبی نے اوس مرد کو جو یہودا سے آیا تھا پکار کے کہا خداوند یون فرماتا ہی اسلئے کہ تو نے خداوند کے کلام سے
نافرمانی کی اور اوس حکم کو جو خداوند تیرے خدا نے تجھے دیا تھا عمل نہ کیا ۲۲ بلکہ تو پھر آیا اور تو نے اوس جگہ جہان خداوند نے
تجھے فرمایا تھا کہ [illegible] روٹی کھائی اور پانی پیا سو تیری لاش تیرے باپ دادون کی قبر میں نہ پہنچیگی
۲۳ اور ایسا ہوا کہ جب وہ روٹی کھا چکا اور پانی پی چکا تو اوس نے اپنی گدھے پر اوس نبی کے لیے جسے وہ پھیر لایا تھا زین باندھا
[illegible] اور ایک شیر [illegible] اور اوسے مار ڈالا اور یہ بات [illegible] معلوم ہو جا کہ جو نبی خداوند کریم پر جھوٹ بولکر
[illegible] تو اوسکا انجام [illegible] نہیں کہ [illegible] وحی آئی ہو [illegible] کلمہ تخرج من افواههم ان یقولون الا
کذبا [illegible] سلاطین کی پہلی کتاب میں قصہ جھوٹ بولنے والا سو نبیونکا مذکور ہے اور اوسکا نتیجہ [illegible] کہ جہان جھوٹے
[illegible] اور اس [illegible] ایسا لفظ [illegible] نسبت [illegible] کو نہیں کہ جس سے [illegible] انبیا آتے تو [illegible]
[illegible] کہ [illegible] یہ [illegible] ہمارے دین [illegible] گستاخی کر کر
[illegible] نہیں دیا اور معبودونکا نام [illegible] تو وہ نبی قتل کیا جا اور [illegible] انبیا آتے تو نہیں [illegible]
[illegible] سلاطین کی کتاب [illegible] کہ اون جھوٹے نبی [illegible] بولا اور قتل نہو بلکہ [illegible] وحی کی تو [illegible]
[illegible] ہوگا اور جب [illegible] حال ہو تو یہ بھی جانچ رسو نبی اگر جھوٹے نبی ہوتے تو قتل ہوتے لیکن مقتول نہیں ہیں معلوم ہوا
[illegible] اور [illegible] جگہ یعنی [illegible] ایک [illegible] کا ہی ذکر ہے اور [illegible]
[illegible] جو بولا گو وہ صحیح صحیح بیان کیا حاصل یہ کہ انکی بائبل کی موافق بھی خدا پر جھوٹ بولا کرتے تھے
[illegible] حاجت تحریر ما بعد نہی چوتھی برہان موافق اقرار مسیحیان [illegible] ایلہامی [illegible] مقدم
[illegible] الہامی تھین [illegible] نکال ڈالا [illegible] مشہور کر دین [illegible] بعد اس اقرار کی اور اقرار کرانی کی
[illegible] پانچوین برہان فقط عہد جدید مین علما مسیحی [illegible] چالیس ہزار یا تیس ہزار
[illegible] عبارت [illegible] اقرار کرتی ہین [illegible] نہین سکتی کہ اصلی عبارت کونسی ہی اور اسیکا نام ہم لوگ تحریف
[illegible] مسلمات [illegible] یسعیاہ علیہ السلام کی کتاب مین باب ۲۴ ورس ۵ [illegible]
[illegible] عہد کو [illegible] کیا [illegible] عہد ابدی کو توڑا [illegible] نکال ڈالا اور [illegible]
[illegible] رہ گئی [illegible] خطا [illegible] کی خرابی کا ذکر [illegible] اظلم [illegible]

پہلی ان پانچ کتابوں کا جو عہد عتیق میں موسیٰ علیہ السلام کی طرف نسبت کرتی ہیں
اور شلہ ایک غلطی کہ کتاب کی مصنف بھی موسیٰ علیہ السلام کو ہی بتلاتے ہیں اور اب
دعوی اس امر کی ہیں کہ تمام جملے میں ایک حرف کم زیادہ کسی نے نہیں کیا جیسی مصنف نے لکھا تہا
ویسا ہی ہے اور حالانکہ اون ہی کتابوں کی پانچویں کتاب میں یعنی استثنا کے باب ۳۴ میں یہہ عبارت
ہی ورس ۵ سو خداوند کا بندہ موسیٰ خداوند کے حکم کے موافق مواب کی سرزمین میں مرگیا ٦
اور اوسنے اوسی مواب کی ایک وادی میں بیت فغور کے مقابل گاڑا پر آج تک کوئی اوسکی
قبر کو نہیں جانتا ہے اور موسیٰ اپنے مرنیکے وقت ایکسو بیس ۱۲۰ برس کا تہا کہ نہ اوسکی آنکھیں دہندلائیں
اور نہ اوسکی تازگی جاتی رہی ۸ سو بنی اسرائیل موسیٰ کے لئے مواب کے میدانوں میں تیس دن
تک رو دیا کئے اور اون کے رونے پیٹنے کے دن موسیٰ کے لئے آخر ہوئے ورس ۱۰ اب تک
بنی اسرائیل میں موسیٰ کے مانند کوئی نبی نہیں اوٹہا جس سے خداوند روبرو آشنائی کرتا
اور یہہ عبارت یقیناً ملحق ہے محرف کوئی کیوں نہو اور عہد قدیم میں بڑے سرکار اجن
پیدار احکام بھی پانچ کتابیں ہیں حالانکہ یہہ بھی محرف نکلیں اور بعد اونکے یشوع علیہ السلام
کی کتاب ہے اور اونکی کتاب کے بھی چوبیسویں باب میں اونکے انتقال کا حال لکہا ہے
باب ۲۴ ورس ۲۹ اور ایسا ہوا کہ بعد آن باتوں کے نون کا بیٹا یشوع خداوند کا بندہ جو
ایکسو دس ۱۱۰ برس کا تہا رحلت کر گیا اور اونہوں نے اوسی کی میراث کے سوانے میں تمنت سرہ
میں جو کوہ افرائیم کی اوتر طرف ہے اوسے دفن کیا الی آخر الباب اور بعد یشوع کے کتاب ججز
قاضیوں کی کتاب ہے اور ابتدا اوس میں مابعد یشوع کا حال مذکور ہے اور بعد اوسکے روت
کا قصہ ہے اور ان دونوں کتابوں کو حضرت سموئیل علیہ السلام کی طرف بے دلیل نسبت
کرلیا ہے اور حقیقت اسی قصہ روت کا انجیل میں داخل کرنا بہت بڑی دلیل تحریف
کی ہے اور بعد اوسکے حضرت سموئیل علیہ السلام کی دو کتابیں ہیں اور پہلی کتاب کی پچیسویں
باب کا شروع یہہ ہے اور سموئیل مر گیا اور ساری اسرائیل جمع ہوکے اوسپر روئے

Marfat.com

اور رامہ مین اوسکی گہر کرے اوسے گاڑا تو انکا بہی حال مثل اون کتابون کے جو یشوع
علیہ السلام کی طرف نسبت کرتے ہین ہوا اور بعد اونکے سلاطین کی دو کتابین ملاکر لکہی
ہین اونہین سلاطین بنی اسرائیل کا غالباً احوال مذکور ہے اور اونہین سے بہت سے
ہے اور اونہین کتابون مین حضرت داود علیہ السلام کی طرف نسبت زنا بحلیلہ جابرہ مذکور
اونہین مین ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے بیبیون کی خاطر بتخانے بنوائے
اور اونہین مین وہ قصہ جو اوپر مذکور ہوا یعنی جہوٹہ بولنا بوڑہی نبی کا مذکور ہے پس جب
یہہ قصے غلط ہین تو مدعا عدم اعتماد اور بیبل و وقوع تحریف ثابت ہے اور یا صحیح ہین تو تمام
انبیاء بنی اسرائیل کے قول و فعل کا اعتبار جاتا ہے مگر بموجب مثل مشہور اذا ابتلی ببلیتین فاختر
اہونہما آپ شق اول کو اختیار فرماوینگے خیر ہمارا مطلب تب بہی ہاتھ سے نہین جاتا
ان کتابون کے بعد عزرا علیہ السلام کی کتاب ہے اور اوسمین فقط بنی اسرائیل کے بابل
سے آنیکا بیان ہے اور اس اسیری مین وہ فقرہ یسعیاہ علیہ السلام کی کتاب کا نقل
ہو چکا تو یہہ کتاب بہی اوسی تحریف کی مثبت ہے اوسکے بعد نحمیاہ کی کتاب ہے اور اوسمین
بہی باقی اوسیکا بیان ہے اور اوسی تحریف کا مثبت ہے اور بعد ازان ایک قصہ صحیح نکلنی
یہود کا قتل ایک بادشاہ سے مذکور ہے اور اوسکے بعد ایوب علیہ السلام کی کتاب ہے
جسکو موسی علیہ السلام کی طرف نسبت کرتے ہین اور یہہ تحقیق نہین ہوا کہ ایوب اسم
فرضی ہے یا کوئی شخص بہی تہا اور بعد اوسکے زبور داود علیہ السلام ہے ہم زبور کو فقط
داود علیہ السلام کی ہی جانتے تہے یہ اور دونکو بہی اوسمین شریک تبلاتے ہین داود کو
زانی و فاسق و فاجر تبلاتے ہین مصرع جو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی بعد اوسکے
امثال اور واعظ کی کتاب اور غزل الغزلات یہہ تین کتابین ہین اور انکا مصنف
سلیمان علیہ السلام کو بتلاتے ہین اور معاذ اللہ تہا اور فاسق اور اوسکا اپنی خدا
کی طرف دل کامل نہ تہا انکی نسبت تحریر فرماتے ہین بعد ازان یسعیاہ علیہ السلام کی

Marfat.com

کتاب ہی اور اوس سے دہ ورس مثبت تحریف جیسٹی برہان مین نقل ہوچکا اور
بعد ازان یرمیاہ علیہ السلام کی کتاب اور نوحہ ہی اور بعد ازان حزقیل علیہ السلام
اور دانیل علیہ السلام کی دو کتابین ہین اور ان سب کتابون مین اکثر ذکر خرابی
بنوکد نصر کا ہی اور وہ خود سزای تحریف ہی تہی چنانچہ چیسٹی برہان سے ثبوت اس امر
کا ظاہر ہے انکے بعد اور انبیاء کی چہوٹے چہوٹے صحیفے ہین اور سا تہہ عدم عصمت
تبلیغی کی تمام انبیاء علیہم السلام متہم ہین اب تمام عہد عتیق تو غیر معتمد ظاہر ہوا عہد جدید
کا حال سنیے انجیل متی باب ۱۷ مین حواریون کی نسبت حضرت مسیح علیہ السلام کا ارشاد
یہہ مذکور ہے ورس ۱۹ تب شاگردونے الگ یسوع پاس آکے کہا ہم کیون اوسکو نہ
نکال سکے ۲۰ یسوع نے اونہین کہا اپنی بے ایمانی کی سبب کیونکہ مین تمہین سچ سچ
کہتا ہون کہ اگر تمہین رائی کے دانے کے برابر ایمان ہوتا تو اگر تم اوس پہاڑ سے کہتے
یہان سے وہان چلا جا تو وہ چلا جاتا اور کوئی بات تمہاری ناممکن نہوتی اور جسوقت
حواریون کا یہہ حال تہا تو تابعیون کا کیا کچہہ نہوگا اور ایسے شخصون کی تحریر کا کیا اعتماد
اور پہر پولس لاعن مسیح ہی اور یہودا اسکریوطی چند درہم لیکر اپنے استاد کو سولی دلانے
والا ہے اور پطرس بہی لاعن مسیح ہی حاصل کلام یہہ ہے کہ اس تقریر سے بہی بیبل غیر
معتمد ہوگیا وہو المطلوب سوال جسوقت بیبل ہی معتمد نہین پہر بشارت کا کیا اعتبار
جواب اس بیبل مین تین قسم کے مضمون ہین ایک وہ کہ جو قطعاً محال ہین مثل خدائی
ونسبت حضرت مسیح علیہ السلام وجواز کذب فی التبلیغ ونسبت تعمیر بتخانہ ہا بسلیمان
علیہ السلام وہ یقیناً دروغ اور یکتبون الکتب بایدیہم مین سے ہین اور تردید
انکی اللہ عز وجل نے کلام اللہ شریف مین فرمائی مثلاً تکذیب قصہ صلیب مسیح علیہ السلام
مین فرمایا وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لہم وکذا دوسرے وہ ہین کہ جنکی تصدیق
شریعت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم مین ہوگئی مثل تصدیق رسالت سیدنا موسیٰ وعیسیٰ و

Marfat.com

نبوۃ تا انبیاء آخر علیہم السلام بایں تشبیہ [illegible]

سوا نقل بشارت احمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہو جیسا کہ کلام الٰہی [illegible]

الفاظ منزل سے ہوں اور کہیں تحریف بھی ہو گئی ہو اور کوئی کتاب الٰہی [illegible]

نقل ہوئی اسمیں داخل ہی ہوئی ہوں گر وہ کلام نبوت ہو اور وہ معتمد سے [illegible]

تیسری قسم وہ امور ہیں کہ جن پر وہ تعریف صادق آتی ہے نہ یہ یعنی نہ ثبیان کو کسی

امر کی ہو تا کہ اسکا صدق و کذب اب معلوم ہو اور نہ ایسے امور ہیں کہ جنکی تصدیق یا تکذیب

اس شریعت میں ہوئی ہو وہ مسکوت عنہ ہیں ایسے امور کی نسبت کلام اللہ شریف

میں یہ ارشاد ہے (سورۂ بقر) قولوا آمنا باللہ وما انزل الینا وما انزل

الی ابراھیم واسمعیل واسحاق ویعقوب والاسباط وما اوتی

موسیٰ وعیسیٰ وما اوتی النبیون من ربھم لا نفرق بین احد منھم ونحن لہ مسلمون

اور بخاری شریف کی کتاب التفسیر کے باب قول اللہ تعالیٰ قولوا آمنا باللہ

وما انزل الینا میں نسبت ایسے امور کے یہ ارشاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا

مروی ہے عن ابی ہریرۃ قال کان اہل الکتب یقرءون التوریۃ بالعبرانیۃ ویفسرونہا

بالعربیۃ لاہل الاسلام فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تصدقوا

اہل الکتب ولا تکذبوھم وقولوا آمنا باللہ وما انزل الآیۃ

اور تخصیص ارشاد سرور رسل صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایسے مضامین کتب [illegible]

کی نسبت تکذیب وحی الٰہی کی امور قسم اول کو اور تصدیق قسم ثانی [illegible]

باب اول اس بیان میں کہ سیدنا محمد بن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

کی رسالت عامہ اور خاتم النبیین ہونا اور ان کتابوں [illegible]

[illegible]

کی اولاد میں ایک نبی کا پیدا ہونا [illegible]

صلی اللہ علیہ وسلم ہیں دلیل اول بشارت ابجدیہ کتاب پیدایش باب ۱۷ ورس ۲۰ اور
اسماعیل کے حق مین بہی مین نے تیری سنی دیکہ مین اوسے برکت دونگا اور اوسے بہت بڑہاونگا
اور اوس سے بارہ سردار پیدا ہونگے اور مین اوسے بڑی قوم بناونگا انتہی اس بشارت
سے کئی وجہ سے اپنا مدعا ثابت کرتا ہون پہلی وجہ اسمٰعیل علیہ السلام کے حق مین ابراہیم
علیہ السلام نے دعا کی اور گواہ اوسکا یہ جملہ اور اسماعیل کے حق مین بہی مین نے تیری سنی ہے
اور قبولیت دعا کی یہہ سند دی گئی اور ابراہیم علیہ السلام نے یہہ دعا اوسوقت کی
تہی کہ اونکو اسحاق علیہ السلام کی بشارت ان الفاظ سے ملی تہی کتاب پیدایش باب
۱۷ ورس ۱۵ اور خدا نے ابراہام سے کہا تیری جورو سری جو ہے تو اوسکو سری مت کہا کر
بلکہ وہ سرہ ہی یعنی بیگم ۱۶ - اور مین اوسے برکت دونگا اور اوس سے بہی تجہی ایک
بیٹا بخشونگا یقینا مین اوسے برکت دونگا اور وہ قومون کی ماہوگی اور ملکون کے
بادشاہ اوس سے پیدا ہونگے ۱۷ تب ابراہام منہ کے بل گرا اور ہنس کے دلمین کہا کیا
سو برس کے مرد کے بیٹا پیدا ہوگا اور کیا سرہ جو نوے برس کی ہے جنیگی ۱۸ - اور ابراہام
نے خدا سے کہا کاش کہ اسماعیل تیرے حضور جیتا رہے ۱۹ تب خدا نے کہا
بیشک تیری جورو سرہ تیرے لیے بیٹا جنیگی تو اوسکا نام اضحاق رکہنا اور مین اوس سے
اور بعد اوسکے اوسکی اولاد سے اپنا عہد جو ہمیشہ کا عہد ہی قائم کرونگا ۲۰ - اور اسماعیل
کے حق مین بہی تیری سنی الخ اور اس برکت مذکورہ ورس ۲۰ سے باتفاق بعثت انبیا و رسل
مراد ہے کما فی ما نحن فیہ اور اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے باتفاق محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے پہلے ایسا نبی جسکی یہہ بشارت ہو سکی کوئی مبعوث نہین ہوا اور نہ آپکے بعد ہو
پس بجز بعثت عام و خاص بعثت سید الرسل کی ہوئی وہو المطلوب - دوسری وجہ اس بشارت
میں جو اسماعیل علیہ السلام کے حق مین فرمایا کہ مین اوسے بڑی قوم بناونگا اور بشیر گوئی کی
خدا تعالیٰ نے جسکی بحیثیت ابدی ہو فرمایا کتاب یرمیاہ باب ۴۸ ورس ۴۰ جسطرح

Marfat.com

خدا نے سدوم اور عمورہ اور اوسکی نواحی کے شہروں کو اولٹ دیا خداوند کہتا ہے
اسی طرح کوئی آدمی وہاں نہ بسیگا نہ آدم زاد اوسمین رہیگا۔ اہم دیکھ ایک قوم
ایک بڑے گروہ اوتر سے آوی گی اور بہتیرے بادشاہ زمین کی سرحدوں سے بر پا کیے جاوینگے
اور بڑی قوم اور بڑے گروہ ہر دو ہم معنی ہین اور حضرت داؤد علیہ السلام نے ان خراب
کرنے والون بابل کو مبارک فرمایا زبور ۱۳۷ ورس ۸ ۔ اے بابل کی بیٹی جو خارتگر ہے
مبارک وہ جو تجھسے اوس سلوک کا جو تو نے ہمسے کیا انتقام لیوے ۹ مبارک وہ جو تیری
لڑکون کو پکڑکے پتہرون پر پٹک دیوے اور خرابی بابل بحیثیت ابدی بحیثیت بت شکنی
کہ جسکو جملہ پتہرون پر پٹک دیوے و بحیثیت قتل رجال وسبی نسا جس کو جملہ جو تیرے لڑکونکو بیان
کرے ہے زمانہ خلافت نبوت یعنی خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقت مین ہوئی پس
حضرت عمر خلیفہ برحق و مبارک اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رسول حق وہو المطلوب ۔
تیسری وجہ اس بشارت مین آپ کا نام پاک محمد کا بیان کیا ہے مگر بہ پردہ ابجد شعر
خوشتر آن باشد کہ سر دلبران ؛ گفتہ آید در حدیث دیگران ؛ بماد ماد اور لغوی عدول
مین نام پاک آپکا محمد اصل کتاب مین مذکور ہے اور ہندی مین بماد ماد کا ترجمہ بہت
بڑا ہو نگا ہی اور ترجمہ لغوی عدول کا بڑی قوم بنا ؤنگا ہے اور عین عبرانی مین جیم کی جگہ
ہے اور اوسکے تین عدد لیے جاتے ہین اظہار الحق مین ہے امام قرطبی نے اپنی کتاب
کی دوسری قسم کے پہلی قسم سے ذکر کیا ہے بعض اطباع نے جو زبان عبرانی سے
واقف تھے اور یہود کی کتابین بھی پڑھے ہین نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دو جگہ
عبارت مذکورہ سے بطرز ابجد و استعمال یہود نکالا ہے اول جگہ جدا سے اسکا پہلا
ترجمہ بماد ماد کا ہے اور اوس کلمہ کے عدد ۹۲ ہین اسلئے کہ با اور میم ۲ ۔ ۲ ۔ اور الف
اور دو دال ہین اور حاصل جمع انکا بارہ ہے اور عشرات مین دو میم ہین اور حاصل
جمع انکی ہے اور ان دونوں کا حاصل جمع بانوے ہین اور ایسے آپ کے نام پاک محمد

مین احاد کے عدد بارہ اور عشرات کے اسی اور مجموع اونکا وہی بانوین نکتہ
بیان احاد مین ذکر خلیفہ اثنا عشر کردیا جیسا آگے الفاظ مین ذکر فرمانیگے اور حضرت
کی اسم مبارک مین وہی رعایت رہی اور دونون جگہہ خلافت خلفاء اربعہ کے طرف
بہی اشارہ بحرف دال فرمادیا دوم شعب کبیر ترجمہ لغوی عدول کلمہ عبرانی کا ہے اور
غین سے یمن عدد سمجھیگا کہ اس بولی مین جیم نہین ہے جیم کی جگہہ عین ہی مستعمل ہے
اور اس مین احاد کی بائیس عدد اور عشرات کے ستر اور مجموع انکا وہی بانوی علیہ السلام
عالم یہود نے جو زمانہ سلطان مرحوم بایزید مین مشرف باسلام ہوا ایک رسالہ
مسمی بالرسالۃ الہادیہ تصنیف کیا ہے اور اوسمین اوسنے بیان کیا ہے بیشک
اکثر دلیلین علمای یہود کی جمل کبیر کے حروف سے ہین اور وہ حروف ابجد ہین
پس تحقیق علمای یہود جسوقت مین کہ سلیمان علیہ السلام نے بیت المقدس بنایا جمع
ہوی اور اونہون نے لفظ بزات کو حساب کرکے کہا یہہ عمارت چارسو دس برس
رہیگی اوسکے بعد خراب ہوجائیگی اور اوسینے ذکر کیا ہے کہ یہود نے اس دلیل ابجد پر
اسطرح اعتراض کیا ہے کہ بابماد ماد مین نفس کلمہ کی نہین ہے بلکہ حرف صلہ ہے پس
اگر نکالا جای اس سے اسم محمد حاجت ہوگی ساتھہ ایک اور باکی واین ذلک جواب
اس شبہہ کا اوسنے یہہ دیا ہے کہ قاعدہ عام اونکے یہان جاری ہے کہ وقت جمع ہوتے
دو باکی جسمین ایک جزو کلمہ ہو اور ایک زائد صلہ کی لئی ہو بارہ صلہ کو حذف کردیتے ہین اور
با نفس کلمہ کو باقی رکہتے ہین اور یہہ قاعدہ انکے یہان اتنا مشہور ہے کہ حاجت مثال دینکی نہیں
پس یہان بہی حقیقت مین دو باتہین ایک حرف صلہ اور دوسری جزو کلمہ یا حرف صلہ
کو حذف کردیا اور جزو کلمہ کو باقی رکہا پس اب حاجت اور باکی نہین رہی یہان تک
علیہ السلام کا کلام تہا پہر امام نے فرمایا اقول تحقیق تصریح کی علمای نے اس امر کے
ناموں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے … اور شفاء قاضی عیاض رحمہ اللہ مین

[illegible] سے اشتی مین لکہا [illegible]
مین بہی لکہا ابجد نام محمد [illegible]
[illegible]
[illegible] نام [illegible] عدد [illegible]
مین دیا اور ایک کا ف اور ایک میم [illegible] اشتی حاصل جمع وہی باقی [illegible]
مین اعداد ابجد کہان لگے گئے ہین کہ تو نے بیان [illegible] اب مجہ سے پہلے بہی [illegible]
عالم سلطنت روم نے فتح مصر مین جو سلاطین [illegible] اس سلطنت عثمانیہ [illegible] عدد
ایک کلمہ کی لیکر بشارت فتح مصر دیتا تہا اور وہ مطابق واقع کے نکلی اور [illegible]
ہوئی اور اس جگہہ مین تو خاص شاہ عبد القادر صاحب [illegible]
آیت کریمہ تہبا انک لتعلم ما نحن و ما نعلن مین لکہا ہے [illegible]
اولاد کیواسطے اور دلین دعا منظور تہی [illegible] الزمان [illegible]
[illegible] اور [illegible] رکہیا [illegible]
بارہ سو [illegible] پیدا ہونگے ہے پس واضح ہو کہ اس [illegible] کتاب [illegible]
بات مین مصداق اسکا فرزندان اسمعیل علیہ السلام کو قرار دیا ہے [illegible]
[illegible] کے درس [illegible] عبارت [illegible]
[illegible] اس فقرہ مین اشارہ طرف [illegible]
[illegible] قلب سلیم مصداق الا من اتی اللہ بقلب سلیم [illegible]
[illegible] اور [illegible]
صبح قاسمی قلب سلیم مین [illegible]
[illegible]
[illegible] قریش [illegible]

اور خلافت بہی گویا جزو نبوت ہی کہ تمامون ہی مین کبہی کسیطرح اور کبہی کسی روش سے
اوسکی طرف اشارہ فرماتے ہین اور کامون خلفار کو انکی ذات کیطرف نسبت کرتی
ہین اور اپنے کامون کو اونکے سپرد فرماتی ہین پس بعد تمہید مقدمہ ہذا میرے
نزدیک ان بارہ سردارون مذکورہ درس مذکورسے یہی بارہ خلیفہ مراد ہین اور اب
معنے اس کلام کے یہہ ہوئی کہ اول محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسماعیل علیہ السلام
کے آل شریف سے مبعوث ہون گے اور بعد اونکے بارہ خلیفہ بخلافت نبوت اور
خلافت ملکی کا کیا ذکر ہے اور یہہ خلفار بازمنہ مختلفہ تا قیام قیامت پورے ہوجائینگے
اور اگر باعتبار قوت اسلام و قرب زمانہ نبوت لیجے تو پوری ہو چکے والحمد للہ فائدہ
خلاصہ صولۃ الضیغم مین ان بارہ سردارون سے ائمہ اثنا عشر رضوان اللہ علیہم اجمعین مراد
لئے ہین مگر میرے نزدیک اس وجہ سے کہ اگرچہ سب ائمہ اثنا عشر قطب باطن ہین لیکن
خلیفہ ظاہر سب نہین ہین اور یہان لفظ سردار واقع ہے جو بمعنی سید ہے اور سرداری کو
حکومت لازم ہے ائمہ اثنا عشر مراد نہین ہین ورنہ فرزندان اسماعیل ع ہی کیون نہ مراد ہون ہان
اگر بطور عموم مجاز لیا جاوے تو تینون قسم کے سردار مذکور شامل ہو سکتے ہین دوسری دلیل بشارت
توریت سفر اول یعنی پیدائش باب ۲۱ درس ۹ - اور سرہ نے دیکہا کہ ہاجرہ مصری
کا بیٹا جو وہ ابرہام سے جنی تہی ٹہٹہے مارتا ہے ۱۰ تب اوسنے ابرہام سے کہا کہ اس
لونڈی اور اسکی بیٹے کو نکالدے کیونکہ اس لونڈی کا بیٹا میری بیٹے اضحاق کے
ساتہہ وارث نہوگا ۱۱ - پر اپنے بیٹے کے خاطر یہ بات ابرہام کی نظر مین نہایت
بری معلوم ہوئی ۱۲ پر خدا نے ابرہام سے کہا کہ وہ بات اس لڑکے کی اور تیری
لونڈی کی بابت تیری نظر مین بری نہ معلوم ہو ہر ایک بات [illegible] مین جو سرہ نے
تجہہ کہی اوسکی آواز پر کان رکہہ کیونکہ تیری نسل اضحاق سے کہلائیگی ۱۳ - اور اس
لونڈی کی بیٹے سے بہی مین ایک قوم پیدا کرونگا اسلئے کہ وہ بہی تیری نسل ہے

۱۴ ۔ تب ابرہام نے صبح سویرے اوٹھکر روٹی اور پانی کی ایک مشک لی اور ہاجرہ کو
اوسکی کاندہے پہ دہر کر دی اور اس لڑکی کو بہی اور اوسے رخصت کیا اور وہ روانہ ہوئی اور
بیر سبع کے بیابان مین بہٹکتے پہرتے تہی ۱۵ ۔ اور جب مشک کا پانی چک گیا تب اوس نے
اوس لڑکی کو ایک جہاڑی کے نیچے ڈال دیا ۱۶ ۔ اور آپ اوسکے سامنے ایک تیر کی ٹپے
پر دور جا بیٹھے کیونکہ اوسنے کہا کہ مین لڑکی کا مرنا نہ دیکہون سو وہ سامنے بیٹھی اور
چلا چلا کے روئی ۱۷ ۔ تب خدا نے اوس لڑکی کی آواز سنی اور خدا کے فرشتے نے آسمان سے
ہاجرہ کو پکارا اور اوس سے کہا کہ اے ہاجرہ تجہ کو کیا ہوا مت ڈر کہ اوس لڑکی کی آواز
جہان وہ پڑا ہے خدا نے سنی ۱۸ ۔ اوٹہہ اور لڑکے کو اوٹہا اور اپنے ہاتہ سے سنبہال
کہ مین اسکو ایک بڑی قوم بناونگا ۔ واضح ہو کہ یہ بشارت نسبت اسماعیل علیہ السلام کہ بواسطہ
دعای ابراہیم کے ان الفاظ سے ہے کہ مین اسے بڑی قوم بناونگا اور بشارت ہذا بہی نسبت
اسماعیل علیہ السلام کی ہے مگر بلا واسطہ اور کلمہ بڑی قوم یہان بہی موجود ہے اور تقریر اسکی
علی ما تقدم امۃ محمدیہ ہے وہو المطلوب تنبیہ مصداق اتمام جواب اوسکا یہانسے شروع ہو گیا
کہ باب ۲۱ کی یہ تیرہوین آیت ہے اور مین اس لونڈی کی بیٹی سے بہی ایک قوم پیدا کرونگا
اسلیے کہ وہ بہی تیری نسل ہے اور قوم اور بڑی قوم امت محمدیہ کے سوا اور کون ہے
اور اسی امت کا ساتہ برکت اسحاقی کے مقابلہ صحیح ہو سکتا ہے نکتہ بعد گذرنے
تیرہوین[۱۳] سن نبوت کے ہجرت ہوئی ہے اور اوسیوقت سے لفظ قومیت اہل اسلام
پر صادق آیا پس اسلیے تیرہوین ورس مین اس مضمون کو ادا کیا اور سن اٹہارہ[۱۸] نبوت مین
اہل اسلام ایک بڑی سی قوم بن گئی پس اس واسطے اس مضمون کو اٹہارہوین[۱۸] ورس مین ادا
فرمایا واللہ اعلم اور انشاء اللہ دلائل کثیرہ آیندہ اس نکتہ کا یقین حاصل کرادینگی تنبیہ
آخر اس بشارت مین تحریف بہی ہوئی ہے اور وہ بیان عمر حضرت اسماعیل علیہ السلام
کا ہے حقیقت کہ آپ زمین شام سے کعبہ شریف کو روانہ ہوئے اور دلیل اس دعوی سے خود اقرار

Marfat.com

مدعا علیہ ہے اورصورت اوسکی یہہ ہے کہ اسی پیدایش کے سترھوین باب مین ہی
تب ابرہام نے اپنے بیٹے اسماعیل اور اپنے سب خانہ زادون اور اپنے سب زرخریدون
یعنے ابرہام کے گہر کے لوگون مین جتنے مرد تہے سبکو لیا اور اوسی روز اونکا ختنہ کیا جسطرح
خدانے اوسکو فرمایا تہا ۲۳ اجسوقت ابرہام کا ختنہ ہوا وہ ننانوے ۹۹ برس کا تہا ۲۵ ا
اور جب اوسکے بیٹے اسماعیل کا ختنہ ہوا وہ تیرہ ۱۳ برس کا تہا ۲۶ ا- سو اوسی روز ابرہام اور
اوسکے بیٹے اسماعیل کا ختنہ ہوا ۲۷ ا- اور اوسکے گہر کے مرد کیا گہر کے پیدا کیا پردیسیون سے
خریدے سب کا اوسکے ساتہہ ختنہ کیا ان ورسون سے معلوم ہوا کہ جسوقت حضرت
ابرہیم کی ننانوے ۹۹ برس کی عمر تہی حضرت اسماعیل تیرہ ۱۳ برس کے تہے اور اب آگے
سنئے باب ۲۱ ورس ۵ ا- اور جب اوسکا بیٹا اضحٰق اوس سے پیدا ہوا تو ابرہام سو ۱۰۰
برس کا تہا تو اب حضرت اسماعیل کی چودہ ۱۴ برس کی عمر ہوئی اور رخصت حضرت اسماعیل
وحضرت ہاجرہ علیہا السلام کے بعد پیدایش اسحاق علیہ السلام کے بسبب ٹہٹہے مارنے
اسماعیل علیہ السلام کی ہوئی ہے پس لابد عمر حضرت اسماعیل علیہ السلام کی وقت رخصت
کے چودہ ۱۴ برس سے زیادہ ہوا اور اس بشارت توریہ سفر دوم مین ہے ورس ۱۵ ا- اور
جب مشک کا پانی چک گیا تب اوسنے اوس لڑکے کو ایک جہاڑی کے نیچے ڈالدیا
الخ ورس ۱۸ ا- اوٹہہ اور لڑکے کو اوٹہا الخ ان ورسون سے معلوم ہوتا ہے کہ
اسماعیل علیہ السلام وقت پہونچنے مکہ معظمہ کی عمر شیرخوارگی مین تہی پس صحت ان
دونون عبارت کی بجز تسلیم وحدت عدد چودہ ۱۴ اور دو ۲ کے نہین بنتی مان لو کیا حرج ہے
آخر مسئلہ تثلیث مین تین اور دو اور ایک مین باوجود مباینت حقیقیہ کی بھی وحدت
حقیقی کی قائل ہو گئی ہو تتمہ آخر اسی ورس ۱۸ اسکے بعد ہی ورس ۱۹ پہر خدا نے اوسکی
آنکہین کہولین اور اوسنے پانی کا ایک کنوان دیکہا اور جا کر اوس مشک کو
پانی سے بہر لیا اور لڑکے کو پلایا اور یہہ ورس ظہور آب زمزم کی بطور ارہاص ہوت

اسماعیل کی خبر دی ہے تنبیہ آخر اس ورس کے بعد ہی ورس ۲۰ خدا اوس لڑکے کے ساتھ
تھا اور وہ بڑھا اور بیابان مین رہا کیا اور تیر انداز ہو گیا اور یہہ ورس اسماعیل علیہ السلام کی
نبوت کو اور مضمون قدامت سنت تیر اندازی کو مثبت ہے تنبیہ آخر اس ورس کے بعد ہی
اور وہ فاران کے بیابان مین رہا یہہ جملہ بیان کرتے ہے کہ مکہ معظمہ کے نامون سے
فاران بہی ہے اس جملہ کے بعد ہی اور اوسکی مانی ملک مصر سے ایک عورت اوسکو بیاہنے کو لی
بظاہر یہان تحریف ہے اسلیئے کہ حدیث صحیح بخاری شریف مین قبیلہ جرہم کو آپ کی سسرال
بیان کیا ہے اور وہ عرب کر رہنے والے تہے نہ مصر کے فائدہ اس بشارت مین آیا ہی کہ تیری نسل اضحاق سے
کہلائیگی اور خطاب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہے اور یہہ فقرہ بظاہر موہم ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کی آل تم سے ہے الا اسماعیل ع
لہذا کہ ابراہیم علیہ السلام خارج ہوا اسلیئے اس فقرہ کے معنی بیان کرنی ضرور ہوی پس ظاہر ہے
کہ اسماعیل علیہ السلام ابراہیم علیہ السلام سے پیدا ہوے اسلیئے کہ سولہوین باب مین پیدائش
کی ہے اور سری ابرام کی جورو کوئی لڑکا نہ جنی اور اوسکی ایک مصری لونڈی تہی جسکا نام ہاجرہ
تہا ۲ - اور سرہ نی ابرام سے کہا کہ دیکہ خداوند نے مجہے جنے سے باز رکہا آپ میری لونڈی
کے پاس جائیئے شاید کہ اوس سے میرا گہر آباد ہووے اور ابرام نے سری کی بات سنی ۳ ہو
ابرام کی جورو سری نے بعد دس برس کے ابرام کنعان کی زمین مین رہتا تہا
اپنی مصری لونڈی لی کی اپنی شوہر ابرام کو دی کہ اوسکی جورو ہووے ۴ - اور وہ ہاجرہ کے
پاس گیا اور وہ حاملہ ہوئی اور جب اوس نے معلوم کیا کہ مین حاملہ ہون تو اپنی
بی بی کو حقیر جانا ۵ تب سری نی ابرام سے کہا کہ ناانصافی جو مجہہ پر ہوئی تیرے ذمہ
ہے مین نے اپنی لونڈی تجہے دی اور اب جو اوسنے اپنے آپ کو حاملہ دیکہا تو مین اوسکی
نظرون مین حقیر ہو گئی میرا اور تیرا انصاف خداوند کرے ۶ ابرام نے سری سے
کہا کہ تیری لونڈی تیرے ہاتہہ مین ہے جو تیری نگاہ مین اچہا ہو سو اوسکے ساتہہ کر
تب سری نی اوسپر سختی کی اور وہ اوسکے سامنے سے بہاگ گئی ۷ - اور خداوند کے

Marfat.com

فرشتے نے اوسی میدان مین پانی کے ایک چشمے کے پاس پایا یعنی اوس چشمے کے پاس
جو سور کی راہ پر ہے ۸۔ اور اوس نے کہا اے سری کی لونڈی ہاجرہ تو کہان سے
آئی اور تو کدہر جاتی ہے اور وہ بولی مین اپنی بی بی سری کے سامنے سے بہاگی ہون
۹۔ اور خداوند کے فرشتے نے اوس سے کہا کہ تو اپنی بی بی کے پاس پہر جا اور اوسکی
تابع رہ ۱۰ پہر خداوند کے فرشتے نے اوس سے کہا مین تیری اولاد کو بہت بڑہاؤنگا
کہ وہ کثرت سے گنی نہ جائے ۱۱۔ اور پہر خداوند کے فرشتے نے اوس سے کہا تو حاملہ
ہے اور ایک بیٹا جنیگی اوسکا نام اسماعیل رکہنا کہ خداوند نے تیرا دکہ سن لیا ۱۲ وہ وحشی آدمی
ہوگا اوسکا ہاتہ سب کا اور سب کے ہاتہ اوسکے برخلاف ہونگے اور وہ اپنی سب
بہائیون کے سامنے بود و باش کریگا پس اگر یہی آل اسماعیل کی آل ابراہیم سے ممکن نہین
البتہ نفی فضل و فخر کرین تو ممکن بالذات مگر اوپر یہ بشارات ممتنع بالغیر بشارت ایجد یہ لکہ رکہی
اور اس باب مین بشارت رسالت مستقلہ اس جملہ کے ساتہ اوسکا ہاتہ سب کے اور سبکے ہاتہ
اوسکے برخلاف ہونگے اور یہہ جملہ جیسی رسالت اسماعیل علیہ السلام پر دلالت کرتا ہے
ویسا ہی آپکی آل کے نسبت بہی یہہ خبر دیتا ہے کہ قیامت تک شریعت اونکی علیحدہ ہوگی
اور کوئی رسول بنی اسحاق اونکی طرف مبعوث نہوگا بلکہ رسالت رسل بنی اسرائیل کی بنی اسرائیل
کے ساتہہ ہی خاص ہوگی اور ایسے ہی ظہور اوسکا ہوا اور اس بشارت مین تحریف معنوی
کرکے لیتے یہہ معنی کہتے کہ اون کی اولاد رہزن ہوگی الضمان کی گردن مانی ہے اور
وجہ اوسکی یہہ ہے کہ اس بشارت مین اولاً و بالذات بیان حال بشر بہ یعنی اسماعیل
علیہ السلام کا ہے پس اگر اوسکے یہہ معنے ہون تو یہہ وصف رہزنی اونکے اوپر اولاً
و بالذات صادق آنا چاہیے اور یہہ صدق محال ہے کہ پیدائش کے اکیسوین باب
مین نسبت آپکے . . مذکور ہے ورس ۱۷ تب خدا نے اوس لڑکی کی آواز سنی
اور خدا کے فرشتے نے آسمان سے ہاجرہ کو پکارا اور اوس سے کہا اے ہاجرہ

Marfat.com

تجھکو کیا ہوا مت ڈر کہ اوس لڑکی کی آواز جہان وہ پڑا ہے خدا نے سنی ورس ۲۰ اور
خدا اوس لڑکے کے ساتھ تھا اور وہ بڑھا اور بیابان میں رہا کیا اور تیرانداز ہو گیا پہلی ورس میں
بیان ارہاص رسالۂ اسماعیلی ہے اور اس ورس میں آپ کے رسالہ کا بیان ہے اگر
رسول ہادی کو رہزن کہو گے تو مرسل خود سمجھ لے گا اور نیز اظہر من الشمس وابین من الامس
ہے کہ یہہ بشارت بیان بزرگی وکرامت حال ہاجر علیہا السلام کی ہے نہ بیان نقص و عیب فائدہ
حاصل اسوجہ سے کہ حق پوشی اہل کتاب مخلوق خدا کو بہکانے میں اور بشارات اسحاقیہ کو غلط
کرکے نبوت انبیاء اسرائیلیہ پر استدلال کرتے ہیں اور بشارات اسماعیلیہ کو در پردہ
تحریف چھپاتے ہیں اور بشارات مطلقہ کو جنہیں آل اسماعیل علیہ السلام بطریق اولیٰ داخل
ہیں گو اور بیٹوں ابراہیم علیہ السلام کی اولاد اس سبب سے کہ آپ نے اونکو اپنی زندگی
میں خارج کر دیا اور نیز کوئی بشارت بھی اونکے حق میں نہیں خارج ہوں بشارات
اسحاقیہ بتلاتے ہیں یہہ مناسب معلوم ہوا کہ بشارات مطلقہ علیحدہ اور بشارات اسحاقیہ
علیحدہ اور بشارات اسماعیلیہ علیحدہ کرکے افضلیت و مساوات وکمی بشارات اسماعیلیہ
اور اسحاقیہ میں گنکر لکھا دے تاکہ ناظر کو حق پوشی حق پوشوں کی معلوم ہو

بیان بشارات مطلقہ کتاب پیدایش باب ۱۵ ورس ۱۸ اوسی دن خداوند
نے ابراہام سے عہد کرکے کہا کہ میں تیری اولاد کو یہہ ملک دونگا مصر کی ندی سے
لیکر بڑی ندی تک جو فرات کی ندی ہے ایضاً باب ۱۷ ورس ۲ اب میں اپنے
اور تیرے درمیان عہد کرتا ہوں کہ میں تجھے نہایت بڑھاونگا ۳ تب ابراہام مونہہ
کے بل گرا اور خدا اوس سے ہمکلام ہو کر بولا ۴ کہ دیکھ میں جو ہوں میرا عہد تیرے ساتھ
ہے اور تو بہت قوموں کا باپ ہوگا ۵ اور تیرا نام پھر ابرام نہ کہلایگا بلکہ تیرا نام
ابراہام ہوگا کیونکہ میں نے تجھے بہت قوموں کا باپ ٹھہرایا ہے ۶ اور میں تجھے بہت برومند
کرتا ہوں اور قومیں تجھ سے پیدا ہونگی اور بادشاہ تجھ سے نکلیں گے ۷ اور تیری نسل

58593

Marfat.com

کے لیئے اپنا عہد جو ہمیشہ کا عہد ہے کرتا ہون کہ مین تیرا اور تیرے بعد تیری نسل
کا خدا ہونگا ۸ اور مین تجکو اور تیرے بعد تیری نسل کو کنعان کا تمام ملک جس مین
تو پردیسی ہے دیتا ہون کہ ہمیشہ کے لیئے ملک ہو اور مین اونکا خدا ہونگا ۹ پھر
خدا نے ابراہم سے کہا کہ تو اور تیرے بعد تیری نسل پشت در پشت میرے عہد کو نگاہ رکھین
۱۰ اور میرا عہد جو میرے اور تمھارے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان
ہے جسے تم یاد رکھو سو یہہ ہے کہ تم مین سے ہر ایک فرزند نرینہ کا ختنہ کیا جاوے
۱۱ اور تم اپنے بدن کی کھلڑی کا ختنہ کرو اور یہہ اوس عہد کا نشان ہوگا جو میرے
اور تمھارے درمیان ہے ۱۲ تمھاری پشت در پشت لڑکے کا جب وہ اٹھ روز کا ہو
ختنہ کیا جائیگا کیا گھر کا پیدا کیا پردیسی سے خریدا ہوا جو تیری نسل سے نہین ۱۳
لازم ہے کہ تیری خانہ زاد اور تیری زرخرید کا ختنہ کیا جاوے اور میرا عہد تمھارے
جسمون مین عہد ابدی ہوگا ۱۴ اور وہ فرزند نرینہ جس کا ختنہ نہین ہوا وہی
شخص اپنے لوگون مین سے کٹ جائے کہ اوس نے میرا عہد توڑا ایضاً باب ۱۸ اور
۱۷ اور خداوند نے کہا یہہ جو مین کرتا ہون کیا ابرہام سے چھپاؤن ۱۸ ابرہام تو
یقیناً ایک بڑی اور بزرگ قوم ہوگا اور زمین کی سب قومین اوس سے برکت
پاوینگی ایضاً باب ۲۲ ورس ۱۵ تب خداوند کا فرشتہ نے دوبارہ آسمان
پر سے ابرہام کو پکارا اور کہا کہ خداوند فرماتا ہے اسلیئے کہ تو نے ایسا کام کیا اور
اپنا بیٹا ہان اپنا اکلوتا بیٹا بھی دریغ نہ رکھا مین نے اپنی قسم کھائی کہ مین برکت
دیتے ہی تجھے برکت دونگا اور بڑھاتے ہی تیری نسل کو آسمان کے ستارون اور
دریا کے کنارے کی ریت کی مانند بڑھاؤنگا اور تیری نسل اپنے دشمنون کے دروازہ پر قابض
ہوگی اور تیری نسل سے زمین کی ساری قومین برکت پاوینگی کیونکہ تو نے میری
بات مانی پس یہہ چارون بشارتین ابراہیم علی نبینا وعلیہ السلام کے عموماً آل کی نسبت تھین

Marfat.com

نسبت وارد ہوتی ہین اور کسی بی بی کے اولاد کی انہین تخصیص نہین ہے اور جب سبب
اسکے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے زندگی مین اور حرمون کی اولاد کو علیحدہ کر دیا
تہا وہ بلاتفاق خارج ہوگئے فقط حضرت ہاجرہ اور حضرت سارہ علیہا السلام کی
اولاد باقی رہی اور انہین کے ساتہہ عہد وعدے پوری ہوے رسالۃ اور نبوت اور
سلطنت اور کثرت انہین مین ہوئی اور زمین کنعان بہی انہین کے قبضہ مین رہی
پہلے اسحاق علیہ السلام کی اولاد کی امت کے قبضہ مین رہی اور اب اسماعیل علیہ السلام
کی اولاد کی امت کے قبضہ مین ہے اور بسبب بجالانے اس امت کے شرط ختنہ اور توحید
کے اقرار رسالت نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ زمین جس مین شیرہ شہد بہتا ہے
ان شاء اللہ انہین کے قبضہ مین قیام قیامت تک رہیگی اور اللہ جل شانہ کے
نزدیک اسی طرف کی زمین کی کچہ قدر و منزلت ہے اور سلطنت اسی طرف کی
زمین کے قابل فخر و ناز عند اللہ ہے بیان بشارات اسحاقیہ کتاب پیدائش
باب ۱۵ جب آفتاب غروب ہونے لگا تو ابرام پر بڑی نیند غالب ہوئی اور
دیکہا ایک بڑی ہولناک تاریکی اوسپر آئی ۱۳ - اور اوس نے ابرام سے کہا کہ
یقین جان کہ تیری اولاد ایک ملک مین جو انکا نہین پردیسی ہون گے اور وہان کے
لوگون کے غلام بنین گے اور وے چارسو برس تک اونہین دکہہ دین گے ۱۴
لیکن مین اس قوم کی بہی جسکی وے غلام ہون گے عدالت کرون گا اور وے
بعد اوسکے بڑی دولت لیکے نکلین گے ایضا باب ۱۷ اورس ۱۵ - اور خدا
نے ابرہام سے کہا تیری جورو سری جو ہے تو اوسکو سری مت کہا کر بلکہ
اوسکا نام سرہ ہے یعنی بیگم ۱۶ - اور مین اوسے برکت دون گا اور اوس سے
بہی تجہے ایک بیٹا بخشون گا یقیناً مین اوسے برکت دونگا اور وہ قومون کی مان
ہوگی اور ملکون کے بادشاہ اوس سے پیدا ہون گے ۱۷ - تب ابرہام مونہہ

Marfat.com

تب ابرہام منہ کے بل گرا اور ہنس کے دل مین کہا کیا سو برس کے مرد کو بیٹا پیدا ہوگا اور کیا سرہ جو نوّے
برس کی ہے جنے گی ۱۸۔ اور ابراہام نے خدا سے کہا کاش کہ اسمعیل تیرے حضور جیتا رہے
۱۹ تب خدا نے کہا کہ بیشک تیری جورو سرہ تیرے لئے ایک بیٹا جنے گی تو اوسکا نام
اضحاق رکہنا اور مین اوس سے اور بعد اوسکے اوسکی اولاد سے اپنا عہد جو ہمیشہ
عہد ہے قائم کرونگا ۲۰۔ اور اسماعیل کے حق مین مین نے تیری سنی دیکھہ مین اوسے برکت
دونگا اور اوسے برومند کرونگا اور اوسے بہت بڑھاونگا اور اوس سے بارہ سردار
پیدا ہونگے اور مین اوسے بڑی قوم بناونگا ۲۱۔ لیکن مین اضحاق سے جسکو دوسرے
سال اس وقت مین سرہ جنے گی اپنا عہد قائم کرونگا۔ پہلی بشارت مین ذکر خدمت
کرنی بنی اسرائیل کا مصریون کی ہی اور اسیکو ساتھہ غلامی سلطنت کے تعبیر کیا ہے اور یہہ خدمت
بنی اسرائیل کی ساتھہ بیٹے اضحاق کی ہین خصوصیت رکہتی ہے اور ورس اخیر مین بنی
اسرائیل کی مصر سے نکلنے کا ذکر ہے اور نبوت اور رسالۃ وغیرہ کا مطلقاً ذکر نہین اور دوسری
بشارت مین گو سیاق عبارت اسحاق علیہ السلام کی واسطے ہی مگر کئی ورسون مین ذکر
اسماعیل علیہ السلام و آل اسماعیل علیہ السلام ہی ہوا چنانچہ بشارت اسجدیہ مین اوسکی تشریح
مذکور ہوئی اور اس بشارت اسحاقی مین کہین نبوت اور رسالۃ کا ذکر نہین اور اگر لفظ
برکت سے استدلال ہوگا تو وہ دونون جگہہ موجود ہے اور واسطے اوس شخص کے
جو اس حکم کو بجا نہ لاوے قوم سے کٹ جانے کا وعید مذکور ہی حالانکہ اس جگہہ معنی
ابدیت تمہارے نزدیک اپنے موقع پر نہی فکذا ما نحن فیہ اور باوجود ان سب امور
کے انہین دو بشارت سے استدلال نبوت انبیاء بنی اسرائیل کرتے ہین۔

بیان بشارات اسماعیلیہ کتاب پیدائش باب ۱۶ ورس ۱۰ پہر خداوند
کے فرشتہ نے اوس سے کہا کہ مین تیری اولاد کو بہت بڑھاونگا کہ وہ کثرت سے
گنی نجائیگی ۱۱۔ اور خداوند کے فرشتے نے اوس سے کہا تو حاملہ ہے اور ایک بیٹا جنے گی

Marfat.com

اوسکا نام اسماعیل رکہنا کہ خداوند نے تیرا دکہہ سن لیا ۱۲ اور وہ وحشی آدمی ہوگا
اوسکا ہاتہہ سب کے اور سب کے ہاتہہ اوسکے برخلاف ہونگے اور وہ اپنے سب بہائیون
کے سامنے بود وباش کریگا ایضاً باب ۲۱ ورس ۱۲ خدا نے ابرہام سے کہا کہ وہ بات
اس لڑکے اور تیری لونڈی کی بابت تیری نظرمین بری نہ معلوم ہو ہر ایک بات کی
حق مین جو سارہ نے تجہکو کہی اوسکی آواز پر کان رکہہ کیونکہ تیری نسل اضحاق سے کہلائی گی ۱۲
اور اس لونڈی کی بیٹے سے بہی مین ایک قوم پیدا کرونگا اسلیئے کہ وہ بہی تیری نسل
ہے ایضاً ورس ۱۷ تب خدا نے اوس لڑکی کی آواز سنی اور خدا کے فرشتے نے
آسمان سے ہاجرہ کو پکارا اور اوس سے کہا اے ہاجرہ تجہے کیا ہوا مت ڈر کہ
اوس لڑکے کی آواز جہان وہ پڑا ہے خدا نے سنی ۱۸ ۔ اوٹہہ اور لڑکے کو اوٹہا
اور اوسے اپنے ہاتہہ سے سنبہال کہ مین اوسکو ایک بڑی قوم بناؤنگا ۱۹ پہر خدا نے
اوسکی آنکہین کہولین اور اوسنے پانی کا ایک کنوان دیکہا اور جا کر اوس مشک کو پانی
سے بہر لیا اور لڑکے کو پلایا ۲۰ ۔ اور خدا اوس لڑکے کے ساتہہ تہا وہ بڑہا اور بیابان
مین رہا کیا اور تیرانداز ہوگیا ۔ ۲۱ ۔ اور وہ فاران کے بیابان مین رہا اور اوسکی
ماں نے ملک مصر سے ایک عورت اوسکے بیاہنے کو لی ایضاً باب ۱۷ ۔ ورس ۲۰ اور
اسماعیل کے حق مین بہی تیری سنی دیکہہ مین اوسے برکت دونگا اور اوسے برومند کرونگا
اور اوسے بہت بڑہاؤنگا اور اوس سے بارہ سردار پیدا ہونگے اور مین اوسے بڑی قوم بناؤنگا ایضاً باب ۱۷ ورس ۲۳
تب ابرہام نے اپنے بیٹے اسماعیل اور سب خانہ زادون اور اپنے سب زرخریدون
کو یعنے ابرہام کے گہر کے لوگون مین جتنے مرد تہے سب کو لیا اور اوسی روز اونکا
ختنہ کیا جس طرح خدا نے اوسکو فرمایا تہا جب وقت ابرہام کا ختنہ ہوا وہ ننانوی برس
کا تہا اور جب اوسکے بیٹے اسماعیل کا ختنہ ہوئے تب وہ تیرہ برس کا تہا ۔ بشارات
مطلقہ سے قطع نظر کر کے بشارات اسحاقی و اسماعیلی کو منزلین عدل مین رکہکر

نظر ڈالی اور دیکھئے کہ کس کا پلہ بھاری ہے بشارت اسحاقی مین ہے مین اوسے
برکت دونگا اور بشارت اسماعیلی مین ہے دیکھ مین اوسے برکت دونگا
اور برومند کرونگا الخ اس بیان برکت مین بشارت اسحاقی مین عموم برکت
کو اپنے عموم پر چھوڑا اور بشارت اسماعیلی مین اوس برکت کو بذات پاک محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خلیفون اثنا عشر کے شانہ مخصوص
کیا کما بینا ہ اور وجہ اوسکی یہ ہے کہ اولاد اسحاق علیہ السلام مین انبیا باکثرت
پیدا ہونے والے تھے پس کس کس کا نام لیتے اور یہان فقط پیدایش اکمل رسل
عظیم باعث ایجاد کل سید رسل صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدر تھی اور آپ کے خلیفہ اثنا عشر
بھی بہرہ ور نور نبوت سے مثل ستارون کے ہین اس سبب سے ایکا اور آپ کے
خلیفون کا ذکر فرمایا اور جو بشارت اسحاقیہ مین ہے مین اپنا عہد اوس سے اور
اوسکی نسل سے جو ہمیشہ کا عہد ہے قائم کرونگا معنے اسکے یہ نہین ہوسکتی
کہ اسحاق کے آل مین ہمیشہ نبوت رہی اسلئے کہ اوسکی بعد موجود ہے کہ اسماعیل کے
حق مینے تیری سنی دیکھ مین اوسے برکت دونگا الخ اور اس بشارت مین
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک محمد بھی مذکور کردیا اور نیز بشارات بھی ہویا
ختم نبوت کا محمد رسول اللہ صلی علیہ وسلم اسماعیلی قیداری پر ثابت ہے پر حضرت
اسحاق کی اولاد مین کسطرح نبوت ہمیشہ رہ سکے پس یا تو لفظ ہمیشہ اپنے معنی
مشہور پر نہین ہے بلکہ بمعنے مدت کثیر ہی اور یا لفظ عہد سے نبوت مراد نہین
ہے بلکہ بمعنے عہد ایمان نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے جسکا ذکر
صحف انبیاء علیہ السلام مین بہت جگہ ہے اور یعقوب علیہ السلام اور داود علیہ السلام
نے اپنی وفات کے وقت اوسکی ساتھ بنی اسرائیل کو جمع کرکے وصیت فرمائی اور
سیدنا مسیح علیہ السلام نے وقت رفع اوسکی ساتھ تاکید کی اور قرآن شریف مین

Marfat.com

بید جگہہ اسکا ذکر فرمایا ہے مگر دوام باعتبار رسالۃ نہو بلکہ باعتبار لقا ذات رسول او رعیسی
علیہ السلام ظہور علامات کبری قیامت زندہ رہین گے گو اوسوقت مین یعنے بوقت خروج
مسیح دجال رسول نبی اعظم رسل کے نہون گے بلکہ ایک امتی سرور رسل محمد رسول اللہ علیہ وسلم
کے ہون گے اور اس تقریر پر کوئی خدشہ نہین وارد ہوتا ہے نہ بشارات احمدی کی منافی
او نہ ظاہر لفظ ہمیشہ اور عہد کی مخالف بشارت اسحاقیہ مین یہہ دوام تھا جسکا مین نے بیان کیا بشارت
اسماعیلیہ مین او رہبی ہین مین اوسے ایک بڑی قوم بناونگا یہہ تو بمقابلہ عہد مذکور
ہی اور اوسکے سوا اوس لڑکی کی آواز جہان وہ پڑا ہے خدا نے سنی یہہ بیان
رہا ص رسالۃ اسماعیلی ہی خدا اوس لڑکی کے ساتھ تھا یہہ بیان رسالۃ اسماعیلی ہی تنبیہہ
حضرت اسماعیل علیہ السلام سبط اکبر ابراہیم علیہ السلام کو جیسا کہ قصہ ختنہ مین اور خاندان
سے علیحدہ ذکر فرمایا ہے یہی قاعدہ اس توریت مین ہر جگہہ مرعی ہے پس تخصیص فقرہ
تیری نسل اسحاق سے کہلائی گی نہ از روئے نسب ٹھیک نہ باعتبار حسب ورشتہ مگر ہان یہہ معنی
ہو سکتے ہین اور یہی یہہ ہین تیری نسل اسحاق سے کہلائیگی یعنے سلسلہ وار برابر
نبوت حقیقی سے یعنے نبوت آل اسحاق مین ہوگی لیکن زمانہ اخیر مین خاتم النبیین اور خاتم
الامم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اوسکے امۃ کو کرونگا اور یہہ مضمون اوس
ورس کا ہے جو اس فقرہ کے بعد ہے لیکن مین اوس لونڈی کے بیٹے سے بھی ایک قوم بناؤنگا
اور اس معنی پر نہ کوئی اعتراض وارد اور نہ کوئی خرابی فخر اسحاقی مین آوی انصاف وہی
ہی کہ اعطا کل ذی حق حقہ پر عمل ہو سوال حضرت اسماعیل سبط اکبر تھا بموافق قاعدہ
اکبریت کارخانہ نبوت اول خاندان اسماعیلی مین ہونا چاہیے تھا خاندان اسحاقی مین کیون
ہوا جواب مقتضای اکبریت یہہ ہی کہ حکم انکا مانا جاوے یعنے وہ حاکم ہون اور دوسرا او نکا
محکوم ہون پس اسصورت مین ضرور ہوا کہ شریعت حضرت اسماعیل علیہ السلام کا خاندان
کا کوئی محکوم بالذات ذی شریعت خاندان اسحاق کے [illegible]

یعنی سبط اصغر مین بہی نبوت ہونی چاہئی پس ان دونون لحاظ سے سبط اصغر کو مقدم کیا یعنی انکی اولاد کو اولاً کارخانہ نبوت عطا کیا اور سبط اکبر کو موخر تیغ اونکی آل حکم نسخ احکام شریعت خاندان سبط اصغر دیا و ہو عین الصواب **سوال** برای سبط اکبر کی مقتضی اس امر کی تہی کہ اونکی اولاد مین پیغمبر بکثرت ہوں پس ایک ذات پاک احمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کیون بس ہوا **جواب** سید المرسلین و خاتم النبیین اور ناسخ تمام ادیان ایکہی رسول ہو سکتا ہی اور چونکہ انبیا کی حفاظت مین بہی لگی تہی خداوند کریم نے حفاظت قران شریف اور دین احمدی کی اپنے ذمہ لی اور اجماع امت بہی قایم مقام ایک نبی کے ہی اور وہ نہین مریگا قیامت تک اللہ کی فضل سے زندہ ہی **سوال** غلام امامت نماز کی عہدہ امام نہین ہی اور نیز غلام کسی شی کا مالک نہین ہوتا خلیفہ عامہ نہین ہو سکتا نکاح وغیرہ تصرفات حریت بذات خود نہین کر سکتا اور حکم اولاد کا مثل اوسکی اصل کی ہوتا ہی پس اب غور سے سنیی کہ حضرت ہاجرہ لونڈی حضرت سارہ کی ہین اور اونکا حضرت سارہ کی لونڈی ہونا عند الفریقین مسلم الثبوت ہی اور حکم فرع کا مثل اصل کی ہوتا ہی یعنی اگر اصل غلام ہی تو غلام اور اگر ازاد ہی تو ازاد اور یہان اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کی اصل غلام نکلی تو فرع مین بہی یہ غلامی سرایت کر گئی اور تمام حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کو غلام اور باندی سارہ اور اونکی اولاد کا کر دی گئی نبوت تو نبوت لائق امامت نماز و خلافت وغیرہ بہی نہ رہی اور تمام فخر اکبریت کہو دیگی **جواب اول** یہ اعتراض جب وارد ہوتا ہی کہ ہاجرہ کا باندی اصطلاحی ہونا سب کے نزدیک مسلم ہو جاتا کیونکہ ہم کہتی ہین کہ ہاجرہ تو ایک امیر کی بیٹی ہین اور اس ظالم نے انکو بہی مثل سارہ کے چہین لیا تہا مگر عصمت الہی نے اونکو شیطان لعین سی محفوظ رکہا اور وہ اوپر قابو نہ پا سکتا تہا اور وقت رخصت کرنے سارہ کی انکو بہی آپکی ساتہہ کر دیا کہ اوس ظالم کے نزدیک مثل انکی سلوک معلوم ہوتی تہین اور تاریخ سمرقندی مین مذکور ہی کہ حضرت اسحاق علی نبینا و علیہ السلام نے ایک مرتبہ حضرت اسماعیل کو کوئی کلمہ حقارت کا سنا دیا تہا اسوقت وحی الہی سے یہ کل قصہ منکشف ہوا اور حدیث شریف مین اصدقہا ہاجر وارد ہوا اور اس لفظ مبارک سے عبدیت اصطلاحی لازم نہین آتی نہین تو یہان لفظ غلامی صراحۃً کو رہی

Marfat.com

وہان کیا ہوگا جواب دوم لکہو یہ باب مین کتاب پیدائش کی ہی ورس ۳ سو ابرام کی جورو سرہ نے اوسکی کہ ابرام کنعان کی زمین مین دس برس رہا تہا اپنی مصری لونڈی ہاجرہ کو لیکر اپنی شوہر ابرام کو دی کہ اوسکی جورو ہو اس ورس سے ثابت ہوا کہ سارہ علیہا السلام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حضرت ہاجرہ ہبہ کردین پس ملکیت سارہ علیہا السلام اوٹہہ گئی اور اگر یہہ نہوتا تو ہم بستری ممکن نہتھی نہ بغیر نکاح نہ بنکاح کہ بی بی کی لونڈی سے صحبت جائز نہین ہی بلکہ حرام ہی اور نیز نکاح بہی لونڈی سے حرہ پر جائز نہین البتہ اگر یہہ کہو کہ حضرت سارہ نے پہلے ہبہ کردیا اور پہر حضرت ابراہیم نے حضرت ہاجرہ کو اوسکو آزاد کیا اور پہر نکاح کیا تو ہو سکتا ہی اور ترجمہ فارسیہ مین ہی درس ۳ وسارہ زن ابرام ہاجر مصری کنیز خود را بعد از انکہ ابرام دہ سال در کنعان بسر برد بگرفتہ او را بابرام در نکاح درآورد اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بعد حمل ہاجرہ علیہا السلام کی حضرت سارہ سے یہہ کہنا کہ ہاجرہ تیری لونڈی ہی جو چاہی ادسے کر وہ باعتبار اصل کے ہی اور نیز موجب ہل جزاء الاحسان الا الاحسان کے سلوک کہ یہہ قول اپنی حقیقی معنی پر محمول نہین ہو سکتا کہ بعد آزادگی پہر غلامی کی کوئی وجہ نہین پائی جاتی پس یہہ اعتراض کہ حضرت ہاجرہ علیہا السلام کی اولاد سارہ علیہا السلام کی غلام ہوئی اصل سے اوٹہہ گیا اور اونکی آزادی بہی متحقق ہوگئی اور آزاد کی اولاد مین امامت اور خلافت جائز ہی فکذا الرسالۃ والنبوۃ اور بعد جواز رسالت حضرت ہاجرہ ع کی اولاد کی بشارات سے ایک رسول عظیم کا اونکی اولاد مین پیدا ہونا بعد اسماعیل ع کے واجب ہوگیا اور دلیل جواز رسالت آل معتق یہہ ہی کہ یعقوب ع کی بلہہ اور زلفہ سے جو بیبیان تہین اور یہہ دونون باندیان ہین اور اون چارون کی اولاد منجملہ اسباط اثنی عشر سے ہوئی مثل اورونکی کہ معرفہ منتظم گنی جاتی ہی اور اونسے عیب نبی کو کوئی معیوب نجانتا تہا لکن عینی ہانتا اور قصہ حضرت یوسف ع کا مشہور و معروف ہی اور فضیلت باطنی مین تو حضرت ہاجرہ شاید حضرت سارہ سے بہی آگے قدم رکہتی ہین اور کتاب پیدائش سے یہہ ظاہر ہی سوال تو ہاجرہ علیہا السلام بوجہ یہہ حضرت ابراہیم ع کی ملک ہو کر اونکی آزاد ہو کر سارہ علیہا السلام کی ساتہہ دم مساوات بہرنے لگین مگر آخر ان پر لفظ غلام سے تو الزام ہو گیا جواب لفظ غلامی ان پر کیا بطور پیشین گوئی تمام اولیاء بنی اسرائیل پر ہی

اگر رسالت اسماعیل علیہ السلام کی ہی بشارات سے ثابت ہی … سلمہ

Marfat.com

آگیا ہے کتاب پیدایش باب ۱۵ ورس ۱۲ — جب آفتاب غروب ہونے لگا
تو ابرام پر بڑی نیند غالب ہوئی اور دیکھو ایک بڑی ہولناک تاریکی اوسپر آئی ۱۳
اور اوسنے ابرام سے کہا یقین جان کہ تیری اولاد ایک ملک مین جو اونکا نہین پردیسی
ہونگے اور وہان ان سب کے لوگون کے غلام بنین گے اور وے چارسو برس تک
اونہین دُکھ دینگے یہہ ذکر خدمت فرعون و ہامان کا ہے جو بنی اسرائیل نے مصر مین رہکر
کی اور لفظ غلامی یہان موجود ہے اور اب بوجہ غضب بر غضب معاملہ برعکس ہوا
اور بشارات مین اسکا بہی ذکر ہے تیسری دلیل بشارت مثلیہ کتاب استثنا
باب ۱۸ ورس ۱۵ خداوند تیرا خدا تیرے لئے تیرے ہی درمیان سے تیرے ہی
بہائیون مین سے میری مانند ایک نبی برپا کریگا تم اوسکی طرف کان دہریو ۱۶ اوس
سب کے مانند جو تو نے خداوند اپنے خدا سے مجمع کے دن مانگا اور کہا کہ ایسا
نہو کہ مین خداوند اپنے خدا کی آواز پہر سنون اور ایسی شدت کی آگ مین پہر دیکہون
تاکہ مین مر نہ جاؤن ۱۷ اور خداوند نے مجہے کہا اونہون نے جو کچھ کہا سو اچہا کہا ۱۸
مین اونکے لئے اونکے بہائیون مین سے تجہسا ایک نبی برپا کرونگا اور اپنا کلام
اوسکے منہ مین ڈالونگا اور جو کچھ مین اوسے فرماؤنگا وہ سب اونہین کہیگا
۱۹ اور ایسا ہوگا کہ جو کوئی میری باتونکو جنہین وہ میرا نام لیکر کہیگا نہ سنیگا
تو مین اوسکا حساب اوس سے لونگا ۲۰ لیکن وہ نبی جو ایسی گستاخی کرے کہ
کوئی بات میرے نام سے کہے جسکے کہنے کا مین نے اسے حکم نہین دیا اور جو اور معبودون کے نام سے
کہے تو وہ نبی قتل کیا جاوے ۲۱ اور اگر تو اپنے دل مین کہے کہ مین کیونکر جانون
ابیض مشرب اور دوسری روایت مین ابیض مشرب بحمرۃ آپکی جسم مبارک کی رنگت کی بیان مین
وارد ہوا اور ابیض مشرب بحمرۃ اسی ہی کہتی ہین جو سرخ و سفید ہو یعنی سپیدی مین سرخی
جہلکتی ہو اور نیز مدارج النبوت مین ہی نسائی شریف مین ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ ایک روز
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی صحابہ مین تشریف رکہتی تہی ایک بدو نی پوچہا ابن عبد المطلب
کہان ہین عبد المطلب کی بیٹی یعنی حوالہ اللہ عز وجل کی رسول مین صحابہ نی کہا ہذا الامغر المرتفق یہ سرخ
و سفید مین جو تکیہ کیی ہوی بیٹہی ہین قاموس مین ہی امغر وہ شخص ہے کہ جسکی چہرہ کی سپیدی پر
سرخی جہلکتی ہو اور سیدنا عیسی علیہ السلام کا رنگ مبارک بہت ہی سرخ تہا شعر رنگ زرد ما افتخار

Marfat.com

تھا سپیدی اور کچھ سرخی کی سات ؛ انکی چہری کی چمک کچھ اور تہی اور رنگت مین نمک کچھ اور تہی

بیان حسن احمدی غزل الغزلات باب ۴ دیکھہ ای میری جانی تو شکیل ہی دیکھہ تو [illegible]

اس رسل مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حسن کا بیان ہی اور در حقیقت حسن ظاہری [illegible]
آپکا تمام عالم کی حسن سی بڑھا ہوا تھا اسلیئی کہ سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سی آپکی حسن کی بیان مین
روایت ہی لم ار قبلہ و لا بعدہ مثلہ نہین دیکھا مینی پہلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی
اور نہ بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آپکا مثل اور نظیر یعنی حسن و خوبصورتی مین
اور براء بن عازب رضی اللہ عنہ حسن احمدی کی بیان مین روایت ہی ما رایت من ذی لمۃ
فی حلۃ حمراء احسن من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان الشمس تجری فی وجہہ نہین دیکھا مینی
کسی سرخ جوڑی والی کو جسکی کانون کی لوتک بال ہون رسول اللہ صلی اللہ علیہ [illegible]
زیادہ خوشنما گویا کہ سورج آپکی چہرہ مبارک مین پہرتا تھا اور جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ آپکی
حسن کی بیان مین فرماتی ہین رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی لیلۃ اضحیان و علیہ حلۃ حمراء
فجعلت انظر الیہ الی القمر فہو عندی احسن من القمر چاندنی رات مین سرخ جوڑا پہنی ہوی
مین نی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا بیس تھا مین کہ دیکھتا تھا مین آپکو اور چاند کو [illegible]
آپ میری نزدیک چاند سی زیادہ خوشنما تھی اور اس حدیث کا اس رباعی مین ترجمہ کیا
رباعی در حلہ سرخ دیدم او را شب ماہ ؛ در ماہ و در او چو نیک کردیم نگاہ ؛ حسن رخ آن [illegible]
ز حسن قمر بود خدا ہست گواہ ؛ اور حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا نی آپکی حسن [illegible]
کہا ہی کہ زنان مصر نی حضرت یوسف صدیق علیہ السلام دیکھکر اپنی ہاتھ کاٹ لیی تہی [illegible]
حبیب کو کہین دیکھہ پاتین تو اپنی دلونکو ٹکری ٹکری کر [illegible] شعر ای زلیخا میری یوسف [illegible]
اپنی یوسف کی [illegible] سرکٹتی ہین او میرا انگلیان ؛ **بیان قامت** [illegible]
غزل الغزلات باب ۵ [illegible] اوس ہزار آدمیونکی درمیان وہ جھنڈی کی مانند [illegible]
ورس ۱۵ اوسکی قامت لبنان کی سی ہی وہ خوبی مین رشک سرو ہی باب [illegible]

Marfat.com

یہ تیری قامت تاڑ کی مثال ہی یعنی حضرت مسیح علیہ السلام کی قد مبارک کی بیان مین حدیث
معراج شریف مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہی کلمہ ربعہ آیا ہی اور ربعہ
میانہ قد کو بولتی ہین اور سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ نی قد مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو
فوق الربعہ بیان فرمایا ہی یعنی آپکا قد مبارک میانہ قد سی کچھ بلند تھا پس آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم اور مسیح علیہ السلام کی قد مین فرق ہوا اگرچونکہ یہ فرق قلیل تھا اور شاید مخاطبین پر
مشتبہ ہوتا اس لیئی اس سی سکوت فرما کر ایک اور معجزہ قامت مبارک کا بیان کیا اور وہ آپکی ہی
قامت شریف کی ساتھ خاص ہے اور مسیح علیہ السلام کی قامت مبارک مین نہین پایا گیا ہے
اور فرمایا وہ دس ہزار آدمیونکی درمیان جھنڈی کی مانند کھڑا ہوتا ہی یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی قامت زیبا کا یہ اعجاز ہوگا کہ اگر ہزارون آدمیونکی درمیان آپ ہونگی تو اون سب سی
آپکا ہی قد مبارک اونچا ہیگا اور بلند نظر آویگا اور درحقیقت آپکی قامت مبارک کا یہی حال تھا
کہ کوئی اُس سی بلند نہین ہوسکتا تھا اس لیئی کہ سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نی روایت کی ہے
لیس بالذاھب طولاً و فوق الربعۃ اذا جاء مع القوم غمرھم ترجمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
بہت لانبی نہ تہی مگر میانہ قد سی آپکا قد مبارک بلند تھا اور آپ جب قوم مین تشریف رکہتی تو انکو
ڈھانپ لیتی یعنی آپ انسی بلند نظر آتی اور وہ پست اور کوتاہ دکھلائی دیتی اور ایسی ہی ام المومنین
سیدتنا عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ نی بیان کیا ہی کہ اگر آپ تنہا ہوتی میانہ قد نظر آتی
اور قوم مین منسوب بطول ہوتی اور اگر دو آدمیونکی درمیان ہوتی تو دونوں سی بلند نظر آتی
اور مجلس مین دونوں شانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اونکی شانون سی بلند اور اونچی
ہوئی رہتی تہی اور ساتوین باب کا یہ جملہ تیری قامت تاڑ کی مثال ہی اسی مضمون کو ادا کرتا ہی
یعنی جیسی کوئی درخت تاڑ کی برابری نہین کرسکتا ہی ایسی ہی کسی اور کا قد مبارک محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی برابری نہین کرسکیگا **بیان عظم جسم مبارک** اور جملہ اوسکی قامت
لبنان کی سی ہی عظم اور فربہی اور قامت جسم مبارک کو بیان فرمایا ہی لبنان ملک شام مین

ایک بہادری اور بزرگی ساتھ تشبیہ دینی سی معلوم ہوا کہ آپ قوی الجثہ اور عظیم الجثہ
ہونگی اور در حقیقت آپ عظیم الجثہ تھی چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہوا ہی بیان استقامت قامت
مبارک کا اور یہ پانچویں باب کا یہ جلوہ خوبی میں رشک سرو تھی آپکی قامت مبارک کی راستی کو
بیان فرماتا ہی اور آپکا قد مبارک ہمیشہ سیدھا رہا تھا یعنی آپ باعتبار راستی قامت مبارک کے

شجرہ ... علی قد شریف — وہ میانہ معتدل موزون لطیف — ان درازی ...
قد تھا ... بحد اعتدال — قامت رعنا کا یہ اعجاز تھا — ہم نشینوں وہ قد سے ...
جس جگہ ہوتی تھی شاہ نامور — جلوہ فرما مسند ارشاد پہ — محفل عزت میں ...
ہم نشیں ہوتی وہ بالا آپ تھی — رباعی — آن سرو کہ سر کشید بود از گلشن راز — بودست میانہ قد ...
... — داریم بخاک قدمش روی نیاز

بیان سر مبارک

ساتویں باب میں ہی تیرا سر تجھ کرم کی مثل ہی قلعوں کے ایک قلعہ ہی دریای شام کی کنارے
اور اس تشبیہ سی عظمت اور بزرگی سر مبارک کی ثابت ہوتی ہی اور در حقیقت
آپ عظیم الہامہ تھی یعنی آپکا سر مبارک بڑا اور بزرگ تھا اور حلیہ ابن ابی ہالہ وصاف نبی
صلی اللہ علیہ وسلم میں یہ لفظ وارد ہوا ہی اور پوری حدیث یہ ہی عن الحسن بن علی رضی اللہ
عنہما قال سألت خالی ہند بن ابی ہالہ وکان وصافا عن حلیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وانا اشتہی
ان یصف لی منہا شیئا اتعلق بہ فقال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فخما مفخما یتلألأ وجہہ
تلألؤ القمر لیلۃ البدر اطول من المربوع واقصر من المشذب عظیم الہامۃ رجل الشعر ان انفرقت
عقیقتہ فرقہا والا فلا یجاوز شعرہ شحمۃ اذنیہ اذا ہو وفرہ ازہر اللون واسع الجبین ازج الحواجب سوابغ
فی غیر قرن بینہما عرق یدرہ الغضب اقنی العرنین لہ نور یعلوہ یحسبہ من لم یتأملہ اشم کث اللحیۃ سہل الخدین
ضلیع الفم مفلج الاسنان دقیق المسربۃ کان عنقہ جید دمیۃ فی صفاء الفضۃ معتدل الخلق بادن
متماسک سواء البطن والصدر عریض الصدر بعید ما بین المنکبین ضخم الکرادیس انور المتجرد موصول
ما بین اللبۃ والسرۃ بشعر یجری کالخط عاری الثدیین والبطن مما سوی ذلک اشعر الذراعین والمنکبین

Marfat.com

واعالی الصدر طویل الزندین رحب الراحة شثن الکفین والقدمین سائل الاطراف او قال شائل الاطراف
خمصان الاخمصین مسیح القدمین ینبو عنهما الماء اذا زال زال قلعا یخطو تکفیا ویمشی هونا ذریع المشیة
اذا مشی کانما ینحط من صبب واذا التفت التفت جمیعا خافض الطرف نظره الی الارض اکثر من نظره
الی السماء جل نظره الملاحظة یسوق اصحابه یبدر من لقی بالسلام روایت کی امام باصفہانی نے

حسن سبط رسول مجتبائی
کیا مینے سوال اوس باخبر سے
بیان کر کچھ تو حال جد امجد
تھا بس ہند نے یون مجھ سے اوسدم
دو نین ہی بزرگ و نامور تھے
میانہ کب قد خیر الوریٰ تھا
غرض گم کیفیت مین کی یہان راہ
بزرگی تھی سر عالی مین پیدا
کچھ اک ژولیدگی لیکن بہم تھی
اگر از خود نہ بال اونکی بکھرتے
گذرتی نرمہائی گوش سے تھے
مقوس دونون ابرو تھے مقوس
نہ تھی پیوستگی آپس مین اونکو
میان ابروان اک رگ ہویدا
کہ تھی نور و نکی شعلہ جس سے توام
جو کوئی ذی تامل دیکھتا تھا
بھلا تشبیہ دون مین کس سے اونکو

کہ ہند بن ابی ہالہ میرا خال
خبر دی حلیۂ خیر البشر سے
غرض میری یہ تھی سنکر وہ احوال
رسول اللہ تھے فخیم مفخم
تجلی روی انور کی نہ پوچھو
میانہ بن سے بھی وہ قد جدا تھا
قد و بالا کا تھا اونکی یہ عالم
نہایت حسن مع زونی ہویدا
بکھرتی تھی جو فرق پاک پر بال
تکلف سے نہ ہرگز فرق کرتے
درخشانی کا عالم رنگ مین تھا
مقدس دونو ابرو کے مقوس
عجب خمدار و باریک و مطول
بہت ہوتی غضب کے وقت پیدا
معلی بینی خیر البشر تھی
بلندی کا گمان ہوتا تھا پیدا
بزیبائی کشادہ وہ دہن تھا

رسول اللہ کا تھا واصف حلیہ
کہ ہون مشتاق ان باتون کا جد
کرون جو ہو سکی اسناد اعمال
نگاہون مین وہ یعنی خوش سیر تھے
قمر ہو جسطرح سے چودہوین کو
اگر کوتاہ کبھی تھا نہ کوتاہ
میانہ سے دراز طول سے دیکھ کے
خم و پیچ عیان بالون مین کم تھی
دو فرقہ اونکو کردیتے تھے ولیکن
بحال وفرہ تھے گر بال اونکے
کشادہ تھی جبین عالم آرا
باندازِ مناسب طاق ابرو
بخوبی طاق تھا تانی ہوا تک
کہون کیا جذابینی کا عالم
باندازِ بلندی جلوہ گر تھی
ملایم آپ کی رخسار نیکو
کشادہ وہ دہن تھا اور زیبا

Marfat.com

کہون دانتون کا کیا وہ حسن سادہ
اوچا سینی سی تہا تا ناف گلبو
[illegible] مقا یعنی وہ گردن تہی ایسی
[illegible] خود مناسب اور زیبا
شکم سینہ صفائی مین برابر
[illegible] استخوان مین تہی بزرگی
گلوی پاک سی تا ناف والا
[illegible] سی تہا صاف [illegible]
وہ اونکی صدر عالی کی بلند
کشادہ تہی کف دست مصفا
کشیدہ تہین وہ انگشتان [illegible]
کہ [illegible] اونگلیونکی تہی بزرگی
کف پا مین [illegible] تہی یہ خوبی
[illegible] پای مبارک نرم [illegible]
[illegible] جب [illegible] آپ [illegible]
[illegible]
[illegible] تہی [illegible] یہ [illegible]
[illegible] تہی حضرت [illegible]
زمین [illegible] تہی [illegible]
[illegible] تہا [illegible]
[illegible] ارشاد فرماتی تہی حضرت [illegible]

سپید و صاف آیینہ کشادہ
بوصف گردن شاہان [illegible]
بشکل نقرہ با نور و ضیا تہی
بخوبی تہی تنا در فخر عالم
نگر سینہ عریض و تہین [illegible]
بدن جو کچہ کہ کہلا پوشاک سی تہا
خط مو تہا کہ جا باریک زیبا
کلائی دو نو شانی اور بازو
خط مو سی رکہی تہی [illegible]
بزرگی اوس کف پا مین عیاں تہی
لقب ہی سائل الاطراف جنکا
یہاں جو سائل شایل کو لا
[illegible] رہتی تہی [illegible] مین [illegible]
[illegible] زمین سی [illegible]
قدم کو اپنی برکندہ [illegible]
ہوا یہہ حال ہی وارد [illegible]
بلندی سی [illegible] پستی
بہت [illegible] تہی [illegible]
[illegible] کم بہرہ و [illegible] بصر سے
بیان کرتا ہی راوی بعد اسکے
[illegible] آگے کرکے [illegible]

دقیق المسربہ یعنی خط مو
تہا [illegible] شکل [illegible]
تہون کیا عضو عضو اونکی بدن کا
تمامی عضو تن [illegible]
فراخی دونون شانون [illegible]
درخشندہ وہ نور [illegible] سی تہا
سوا اسکی شکم [illegible]
[illegible] تہی بزیب [illegible]
طویل [illegible] دونون دست [illegible]
نمایان [illegible] قد [illegible]
تہا یا شایل الاطراف [illegible]
ہو تہا [illegible] مگر [illegible]
[illegible] وصف [illegible]
کہ پانی [illegible]
اونہین ہوتا [illegible]
کہ جسدم آپ جاتی تہی رفتار
اونہین جب [illegible]
[illegible] باطن [illegible]
تامل سوچ تہا کہ [illegible]
کہ جب [illegible] آپ [illegible]
عجب خلاق تہی [illegible]

Marfat.com

کہ ہون مخدوم بہی خادم آگے　　سنو طور عادت مصطفی کی　　کہ ہوتا جو کوئی اونسی ملاقی
جناب پاک کرتی اوسکو خوشگام　　بتقدیم سلام دین اسلام　　رباعی آن سرکہ نزد محو خوش اسلوب بود
گوئی کہ سپہر عالم خوبی بود　　المختصر آن دلبر شیرین حرکات　　سر تا بقدم جلوۂ محبوبی بود

بیان موی سر مبارک باب ۴ ورس ۱ تیرا بال بکریون کے گلی کی مانند ہی جو کوہ جلیعاد پر بیٹھی ہین باب ۵ ورس ۱۱ اوسکی زلفین پیچ در پیچ ہین اور کوّوی کی سی کالی ہین باب ۷ ورس ۵ تیری سر کا بال ارغوانی مانند ہی بادشاہ تیری کاکلون سی اٹکا ہی ان جملون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سر مبارک کے بالون کا بیان ہے **بیان کمیت موی شریف** باب ۴ ورس ۱ تیرا بال بکریون کے گلی کی مانند ہے جو کوہ جلیعاد پر بیٹھی ہین اس ورس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے موی مبارک کو بکریون کی گلی کے بالونکی ساتھہ تشبیہ دی یعنی کثرت و قلت مین اور اس تشبیہ سے کثرت موی مبارک کا پتا ملا اور درحقیقت محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سر پر بال بہت زیادہ چنانچہ بخاری شریف کی کتاب الغسل مین یہہ حدیث مروی ہے اور اس سے کثرت موی مبارک کا حال معلوم ہوتا ہے باب من افاض علی راسہ ثلثا عن ابی جعفر قال قال لی جابر اتانی ابن عمک یعرض بالحسن محمد بن الحنفیۃ قال کیف الغسل من الجنابۃ فقلت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یاخذ ثلث اکف فیفیضہا علی راسہ ثم یفیض علی سائر جسدہ قال الحسن انی رجل کثیر الشعر فقلت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اکثر منک شعرا روایت ہی ابو جعفر سے کہا اوسنی کہا مجہہ سے جابر نے آیا میری پاس تمہاری چچا کا بیٹا تعریض کرتے تہی ساتہہ حسن محمد بن الحنفیہ کے کہا اوسنے کیونکر ہی غسل جنابت سے پس کہا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم لیتی تہی تین دہونگر پانی پس ڈالتی تہی اوسکو اپنی سر پر پہر بہاتی تہے اوپر تمام بدن کے پس کہا حسن نے تحقیق مین ایک مرد ہون بہت بالون والا کہا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجہسی زیادہ بالون والے **بیان کیفیت واسطی ڈر ولید گی موی شریف** باب ۵ ورس ۱۱ اوسکی زلفین پیچ در پیچ ہین اس ورس مین آپکی زلفون کو پیچدار بیان کیا اور اس سی معلوم ہوا کہ آپکی بال مبارک سیدہی نہ تہے

بلکہ گہونگریالے ہونگے اور ساد مین کچھ ژولیدہ ہی ہوگا اور درواقعی اپکی سرمبارک کے بال
ایسی ہی تھے اسلیئے کہ حدیث مذکور ابن ابی ہالہ کی جعد ہی بیچ بین الشعر آیا ہے اور بعض روایتون
جعد رجل آیا ہے اور مطلب ان دونون روایت کا ہ واحد ہے یعنی آپکی بال گہونگریالے تھے
لیکن نہ بہت زیادہ بلکہ اسی قدر تھی کہ جبسے زلفون مین پیچ پڑجاسکے اور مسیح علیہ السلام
سرمبارک کے بال سبط تھی یعنی بالکل سیدھی تھے اور انہین ژولیدہ پن نہ تھا
اور گہونگر بالے نہ تہو چنانچہ حدیث شریف مین وارد ہوا ہے بیان زلف رسول
صلی اللہ علیہ وسلم باب ۵ درس او سکی زلفین پیچ پیچ ہین اس درس سے معلوم
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چہرہ مبارک پر زلف پڑی ہوئی ہونگے اور رات و دن
ایک جگہ جمع ہونگے اور درواقعی آپکی زلفین چہوٹی رہتی تہین اور جسدن ملاقات عاشق
کعبہ شریف سے ہوی اوسدن چار زلفین آپکی چہوٹی ہوئی تہین اور کانون کی لو اور
اور شانون تک بال جناب نے چہوڑی ہین اور بمقابلہ غیر اقوام کے کہ وہ اس طریقہ
بال نہین رکہتی تینو صورتون پر اطلاق زلف صحیح اور درست ہے بیان رنگت
موی شریف عالم طفولیت و شباب باب ۵ درس اوسکی زلفین پیچ در پیچ ہین اور کوے
لی سی کالی ہین اس جملہ کی جزو اخیر سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طفولیت
و شباب مین رنگت سرکی بالون کی مثل کالی بہوندکوی کی سیاہ ہوگی اور درواقعی
آپکی سرکے بالون مبارک کی یہی رنگت تہی اور مفسرین کے نزدیک والضحی واللیل
اذا سجی مین ضحی چہرہ مبارک ہے اور لیل سیاہ زلف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی ہے اور ساتوین باب کا یہہ جملہ بادشاہ تہری کاکلون سے الجہا ہے اسی قسم ای کی
خبر دی رہا ہے اور اسجگہہ بادشاہ سے بادشاہ حقیقی مالک الملک اللہ عز و جل مراد ہے
اور انکا گویا کہ ہم منی قسم کہانیکی ہے اور مسیح علیہ السلام کے بال لڑکپن سے بڑے
اور سرخ ہونگی کہ اوس ملک والون سے ایسے ہی بال رہتے ہین چنانچہ مفصلہ ...

اس بیان مین کہ اب ہمیشہ سر پر بال رکھین گے اور بغیر ضرورت حلق نکرائین گے
باب ۵ ورس او سکا سر جیسا چوکیا سونا اور اوسکی زلفین پیچ در پیچ ہین اور کووی کی
کالے ہین اس ورس مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بالون مبارک کا ذکر ہے
اور بیان حلیہ نبوی ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ بلا ضرورت حلق نکرائین گے
اور بال رکھنے ہی مسنون ہونگی اور واقعی انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمیشہ سر پر بال تہے
آپنے بغیر ضرورت شرعی یا بدنی حلق نہین کرایا اور امت کو بہی مسنون سر پر بال رکھنی ہین
حلق رخصت ہے اور سید نا علی کرم اللہ وجہہ کے کلام عادیت سے بہی مفہوم ہوتا ہے
کہ اصل یہی ہے کہ سر پر بال رکھی جاوین اور دلیل اسکی حلق وقت حج ستر ہی کہ بجائے ذبح ہے
اسلیے کہ در ضرورت عدم بجا اوری وہی فدیہ ذبح قایم مقام اوسکی ہو جاتا ہی اور اس درس سے
یہ بہی معلوم ہوتا ہے کہ انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بال عقیقہ مین حلق نکرائے جائین گے
اور یہہ ارہاص نبوت سے ہوگا کہ اللہ نے ذبح للاصنام آپکی عقیقہ مین ہونی دیا اور واقعی اونکا
عقیقہ نہین ہوا تہا اور اللہ جل جلالہ اپنی حبیب کو اس سے محفوظ رکھا کہ آپ سے عقیقہ مین
ذبح لغیر اللہ ہوا اور آپنے حجۃ الوداع مین تریسٹہ ہدی اپنی ہاتہہ مبارک سے ذبح کین اور یہ ایسا
عقیقہ کیا کہ ہر سال عمر کے بدلے ایک ہدی اللہ کے نام پر ذبح کی اسقدر قربانی اپنی ہاتہہ
مبارک سے ذبح کین اور باقی کی ذبح کا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حکم لیا کہ اونکو ذبح کرو
اور اسوجہہ سے کہ قربانی اصل مین قایم مقام ذبح اپنی یا اپنی اولاد کے قربانی
دبلی اور عیب دار نا جایز ہوی اور بنی اسرائیل کی توریت مین عیب دار قربانی
کی بہت مذمت کی ہے اور شرح بشارت مین بیان اسکا آگیا ہے اور اسوجہہ سے
اس امت مین عیب دار قربانی نا جایز شمار کی گئی بیان پنجم یہہ ہے کہ عالم
شیب مین آپکی بالون مبارک کی کیا رنگت ہوگی سپید ہو جائینگے......

Marfat.com

سرخی اوپر غالب ہوتا ملا ہی پس پانچوین باب مین اس بیان مین یہہ جملہ وارد ہوا ہی
اوسکا سر ایسا جیسا چوکہا سونا اور ساتوین باب مین یہہ جملہ آیا ہی تیری سر کا بال
ارغوانی مانند ہی اور ان دونون جملون سی معلوم ہوتا ہی کہ بڑہاپی مین آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی سر مبارک کی بال مبارک فقط سرخ ہی ہونی پائینگی اور سپیدی
غالب ہونیکی نوبت نہ پہونچی گی اور درحقیقت اخیر عمر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی سر مبارک کی بالون پر سرخی ہی غالب ہوگئی تہی اسلئی کہ شمائل ترمذی مین ابی رمثہ
سے روایت ہی کہ وہ کہتی ہین کہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر
ہوا اور مینی دیکہا کہ آپکی سر مبارک کے بال بڑہاپی سی سرخ ہوگئی تہی اور سرخی
اوپر غالب ہوگئی تہی رباعی (آن موی کز و مشک ختا شد روپوش + آید دل
دیوانہ زیادش بخروش + پیدا شدہ خم و پیچ خندان بسیار + تا نرمہ گوش بود بلکہ
تا دوش +) شعر سر کی بالونکا کچہ عالم اور تہا + گیسوی خمدار کا خم اور تہا +
تہی فقط سیہ ہی نہ تو سپید وہ بال + تہی قرین با جمال اعتدال + عنبر پرورد
مشکین بال ستہرہ + نور خوبی سی چمکتے بال تہی + **بیان آنکہون مبارک
کا** اور آنکہون مبارک کی صفت مین مکاشفات یوحنا کی باب (۱۹) ورس (۱۲)
مین ہی اوسکی آنکہین آگ کی شعلہ کی مانند تہین اور اس کتاب کی چوتہی باب کی ورس (۲)
تیرے آنکہین تیری چادر کی بیچ کبوترون کی سی ہین اور پانچوین باب کی
ورس (۱۲) مین ہی اوسکی آنکہین اون کبوترون کی مانند ہین جو لب دریا دودہ
مین نہا کی تمکنت سی بیٹہتی ہین اور ساتوین باب کی ورس (۴) مین ہی تیری
آنکہین اون کنڈون کی مثل ہین جو حسبون مین بت ربین کی پہاٹک ... ہین
پس ظاہر ہی کہ چوتہی باب مین خانہ کعبہ شرفہا اللہ کی محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی
آنکہون مبارک کو کبوترون کی آنکہون کی ساتہ تشبیہہ دی ہی نہ نفس کبوترون

ساتھہ۔ پس پانچوین باب مین بہی وہی تشبیہہ مراد ہوگی اسلئی کہ ایک شی کا دونون جگہہ بیان ہے یعنی آپکی آنکھون مبارک کو کبوتر کی آنکھون کی ساتھہ تشبیہہ ہوگی نفس کبوتر کے ساتھہ اور مضاف محذوف ہوگا اور قرینہ اسکا وہی ہی کہ چوتھی باب مین اسکی تصریح موجود ہی پس پانچوین باب کی تقدیر ایسہ عبارت ہوگی اوسکی آنکھین مانند کبوترونکی آنکھونکی مانند ہین اور پہر کبوترون کی آنکھین کئی قسم کی ہوتی ہین لیکن صورت اطلاق مین فرد کامل مراد ہوتا ہے اور پہر قرینہ تشبیہہ بہی موجود ہی اسلئی کہ اس تشبیہہ سی عمدگی کا بیان کرنا منظور ہی اور عمدہ آنکھین کبوترونکی موتی چور ہوتی ہین اور موتی چور اون آنکھون کو کہتی ہین کہ جنمین سرخ ڈوری ہوتی ہین پس اس سی معلوم ہوا کہ خانہ کعبہ کی محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھین موتی چور ہونگی اور اونمین سرخ ڈوری ہونگی اور درحقیقت آپکی آنکھین موتی چور تہین اور اونمین سرخ ڈوری تہی اسلئی کہ آپکی آنکھونکی وصف مین اکثر روایات مین اشکل آیا ہے اور بعض روایات مین اشہل آیا ہی اور اشکل ایسی آنکھہ کو کہتی ہین کہ جسکی سپیدی مین سرخ ڈوری ہون اور اشہل اوس آنکھہ کو کہتی ہین کہ جسکی سیاہی مین سرخ ڈوری ہون اور ایسی دونون قسم کی آنکھون کو موتی چور کہتی ہین اور بعض روایات مین جو آپکی آنکھون مبارک کی صفت مین ادعج آیا ہی اور ادعج اوس آنکھہ کو کہتی ہین کہ جسکی سیاہی گہری ہوتی ہو وہ اس ایت اخیر کی مخالف نہین ہی بلکہ موافق ہی اسلئی کہ سیاہی مین جہان سرخ ڈوری نہ تہی وہان سیاہی عمدہ تہی اور کبوتر کی آنکہون کی سیاہی بہی بہت ہی زیادہ ہوتی ہی اور ساتوین باب کی اس جملہ مین تیری آنکھین اون کنڈون کی مثل ہین آنکھون مبارک کو حوضون کی ساتھہ تشبیہہ دینی سے معلوم ہوا کہ آپکی آنکھین بزرگ اور بڑی اور ترو تازہ ہونگی اور واقعی آپکی آنکھین مبارک بڑی اور ترو تازہ تہین اسلئی کہ سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ

Marfat.com

روایت ہی کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عظیم العینین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی آنکھیں مبارک بڑی تہیں شعر کیا بیان ہو خوبی چشم سیاہ ✤ آیت مازاغ ہی گواہ ✤
تہی سفیدی اور سیاہی درمیان ✤ سرخ ڈوری اوسمیں شاخ گلستان ✤ تہا سپید او سیاہی کا یہ حال
تہیں ہم دونوں بحد اعتدال ✤ اشکل العینین بہی وارد ہوا ✤ وصف چشم حضرت خیر الوری ✤
اشہل العینین بہی مذکور ہی ✤ وصف میں اوسکی کہ عین حور ہی ✤ الغرض القصہ جو وصف مال ✤
چشم خوبان جہان کا جمال ✤ وہ سبہی اوصاف بی حد و بیان ✤ عین محبوب خدا میں تہی عیان ✤
اور ان سب سی زیادہ وصف خاص ✤ چشم حضرت سی رکہتا اختصاص ✤ یعنی وہ چشم مبارک دلپذیر ✤
نور و تاریکی میں تہی یکسان بصیر ✤ دیکہتی ہیں لوگ جو وقت سحر ✤ تیرہ شب میں آپکو آتا نظر ✤
دوسرا ایک اور یہ اعجاز تہا ✤ چشم پاک صاحب اعجاز کا ✤ پیش منظر آپ جیسا دیکہتی ✤
پیٹھہ کی پیچہی بہی ویسا دیکہتی ✤ سائبان چشم وہ مژگان دراز ✤ سر فراز جلوہ گاہ امتیاز ✤
مردم عین حیا کیون اسطی ✤ سائبان مژگان کی ہی آراستی ✤ رباعی
رخشان چو مہ چاردہ وجہ منیر ✤ در سلسلہ جعد دل خلق اسیر ✤ ملک و ملکوت صید آن چشم سیاہ ✤
ابرو چو کمان کشیدہ مژگان چون تیر ✤ **بیان بینی مبارک** اور بینی مبارک کی بیان میں
ساتوین باب میں ہی میری ناک لبنان کی برج کی مثال ہی جو دمشق کی رخ ہی
اس جملہ میں سیدنا محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بینی مبارک کو برج کی ساتہہ
تشبیہ دی اور برج درمیان سی بلند ہوتا ہی پس اس تشبیہ سی معلوم ہوا کہ محبوب
خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بینی مبارک درمیان سی بلند ہوگی اور حقیقت میں بلند
تہی اسلئی کہ ابن ابی ہالہ وصاف بینی صلی اللہ علیہ وسلم نی آپکو اقنی العرنین بیان
اور اقنی العرنین اوس شخص کو کہتی ہیں جسکی ناک درمیان سی بلند ہو رباعی
مانند الف کشیدہ بود آن بینی ✤ در نور و ضیا شمع برونگزینی ✤ بود آن ✤
دانیش بنظارہ نور حق بینی ✤ شعر بینی وممتاز پر نور و بلند ✤ باکمال خوبی ارجمند ✤

Marfat.com

یکتا جو تی تامل کن کرے ÷ اوسکو وہ بہنی بلند اتی نظر ÷ بی نہایت پرنہ تہی یعنی بلند ÷
اعتدال سے ... سی تہی ارجمند ÷ وہ جو ظاہری بلندی دور سے ÷ مشتعل تہی ارتفاع نور سی ÷

بیان رخسارہ محبوب الٰہی صلی اللہ علیہ وسلم ۔

اس بیان مین چوتھی باب کی ورس (۳) مین ہی۔ تیری رخسارہ تیری چادر کی نیچے آدہی انار کی مانند ہین۔ اور پانچوین باب کی ورس (۱۳) مین ہی اوسکی رخسارے پہولو کی چمن اور بلسان کی ابہری ہوئی کیاری کی مانند ہین۔ پس چوتھی باب مین رخسارہ مبارک کو انار کی ٹکڑا ہی کے ساتہ تشبیہ دی ہی اور حدیث ابن ابی ہالہ وصاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین چاند کی ساتہ تشبیہ دی ہی اور دونون تشبیہون سی مقصود واحد ہی جو رخسارون مبارک کا تر و تازہ اور سرخ و نورانی ہونا ہی اور وہ حدیث یہہ ہے یتلالؤ وجہہ تلالؤ القمر لیلۃ البدر ۔ آپکا چہرہ مبارک روشن اور تابان تہا مثل چودہوین رات کی چاند کی اور ہدیۃ الاسلام مین آپکی نسبت لکہا ہی رخسار سرخ تہی اور پانچوین باب مین رخسارہ مبارک کو کیاری کی ساتہ تشبیہ دی تہی معلوم ہوا کہ رخسار مبارک ڈہلی نہونگی بلکہ ابہری ہوئی ہونگے اور حقیقت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رخسار مبارک ایسی ہی تہی اسلئے کہ حدیث ابن ابی ہالہ مین سرور عالم کی نسبت سہل الخدین واقع ہوا اور سہل الخدین اوسکو کہتی ہین جسکی رخسارہ ڈہلی نہوون اور بہت ابہری ہوئی بہی نہوون

بیان لب مبارک محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

اس بیان مین پانچوین باب مین ہی ورس (۱۳) اوسکی لب سوسن ہین جنسے بہتا ہوا مر ٹپکتا ہی اور چوتھی باب مین ہی (۳) تیری لب ایسے جیسے قرمزی ڈوری ہین۔ پس پانچوین باب مین لبون مبارک کو سوسن کی ساتہ تشبیہ دی اور سوسن کے دو قسم ہین۔ آزاد اور اسمار آزاد سپید ہوتا ہی اور اسما آسمانی رنگ اور چوتھی باب مین لبوان مبارک کو قرمزی ڈوروں کے ساتہ تشبیہ دی اور سرخ رنگ سے

سے سرخ ریشم رنگتی ہین پس ان دونون تشبیہون سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ج
کی لب مبارک باریک و نرم و ملایم ہونگی اور اوداہٹ بھی اوسمین ہوگی اور تشبیہ
سوسن ابرسار کی ساتھ ہے اسلئے کہ محبوبان عالم کی لبہ کا یہی رنگ ہوتا ہے۔
خصوصاً اہل عرب کی اکثر ایسی ہی لب ہوتی ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی لبون مبارک مین یہہ سب اوصاف ہونگی اسلئے کہ مدارج النبوت مین بحوالہ
اوسط طبرانی کی نقل کیا ہے کہ لب اور دہن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
تمام بشر سے افضل تھی اور یہہ ایسا کلمہ جامع ہے کہ اوصاف مذکورہ کو مع شئی زاید
شامل ہے بیان دہن مبارک محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اوس
ذکر مین چوتھی باب مین ہے تیرا مونہہ خوب تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت
ضلیع الفم وارد ہوا ہے چنانچہ حلیہ ابن ابی ہالہ در اوصاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین
یہہ لفظ وارد ہے اور ضلیع الفم اسی کہتے ہین جس شخص کا مونہہ کشادہ ہو پس آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کا دہن مبارک کشادہ تھا اگر یہہ کشادگی خوبی اور عمدگی کی ساتھ تھی
اسلئے کہ بحوالہ مدارج النبوت منقول ہو چکا ہے کہ طبرانی نی اوسط مین روایت
کی ہے کہ لب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور دہن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی تمام بشر سے عمدہ تھی **رباعی** وسعت دہنش کرد دلم شیدا ولیکن + تنگی دہانت نقش کرد بر
گلستان + تا در احادیث فشاندہ بسیار + شیرین دہن نگار ما بوعشق گستاخ + **شعر**
تھا کشادہ وہ دہان با صفا + اوسکی اوصاف مین ضلیع الفم کہا + وہ تنگ تھا کس خوبی کی ساتھ
حسن و زیبائی و اسلوبی کی ساتھ + وہ دہان دلربا مثل کلی + خوشنما تھا خوشنما تھا خوشنما +

بیان خانہ کعبہ کی محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی دانتون مبارک کا

اور آپکی دندان مبارک کی صفت مین چوتھی باب مین فرمایا ہے۔ تیرا دانت بھیڑون
کی گلی کی مانند ہین جنکی بال کتری گئی اور جو نہا کر نکلتی ہین ہر ایک دو دو

Marfat.com

بچی جنی ہی اور دو تین سی ایک تھا یا بچہ نہین ہی اس ورس مین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی دندان مبارک کو بھیڑیون کی دانتون کی ساتھہ تشبیہ دی
اور مانند انکی سپیدی اور چمک ہی اور در حقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
دندان مبارک سپید اور چمکدار تھی اسلئے کہ حدیث ابن ابی ہالہ مین آپکی دندان
مبارک کی صفت مین کلمہ اشنب وارد ہوا اور اشنب دانتون کی رونق اور تر و تازگی
کو لوستے ہین اور پھر دانت سی مدلول دانت یعنی سال عمر مراد لیکر بیان عمر رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا اور فرمایا جنکی بال کتری گئی یعنی اگر عمر رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو اے شخص تو دریافت کرنا چاہی تو ہر دانت کو ایسی بھیڑ فرض کر جسکی بعد
پیدا ہونیکی بال کتری گئی ہون اور جب بھیڑ کا بچہ پیدا ہوتا ہی تو ایک سال گذرنیکی
بعد اوسکی بال کترتی ہین چنانچہ گڈریون سی یہہ امر تحقیق کیا گیا ہی اور دانت
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بتیس تھی تو بتیس ۳۲ برس یہہ ہوگئی اور پھر ہر ایک انمین سے بھیڑ
کی واسطے دو حمل بھیڑ کی مدت جو برس روز ہی ثابت کر تو بتیس ۳۲ برس اور ہوئی
اور بتیس ۳۲ کو بتیس کی ساتھہ ملانی سی چونسٹھہ برس ہوتے ہین اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی عمر بعض روایات کی موافق تریسٹھہ برس کی ہوئی ہی اور تریسٹھہ قمری
کو اگر شمسی بناو تو وہی چونسٹھہ کی قریب ہونگی اور کسور کو ایسی مواضع مین
نہین لیا کرتی ہین واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم بیان خانہ کعبہ کی محبوب
صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن مبارک کا اور گردن مبارک کے
بیان مین ساتوین باب مین ہی ہی تیری گردن ہاتھی دانت کی برج کی مانند ہی اور
چوتھی باب مین ہی ہی تیری گردن ایسی جیسے کہ داود کا برج جو سلاح خانی کی لئی
بنا ہی اوسپہ ہزار ہیسان لٹکائی گئین ہین وی سبکی سب پہلوانون کی سپرین ہین
اس ورس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن مبارک کو ہاتھی دانت کی برج

کی برج کی ساتھ تشبیہ دی ہی اور حدیث شریف مین گردن مبارک کو ہاتھی دانت کی
بت کی گردن کی ساتھ تشبیہ دی اور وہ حدیث ابن ابی ہالہ ہی اور الفاظ اسکی
یہ ہین۔ کان عنقہ جید دمیۃ فی صفاء الفضۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن
مبارک چاندی کی مثل صفائی مین ہی اور خوبی مین ہاتھی دانت کی بت کی گردن
کی مانند تھی اور چونکہ آپکی گردن مبارک بھاری تھی اسوجہ سے اوسی برج کی ساتھ
تشبیہ دی ہی رباعی آن گردن روشن چو سراج وہاج ✽ ہرگز نبود گہی چنین بر خراج
زیبا و لطیف در صفا نقرۂ خام ✽ چو گردن آن بت کہ تراشند ز عاج ✽
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تام الاذنین تھی یعنی پورے کانون والے
تھی اور آپ کی گوش مبارک چھوٹے نہ تھی بلکہ بڑے اور چوڑے تھے
مگر خوبی اور محمدگی کی ساتھ اور یہ لفظ مدارج النبوت مین جامع کبیر سے
آپکی کانون مبارک کی صفت مین نقل کیا ہے پس اسلئے اونکو سیپیون کی
تشبیہ دی اور وہ دو ہزار کا کام دیتی تھی اور یہان بیٹھی ہوئی آسمان کے
اطیط کی آواز سنتے تھے۔ بیان محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے ہاتھون مبارک کا۔ اور اس بیان مین پانچوین بند مین ہی ورس ۱۲
اوسکے ہاتھ ایسے ہین جیسے سونیکی کڑیان جنمین ترسیس کے جواہر جڑے گئی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھون مبارک پر بال تھے چنانچہ حدیث ابن
ابی ہالہ وصاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین آپکی نسبت وارد ہوا ہے اشعر
الذراعین والمنکبین یعنی آپکی بازوون اور مونڈھون مبارک پر بال تھے پس اونکو
جواہر کے ساتھ تشبیہ دی اور چونکہ آپ جلیل العضدین والذراعین یعنی
بڑے قوی بازو اور ہاتھون والے تھی اسلئے اونکو سونیکی کڑی بیان کیا
بیان صدر مبارک بعنیہ مبارک کی بیان مین جو بند مین ہی ورس ۱۴ مین ہی

Marfat.com

ع تیری دو چھاتیاں دو آہو بچون کے مانند ہین جو ایک ساتھ پیدا ہوئے اور سوسن کے درمیان چرتے ہین اور ساتوین باب مین ہی ورس (۳) تیری دو چھاتیان دو آہوون کے مانند ہین جو ایک ساتھ پیدا ہوئے تھی اور تیر ساتوین باب ہی ورس تیری چھاتیان انگورون کی گچھونکی مانند ہین سوسن ابرسا سی بیان یہی غرض ہے اور سوسن ابرسا ہین چرتی کی یہ معنی ہین کہ دونون پستانونکی گرداگرد بال ہون چنانچہ تھی اسلئے کہ حدیث ابن ابی ہالہ وصاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین آپکی نسبت اشعر الذراعین والمنکبین واعالی الصدر وارد ہوا اور ترجمہ ان کلمونکا یہ ہے کہ آپکے دونون بازوون پر اور مونڈھون مبارک اور سینہ مبارک کی اوپر کے جانب بال تھے اور چونکہ حرکت لطیفہ قلبی اور حرکت لطیفہ روحی دونون پستانون کے قریب ہین اسلئے اونکو آہو بچون کی ساتھ تشبیہ دی اور اسلئے کہ سینہ مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے طفلان امت مرحومہ شیرہ شریعت الٰہی پیتی ہین اسلئے اونکو انگورون کے گچھے بیان کیا اور بعد شق صدر کے بعد حکمت اور ایمان سے پر ہونیکی بہی خبر ہے اسلئے کہ انگور کے شراب بنتی ہے اور جس قسم کا انگور ہوگا اوسی قسم کی شراب ہوگی یعنے اگر انگور دنیا ہے تو بیہوشی عالم آخرت سے اوس سے حاصل ہوگی اور جو انگور اوس عالم کا ہے تو بیہوشی اس عالم سی حاصل ہوگی اور یہان انگور اوسی عالم کا مراد ہے اور اس سے وہی شراب ایمان و حکمت بنے گی اور اوسی سلئے کعایہ ہوگا واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم

بیان شکم مبارک محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کا

اور شکم مبارک کی وصف مین پانچوین باب مین مار دیکھ ورس (۱۴) اسکا پیٹ ہاتھی دانت کا سا کام ہی جسپر نیلم کے گل بوٹے ہون اور ساتوین باب مین ورس (۲) تیری نا

گول پیالہ ہی جسمین ملائی ہوئی می کی کمی نہین ہی تیرا پیٹ گیہون کی ایک ڈہیری ہی
جسکے آس پاس سوسن لگی ہین ان جملون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شکم ج
مبارک کا بیان ہی **بیان نرمی شکم مبارک** باب ۷ ورس (۲) تیرا پیٹ گیہون
کی ایک ڈہیری ہی آپکا شکم مبارک نہایت نرم تہا چنانچہ مدارج النبوت مین
ہی کہ ابن ابی ہالہ نی بیان کیا ہی کہ مینی شکم مبارک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو دیکہا گویا کہ کاغذ تہہ پر تہہ رکہی ہوئی اور اسی نرمی کو یہ ورس بیان
فرماتا ہی **بیان سفیدی شکم مبارک**۔ باب (۵) ورس ۱۴ اوسکا پیٹ
ہاتہی دانت کا سا کام ہی آپکا شکم مبارک سفید اور گورا تہا اور بال اوسکے اوپر
نہ تہی چنانچہ حدیث ابن ابی ہالہ مین ہی عاری الثدیین والبطن ۔ دونون پستان
اور شکم بالون سے خالی تہی اور اسی گورا پن کا ورس مسطور مین بیان ہی ۔ **بیان**
ناف مبارک۔ باب (۷) ورس ۲ تیری ناف گول پیالہ ہی جسمین ملائی
ہوئی می کی کمی نہین ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ناف مبارک اوبہری ہوئی
نہ تہی جیسی بعض اشخاص کی خاص کر لڑکپن مین ہوتی ہی بلکہ گہری تہی اور
اسی گہرا پن ناف مبارک کا اس ورس مین بیان ہی **بیان لطیفہ**
سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم۔ جملہ مذکور مین تیری
ناف گول پیالہ ہی جسمین ملائی ہوئی می کی کمی نہین لطیفہ سر کا بیان ہی ۔
اور می سی شراب محبت الٰہی مراد ہی ۔ **بیان سیلی مبارک** باب (۵) ورس
اوسکا پیٹ ہاتہی دانت کا سا کام ہی جس پر نیلم کی گل بنی ہون ۔ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے ناف سی گلوی مبارک تک شکم مبارک پر ایک خط باریک
بالونکا تہا چنانچہ ابن ابی ہالہ کی حدیث مذکور مین ہی موصول ما بین اللبۃ والسرۃ
بشعر یجری کالخط ملا ہوا تہا گلوی سی ناف تک ساتہ خط بالون کی اور اسکا

ج

اس جملہ مین بیان ہی اور اسکو ہندی مین بیلی کہتی ہین ۔ رباعی
تا ناف بر آن سینۂ صاف و زیبا ٭ بود ست خط دقیق از سویدا ٭
بر تختۂ سیم بوده نقش الفی ٭ یعنی کہ حسن احمد آمد یکتا ٭

بیان شق صدر ۔ اور جس جگہہ پر خط نیلی تہا اوس جگہہ نشان شق صدر ہی تہا اور اس ورس مین اور نیز جملہ تیری ناف گول پیاری جسمین ملائی ولی ہی کی کمی نہین اسطرف اشارہ ہی **بیان موتی مبارک عالی صدر** تیرا بیسے گیہون کی ایک ڈہیری ہی جسکے آس پاس سوسن لگی ہین ۔ اس ورس مین موتی مبارک اعالی صدر کو سوسن کی ساتہ تشبیہ دی ہی اور یہہ ہے کہ موتی مبارک مثل سوسن کی گرد اگرد خشکم کی کرتی چنانچہ ابن ابی ہالہ کی حدیث مین وارد ہی ۔ **بیان کولون مبارک کا** ۔ اور آپکی کولون مبارک کا بیان باب ۷ مین ہی ورس ۱ تیری کولونکی گولائی جواہر کی لڑی کی مانند ہی جیسا کسی اوستاد کاریگر نی بنایا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جسم مبارک کی وصف مین بادن متماسک احادیث مین وارد ہوا ہی اور بادن پر گوشت کو کہتی ہین اور متماسک اوسی کہتی ہین جسکا بدن گٹہا ہوا ہو اور ڈہیلا نہو اور ایسی بدن مین کولہی ضرور گول ہوتی ہین وہو المطلوب **بیان ساق پای مبارک آپکی پیرون اور پنڈلیونکا بیان باب ۵** مین ہی ورس ۱۵ اوسکی پیر سنگ مرمر کی ستون جو سونیکی پایون پر کہڑی کئی جاوین اس ورس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پنڈلیون مبارک کو سنگ مرمر کی ستونونکی ساتہ تشبیہ دی ہی اور حدیث شریف مین شحم النخل کی ساتہ تشبیہ دی ہی اور تشبیہ خوبی سپید مین ہم سنگ برابر ہین پس تشبیہ بھی برابر ہوگی اور مطابقت ایسی واقع ہوگی جیسی کہ چاہئے اور مقصود دونون تشبیہون سے سپیدی اور خوبی پنڈلیونکا اور وہ حاصل ہی اور حدیث مذکور کی سند یہہ ہے کہ مدیح مین ہی اور حدیث مین آیا ہی و نظرت الی ساقہ کانہا جمارۃ یعنی راوی کہتا ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پنڈلی مین نظر کی تو دیکہا ایسی گویا کہ وہ جمار کے مشابہ تہی یعنی سفیدی اور تروتازگی مین اور شحم النخل کہجور کی مغز کو کہتی ہین اور وہ سفید تہا اور تر و تازہ ہوتا اور شیرین ہوتا ہے اور اہل عرب اسکو کہاتی ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قدم مبارک ...

بیان کیا و راس بیان سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قدم مبارک عمدہ اور فخیم یعنی بہاری ہون گے اور واقعی قدم مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایسی ہی تہی اسلیے کہ عبد اللہ ابن بریدہ سے روایت ہی کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ اَحْسَنَ الْبَشَرِ قَدَمًا ترجمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قدم مبارک تمام آدمیون سے عمدہ تہی اس روایت سے ... اقدام مبارک کا ثبوت ہو گیا اور رستبد بہاری ہوی اقدام مبارک کی یہ ہی کہ حدیث ابن ابی ہالہ وصاف سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم من آپ کی نسبت شثن القدمین آیا ہی اور شثن القدمین اوس شخصکو کہتے ہین جسکی قدم فخیم اور بہاری اور پر گوشت ہون اور بعد بیان حلیہ مبارک کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے خلق اور شیرین لبی کا بیان فرمایا بیان خلق محمدی پانچوین باب ہے اوس کا موضہ شیرینی ہے اور شیرینی کی دو قسمین ہین اور دونون قسم کی شیرینیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک مین موجود تہی شیرین زبان تو آپ تہی ہی اور جمیع اقوام عالم کے اس شیرین زبانی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتہہ شیرین زبان ہین اور کہتے ہین کہ اپ خلیق اور چشمہ شیرین تہی اور بحسب مصداق شعر مشہور سے ہر کجا چشمۂ بود شیرین مردم و مرغ و مور گرد آیند آپکی شیرین زبان ہونیکی وجہ سے تمام مخلوق الہی آپکی گرد ہوئی اور یہہ قول انکا اگرچہ سراسر باطل ہے چنانچہ ابطال اسکا علاوہ دلائل آخر رسالت صادقہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس رسالہ سے بہی خوب ظاہر ہے مگر خیر شیرین زبانی کا اقرار ہے اور ایسی لوگون سے یہہ بہی غنیمت ہے یہہ شیرینی باطنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یعنے خوش خلقی کا بیان ہوا اور شیرینی ظاہری آنحضرت

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کا یہہ بیان ہے کہ لب مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بطور اعجاز اگر کسی کہاری کوہی مین پڑجاتا تہا تو وہ کواں چشمہ شیرین ہو جاتا تہا چنانچہ انس رضی اللہ عنہ سے جو آپکی خادم تہی روایت ہے کہ ہماری گہر مین ایک کہاری کوان تہا ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا آب دہن اوسمین بطور اعجاز ڈالا پس وہ شیرین ہوگیا اور مدینہ منورہ مین اوس سے زیادہ کوئی کوان شیرین نہ تہا اور بعد بیان خلق وخلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان کیا اسلیئے کہ اصل نسخہ عبرانی غزل الغزلات مین بعد اس جملہ کے آپکا نام بصیغہ جمع محمدیم بیان کیا ہی اور اوس بولی مین جمع یا اور میم کے ساتہہ آتی ہے واحد کو تعظیماً جمع بولا کرتے ہین اور اس ترجمہ مین عشق انگیز کے ساتہہ ترجمہ کیا ہے اور چوتہے باب مین جملہ تجہہ مین کوئی عیب نہین کے ساتہہ ترجمہ کیا ہے اور گو ترجمہ کرنا نامون کا اصل سے بڑے خرابی کی بات ہے لیکن پہر بہی یہہ ترجمہ اقرب الی الصواب ہے نام مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اگر ترجمہ کیا گیا تا ہے کہ اردو زبان ترجمہ محمدی کا یہی ہے پس جس ترجمہ کو دیکہے گا وہ سمجہہ لے گا کہ نام مبارک خانہ کعبہ کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا محمد ہوگا اور چوتہی باب کی اس چہٹی درس مین جب کہ دن ڈہلی اور سایہ بڑہی مین مرکی پہاڑ اور لبان کے ٹیلے کو جاونگا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے مقدمہ پیدایش اور زمان ولادت کا بیان فرمایا ہے اسلیئے کہ مرکی مشہوری سے اور لبان یعنی عمان اور یمن کے پہاڑون مین پیدا ہوتا ہے اور باعتبار زبوم دنیا کے مس کا فرد افرد اہی قیامت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدایش بعد دن ڈہلنے اور سایہ بڑہنے کے ہوئی ہے اور انجیل

Marfat.com

متی کی بیسوین باب مین بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی منقول ہے اور اس مین سیدنا مسیح علیہ السلام کے نے پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک گذشتہ دن رسے بیان کی ہے اور وہ بشارت مع انکی شرح کے اس رسالے مین بھی منقول ہوگی اور رسا توین باب کے اس ورس مین مین نے کہا مین اس تاڑ پر چڑہونگا اور اوسکی شاخون کو تھام رکھونگا فی الحال تیری دونون چھاتیان انگورون کی گچھون کی مانند ہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ شباب سے ایک قصہ کا بیان ہے اور وہ یہ ہے کہ قبل بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آپکی عالم جوانی مین کعبہ شریف کی پہر از سر نو تعمیر ہوئی اور واسطے مشابہت اپنے جد امجد اسماعیل علیہ السلام کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پتھر کعبہ شریف کے اپنی دوش مبارک پر اوٹھائے پس وہ تاڑ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور بیان اسکا گذر گیا ہے اور پتھر دن کعبہ شریف کا دوش مبارک پر اوٹھانا کعبہ شریف کا اس تاڑ مبارک پر چڑہنا ہے اور دونو ہاتھون مبارک سے چونکہ پتھرون کو تھاما اور وہی شاخین تاڑ مبارک کی تھین پس گویا کہ کعبہ شریف نے ہی شاخون مبارک کو تھام رکھا اور جملہ فی الحال تیری دونون چھاتیان انگورونکی گچھون کی مانند ہین اس امر کو بیان کرتی ہے کہ اسی وقت سے عالم غیب سے القا ہونا شروع ہوگا اور سینہ مبارک شریعت الہی سے پر ہونے لگے گا اور ایسا ہی ہوا اسلیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے الکید فیہ پتھر اوٹھانیکے وقت ازار مبارک کھول کے دوش مبارک پر ڈالی تاکہ پتھر کی بدن مبارک کو تکلیف کو نہ پہونچے پس آپ بیہوش ہوکر گر پڑے اور جب آپ کو

موش آیا آپ نے ازار طلب کی اور فرمایا کہ مجھے حکم ہوا ہے کہ برہنہ ہوا
کرون تتمہ مدارج النبوت مین نقل کیا ہے کہ مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ وہ کہتے تھے کہ مین مقوقس یعنی شاہ اسکندریہ
کے پاس گیا اور مقوقس نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی رسول ہین اگر وہ تشریف
لاوین قبط و نصاری مین تو وہ اونکا اتباع کرین پس مغیرہ رضی اللہ عنہ نے کہا
کہ اسکے بعد مین اسکندریہ مین ٹھہرا اور تمام کنیسون مین وہان سے کے
گیا اور اونکے اوصاف قبط اور نصاری سے پوچھی اور اسکندریہ
مین ایک پادری تھا اور وہ اونکا بزرگ تھا اور وہ لینے بچونکو اوسکے
پاس دعا کے واسطے لاتی تھی اور وہ اونکے واسطے دعا کرتا تہا پس مین نے
اوس سے کہا آیا کوئی اور نبی بھی مبعوث ہوگا اوسنے کہا ہان وہ آخر
انبیا ہین درمیان عیسی بن مریم علیہما السلام اور اونکے اور کوئی نبی نہین
ہے ہمکو بلاشک عیسی بن مریم علیہما السلام نے اونکے اتباع کا حکم
کیا ہے وہ نبی عربی امی ہین نام اونکا احمد ہے میانہ قد کوتاہ نہ دراز
نہ ان آنکی آنکھون مین سرخی ہی نہ سفید و نہ سرخ بلکہ سرخ و سپید
انکے بال بہت ہونگے موٹی کپڑی پہنینگے اور کہانا جو ملجایا کرے گا کہا
... گے تلوار حمایل کرینگے آنکے اصحاب ایسی ہون گے کہ اپنی جانونکو
اپ ... انکے دوست رکہینگے آنکو اپنے باپ اور بیٹون سے بجوش
... گے ایک زمین مین جہان درخت سلم ہے اور ہجرت کرینگے ایک
شہر سے طرف دوسری جبرم کی اور ہجرت کرینگے زمین بشور خرمازار
کی طرف اور پہرینگے ازار نصف ساق تک اور دہوئینگے اطراف اعضا کو
اور مخصوص ہونگے ... اللہ ... اللہ کے کہا نہوا ... وہ صفات

نہتین ہر نبی اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوا ہی اور وہ مبعوث ہونگے تمام عالم
کی طرف اور اونکے لیے تمام زمین مسجد کی حکم مین ہوگی اور طہور بہی ہوگی
یعنے خاک سے تیمم کرنا قائم مقام وضو کے ہوگا حسب جگہہ وقت نماز
آپکا تیمم کرینگے اور نماز ادا کرینگے انتہی اس روایت کی تصدیق رسالہ
ہذا سے ہوگئی ہے اور سرا پا نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق ابہی
غزل الغزلات کی تینون بابون سے ہوگئی ہی للہ الحمد بیان مہر نبوت ××
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شانہ مبارک پہ مہر نبوت تہی اور اپکی اس
مہر نبوت کا بہی چند جگہہ بیان آیا ہے پہلی صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام مین
ہے صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۹ ورس ا ہمارے لیے ایک لڑکا تولد ہوا کہ حکمرانی
کا نشان اوسکی کاندہی پر ہی ہوگا اوسکی ہی نام ہونگے عجیب اور مشیر
اور مشور عظمی کا بادشاہ اور الہ قوی مسلط اور سرمدی باب اور سلامتی
کا بادشاہ اوسکی حکمرانی اور سلامتی کی افزائش کی کچہ انتہا نہ ہوگی وہ داود
کے تخت سلطنت پر آج سے لیکی ابد تک عدل و انصاف سے نظم و نسق
کرے گا ش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلی جتنے نبی گذرے ہین
اونکی داہنی ہتہیلی پر نشان نبوت ہوتا تہا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی مہر نبوت شانہ مبارک پہ ہوئی اور یہہ مہر نبوت پیدا ایشی تہی تہی
لڑکپن مین بہی ویسی ہی تہی جیسی کہ بڑہاپے اور جوانی مین تہی پس
اپکی ہی بشارت ہے اور اپکی ہی مہر نبوت کا بیان ہے اور اپکی ہی
اسمای شریفہ سے عجیب اور مشیر ہین اور اپ کو ہی حاکم مشورہ ہوا ہی
اور اپ ہی مشورہ عظمی کے بادشاہ ہین اور رسالت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم [illegible]

Marfat.com

کو واسطے تھی اور آپ ہی بڑے حاکم ہین اور آپ ہی سب کا باپ ہین تمام
مخلوق آپ کے نور سے پیدا ہوئی ہے اور آپکے ازواج مطہرات
امہات المومنین ہین اور حاکم اول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کچہ
انتہا نہین تہی آپ سب پر حاکم ہے اور آپ پر آپکے بعد وپا قبل کوئی
رسل و انبیا سے حاکم نہین ہے اور جیسے حضرت داود علی نبینا وعلیہ السلام
نبی اللہ وخلیفۃ اللہ فی ارضہ تھی ایسے ہی انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
تہی رسول اللہ وخلیفۃ اللہ فی ارضہ ہین اور سیدنا مسیح علیہ السلام کے
نہ شانہ مبارک پر مہر نبوت تہی اور نہ آپکی نام عجیب ومشیر تھی اور نہ آپ
بادشاہ ہوئی اور نہ اپنی حکومت کی اور نہ آپ پر نبوت ختم ہوئی پس
یہہ بشارت حضرت مسیح علیہ السلام کے ہرگز نہین ہو سکتی بلکہ یقیناً سیدنا
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت ہے اور آپکی مہر نبوت کا
بیان ہے وہو المطلوب ۔ دوسرے اظہار
الحق مین نقل کیا ہے کہ فاضل حیدر علی قریشی نے اپنی
تالیف اردو مسمے بخلاصہ سیف المسلمین مین کہا ہے
پادری اسکان ارنے نے صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام کا
۱۶۶۶ء عیسوی مین اپنی زبان مین ترجمہ کیا ہے اور بائیسوین باب
مین کتاب مذکور کی اس ترجمہ مین ذکر مہر نبوت انحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کا اس فقرہ مین موجود ہے سبحوا اللہ تسبیحا جدیدا اثر
سلطنتہ علی ظہرہ واسمہ احمد انتہی اور میری رای مین یہہ جملہ باب مذکور کے
دسوین ورس مین ہوگا اسلئے کہ ورس مذکور کی شروع مین ترجمہ جملہ
سبحوا اللہ تسبیحا جدیدا کا بہین الفاظ موجود ہے خداوند کے لیے

ایک نیا گیت گاؤ یعنی غزل الغزلات مین بہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر نبوت کا بیان فرمایا ہی اسلیئے کہ ساتوین باب مین فرماتے ہین میری بہن میری زوجہ ہے مقفل کیا ہوا ایک باغیچہ ہے اور بند کیا ہوا ایک سوتا اور سر بمہر ایک چشمہ ہے یہہ خطاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی اور آپکی چونکہ بدن مبارک سے خوشبوئی تہی اور آپ پر مہر نبوت لگی ہوئی تہی جو قائم مقام قفل نبوت کی تہی اسلیئے اس مضمون کو بایں الفاظ ادا کیا مقفل کیا ہوا ایک باغیچہ ہی اور چونکہ آپکی انگلیون مبارک سے بطور اعجاز چشمی جاری ہو جاتی تہی اور یہہ مہر الہی قائم مقام قفل ہی اسلیئے اس مضمون کو باین الفاظ ادا فرمایا بند کیا ہوا ایک سوتہ ہی اور سر بمہر ایک چشمہ ہی اور واسطے چیستان نبانی کی ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صاف خطاب فرمایا اور کہا شراحمو سرخ و سفید ہے اور پہر دوسری دفعہ بطور مونث تعبیر کیا ہی اور فرمایا تیری یاد کر کا بیان بہی ہو گیا شاہزادی کیا خوب معلوم ہوتی اور پہر کہبی لوا فرمایا کبہی بہن فرمایا کبہی زوجہ فرمایا حقیقی معنی کوئی بہی یہان مراد نہین ہو سکتی اور بطور مجاز بوجہ من الوجوہ واسطے نبانے چیستان کی جو جا بجا فرمایا اور جملہ حکمرانی کا نشان اوسکے کاندہی پر ہے اور اثر سلطنتہ علی ظہرہ یعنی نشانی حکمرانی کی اسکی پشت پر ہے اور سر بمہر ایک چشمہ ہے یہہ تینون اس امر کا نشان دیتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان دونون شانون مبارک کی مہر نبوت ہوگی اور اس مہر کو پشت پر بہی کہہ سکتی ہین اور شانہ بہی کہہ سکتے ہین اور چونکہ جسم مبارک کا جو سوای مہر مبارک کی تہا ختم نہیان اگر نہوا تو سر بمہر ایک چشمہ بہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جسم مبارک کو بیان فرما سکتے ہین اور جہہ سے مہر نبوت مراد

لی سکتی ہین واللہ اعلم اور چوتھی مکاشفات یوحنا کی اونیسوین باب مین
بہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر نبوت کا بیان فرمایا ہے مکاشفات
یوحنا باب ۱۹ ورس ۱ اون چیزون کے بعد مین نے آسمان پر بہت
لوگون کی بڑی آواز یہہ کہتے ہوئے سنی **ہللویاہ** نجات اور جلال اور عزت
اور قدرت خداوند ہماری خدا کے ہین ۲ کیونکہ اوسکی عدالتین راست اور
برحق ہین اسلیئے کہ اوسنے بڑی کسبی کی جسنے اپنی زناکاری سے زمین کو خراب
کیا عدالت کی اور اپنے بندون کی لہو کا بدلا اوسکے ہاتہ سے لیا ۳
پہر دوسری بار اونہون نے کہا **ہللویاہ** اور اوسکا دہوان ابدالاباد تک اوٹہتا
رہا ۴ اور وی چوبیس بزرگ اور چار جاندار اوندہے موہہ گرے اور خدا کو
جو تخت پر بیٹہا ہی سجدہ کیا اور کہا آمین **ہللویاہ** ۵ اور تخت سے ایک آواز
یہہ کہتی ہوئی نکلی تم سب جو اوسکے بندی ہو اور جو اوس سے ڈرتی ہو کیا
چہوٹے کیا بڑے ہمارے خدا کی ستائش کرو ۶ اور مین نے ایک
بڑی بہیڑ کی آواز اور بہت پانیون کی آواز اور بڑی گرج کی سی آواز یہہ کہتی ہوئی سنی کہ **ہللویاہ خداوند** قادر
مطلق بادشاہت کرتا ہی ۷ آؤ ہم خوشی و خورمی کرین اور اوسکو عزت دیوین اسلیئے
کہ برہ کا بیاہ آپہونچا اور اوسکی دلہن نے اپنے تئین سنوارا ہی ۸ اور اوسے
یہہ دیا گیا کہ وہ صاف اور شفاف اور مہین کتانی کپڑا پہنے کہ مہین کتانی
کپڑا مقدس لوگون کی راستیان ہین ۹ اور اوسنے مجہسے کہا لکہہ مبارک وی
جو برہ کے جشن مین بلائی گئی ہین اور وہ مجہہ سے کہتا ہے یہہ خدا کی باتین
برحق ہین ۱۰ اور مین اوسکے پانون پر اوسی سجدہ کرنیکو گرا اور اوسنے مجہہ سی کہا
خبردار ایسا نکر کہ مین تیرا اور تیری بہائیون کا جن پاس یسوع کی گواہی ہی
ہم خدمت ہون خدا کو سجدہ کر کیونکہ جو گواہی یسوع پر ہے نبوت کی

Marfat.com

روچکی ہو ا پہر مین نے آسمان کو کہلا ہوا دیکہا اور دیکہو ایک نقرئی گہوڑا اور اوسکا سوار امانت دار اور سچا کہلاتا ہے اور وہ راستی سے عدالت کرتا اور لڑتا ہے ۱۲۔ اوسکی آنکہین آگ کے شعلہ کے مانند اور اوسکے سر پر بہت سے تاج اور اوسکا ایک نام لکہا ہوا جسی اوسکے سوا کسی نے نجانا ۱۳۔ اور خون مین ڈوبا ہوا لباس پہنے ہوئی تہا اور اوس کا نام کلام خدا ہے ۱۴۔ اور وہ فوجین جو آسمان مین ہین صاف اور سفید اور کتانی لباس پہنے ہوئے نقرئی گہوڑون پر اوسکے پیچہے ہولین اور اوسکے مونہہ سے ایک تیز تلوار نکلتی ہے کہ وہ اوس سے قومون کو مارے اور وہ لوہے کے عصا سے اون پر حکمرانی کریگا اور وہ ... مطابق خدا کے قہر و غضب کے مے مین روندتا ہے اور اوسکے لباس ... ران پر یہہ نام لکہا ہے بادشاہونکا بادشاہ اور خداوندون کا ... اس بشارت سے اس جگہہ مقصود اس جملہ اوسکے لباس اور اوسکی ران پر یہہ نام لکہا ہے بادشاہونکا بادشاہ اور خداوندونکا خداوند سے ہے اسلئے کہ اسی جملہ مین مہر نبوت کا بیان ہے اور لباس سے موضع لباس مراد ہے یعنی جسم مبارک اور مہر نبوت مین بعض روایات کے موافق یہہ لکہا تہا توجہ حیث کنت فانک منصور ترجمہ توجہ کر جسطرف چاہے تو پس بیشک تو فتح دیا گیا ہے اور یہہ الفاظ گویا کہ ہم معنے جملہ بادشاہونکا بادشاہ اور خداوندونکے خداوند کی ہین اور اگر ہوتا ہم وہ نشان مہر نبوت قائم مقام کلمے ... تہا اور ران پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کچہ نہ لکہا تہا غالبًا ترجمہ ... زبان مین ایسا لفظ مرادف ہوگا جس کی ران اور شانہ ... اور ترجمہ اس جگہہ پر شانہ کے ساتہہ ترجمہ چاہیے تہا لیکن ران کے ساتہہ غلطی کر دیا اور صدیق یار غار خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کی ران پر ... نشان

Marfat.com

خلافت تہا اور روضۃ الاحباب مین اسکا ذکر کیا ہے اور یہہ بہی بیان کیا ہے کہ قبل بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک راہب نی صدیق رضی اللہ عنہ کے اس تل کو دیکہہ کے بشارت دی تہی کہ تم نبی آخر الزمان کے خلیفہ ہوگی پس اگر یہہ اوس تل کا بیان ہی تاہم کچہ عبارت درمیان سے ساقط ہوئی ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم اور شرح اس بشارت کی یہہ ہے کہ بیت المقدس بہی بابل تہا چنانچہ اوربابون مین اس کتاب کی اسکی تصریح موجود ہے اور اوسکی عدالت کی گئی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقت مین وہ مفتوح ہوا اور انبیاء الہی کے خون کا بدلا اوس سے لیا گیا اور نقرئی گہوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دلدل نقرئی کو فرمایا ہے اور امین اور صادق آپکی القاب شریفہ سے ہین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکہین مبارک سرخ تہین یعنی اونمین سرخ دوڑے تہے اور آپ ہی نی بذات خود قتال فرمایا ہے اور آپ کے سر پر بہت سے تاج تہی اسلئے کہ آپکی امت مرحومہ مین ہزارون صاحب تاج ہوئے وہ آپکی ہی طفیل سے ہین اور وہ گویا کہ آپکی ہی سر مبارک پر تاج ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوہ احد مین سر مبارک سے خون جاری ہوگیا اور تمام لباس آپ کا خون سے تر ہوگیا تہا اور غزوہ بدر مین ہزارون فرشتے گہوڑون پر سوار ہوکر لڑائی کفار کے واسطے میدان مین حاضر تہے اور اسکے پیچہے تہی اور فرشتونکا لباس اسوقت مین سپید ہی تہا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک کلام خدا ہے یعنی نور احمدی فقط بحکم الہی بکلمہ کن پیدا ہوا اور تمام مخلوق نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے پیدا ہوی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نوشیراونون کو

Marfat.com

اپنے نوشتہ کی تیز تلوار سے یعنی دعا سے ہلاک کیا اور مارا اور رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے خوب ہی لٹھ بازی کی اور اون پر حکمرانی فرمائی اور بارگاہ احمدی
صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک عصا تہا اور وہ بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خلفا
کے پاس چلا آتا تہا جب وہ کہویا گیا تبھی قریش سے خلافت نکل گئی یعنی سلطنت
بنی عباس رضی اللہ عنہ غارت ہو گئی اور ترک اون پر غالب ہو گئی رباعی ای خاتم
انبیاء و فخر آدم ۞ مقصود تو بودہ زخلق عالم ۞ از مہر نبوتیکہ داری بر پشت ۞ مستور
رسالت تو دارد خاتم **بیان خوشبوی جسم مبارک** غزل الغزلات کی ساتوین باب
مین فرمایا اور تیری تہنبون کا رائحہ سیب سا ہووے ۔ اس جملہ مین فرمایا اور بشارت
دی کہ اپکے تہنبون سے بھی خوشبو آیا کرے گی یعنی تمام جسم مبارک سے خوشبو آیا کرے
گی اسلیے کہ جب تہنبون سے بھی آئی تو پھر اور جسم سے خوشبو نہ آنیکی کیا ہے
اور واقعی اپکی تمام جسم مبارک سے خوشبو آیا کرتی تھی چنانچہ انس رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اگر کہین تشریف لیگیے
ہوتے اور اپکے پیچھے کوئی آپ کا عاشق صادق مکان پر حاضر ہوا پس وہان
سے بہت خوشبوی جسم مبارک کے جانا پاتا تہا اور آپکی قدمبوسی حاصل کرتا
تہا اور اپکے پسینے مبارک سے بھی خوشبو آیا کرتی تھی انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ ایک شخص چاہتا تہا کہ اپنے لڑکی کو رخصت کرے سسرال اوسکی
شوہر کے گہر پہنچے اور اوسکے پاس اوسکی خوشبو لگانی کو کچھ نہ تہا لہذا
خدمت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین حاضر ہوا تاکہ آپ اوسے کچھ نقد عطا
فرماوین تاکہ اوس سے خوشبو خریدے اور آپکے پاس اوس وقت نقد کچھ
موجود نہ تہا پس آپ نے عطر کی شیشی طلب فرمائی اور چند قطرے
پسینے مبارک سے اوس میں ڈالے اور فرمایا کہ اسمین خوشبو [illegible]

[illegible]

اپنے لڑکے سے کہہ کہ اسی خوشبو کی جگہہ استعمال کرے پس جب وہ لڑکے
اوسے ملتی تھی تمام مدینہ مین خوشبو پھیل جاتی تھی اور مدینہ والے اسی سونگھتے
تھے اور اوس گھر کا نام بیت المطیبین ہوا یعنے گھر خوشبو والونکا اور ایسی خوشبو
کی بابت سیرۃ خیر الخیرات مین انکو یا غنچہ کہا ہے **پانچوین فصل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نامون مبارک**
بیانمین بیان نام مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم شذوۃ الاظہار الحق مین جو سیل نے مقدمہ ترجمہ
کلام اللہ شریف مین انجیل برنباس سے یہہ بشارت نقل کی اور یہہ بشارت حضرت مسیح علیہ السلام نے
فرمائی ہے اور عبارت اوسکی یہہ ہے اے برنباس جان لے کہ گناہ اگرچہ
چھوٹا ہو اور صغیرہ ہو مگر اللہ اوسپر بھی سزا دیتا ہے کہ وہ گناہ سے راضی نہین
ہے اور چونکہ میری ماں اور میرے شاگردون نے دنیا کی سبب سے خطا کی
اللہ اون سے غصہ ہوا اور بمقتضاے عدل و انصاف کے یہہ ارادہ کیا
کہ اس عقیدہ ناپسندیدہ کی کچھ سزا دیجاے تاکہ عذاب دوزخ سے اونکو نجات
ہو اور وہان تکلیف مین نہ پڑین اور بلاشبہ اگرچہ مین تو یقیناً بری تھا مگر
بعض لوگون نے چونکہ مجکو کہا کہ مین اللہ ہون یا اللہ کا بیٹا اللہ نے اس قول کو
برا جانا اور مقتضای اوسکے عدل کا یہہ ہوا کہ قیامت کے دن شیاطین میرے
اوپر نہ ہنسین اور میرا ٹھٹھا نکرین پس بمقتضای اپنی رحمت کے اوسنے تحسین
سمجھا کہ یہہ ہنسی دنیا مین ہے یہودا کی موت سے ہوئی کہ گمان کرے ہر شخص
مین سولی دیا گیا ہون مگر یہہ ذلت اور ٹھٹھا باقی رہیگا تا آنکہ محمد رسول اللہ کی پس
جب وہ آنے اونکے سب لوگون کو اس غلطی سے آگاہی ہو گی اور یہہ شبہ لوگون
کے دلون سے اوٹھ جائیگا انتہی اور اس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام
مبارک محمد رسول اللہ موجود ہے وہو المطلوب اور یہہ بہت بڑی بشارت
اگرچہ نصرانی اس پر یہہ اعتراض کرتے ہین کہ ہمارے پادریان سلف نے

Marfat.com

اس انجیل کو رد کیا ہے مگر مین کہتا ہون کہ تمہاری پادریون کی رد وقبول کا کیا اعتبار ہے اور پہلی تاب مین بیان اسکا ایسا ہو لیا کہ اوس سے زیادہ متصور نہین اور یہہ انجیل اناجیل قدیمہ سے ہے اور دوسرے اور تیسرے قرن کی کتابون مین اسکا ذکر موجود ہے پس اس سے معلوم ہوا کہ یہہ کتاب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدایش سے دوسو برس پہلی لکہی گئی ہے اور بغیر الہام کے دوسو برس پہلی کون ایسی خبر صحیح دی سکتا ہے پس ضرور یہہ مسیح علیہ السلام کا ہی قول ہے اور اگر یہہ دعوی کرین کہ اہل اسلام نے اس کتاب مین تحریف کر دی پس جواب اوسکا یہہ ہے کہ یہہ شبہہ مجنونانہ ہے اور دیوانون کی سی بات ہے اسلئے کہ مسلمانون نے ان اناجیل اربعہ کی طرف تو توجہ کی ہی نہین اور برنابہ کی انجیل سے جو اس پادری سیل کو بمشکل ایک بڑی کتب خانہ سے دستیاب ہوئی کہان اتنا ربط ہوتا اور اگر تحریف بہی ہوئی ہوتی تو یہہ بشارت احمدیہ نسخون مین ملتی ساری عالم کے نسخون مین کسطرح مدرج ہوجاتی دوسرے یہہ کہ نصرانی کہتے ہین کہ علمای اہل کتاب جو مسلمان ہوئے اونہون نے عہدین سے بشارات محمدیہ نقل کین اور اونمین تحریف کی پس اونکے زعم کے موافق مین کہتا ہون ان علمای کبار نے عہدین کی بشارات محمدیہ مین تحریف کی اور اپنی طرف سے بنا کر لکہدین اور پہر بہی تمام عالم کے نسخون مین اونکی تحریف نے اثر نکیا اسلئے کہ تمہاری قول کے موافق بیبل مین کوئی بشارت احمدی نہین ہے پس کیسی اثر کرگئی تحریف بعض مسلمانون کے نسخون انجیل برنابہ مین جو نصرانیون کی پاس موجود ہین پس یہہ احتمال **أَوْهَنُ مِنْ نَسْجِ الْعَنْكَبُوتِ** ہے اور نہایت ہٹ دہرمی ہے تنبیہ یہہ خبر ہمنے پہلے اعجاز عیسوی مین ترجمہ مطبوعہ سنہ ۱۸۰۵ع سے نقل کی تہی اور اعجاز عیسوی سنہ ۱۲ ہجری صلی اللہ

علیہ وسلم میں طبع ہو کر اقطار ہند میں مشتہر ہوئی اور شرح ہے اور کتاب نصرانیون کے نسبت پہلے کے دوسری چھاپہ میں متغیر ہو جاتے ہیں اور ہر شخص کی تحریف کو مثل تبدل و زیادتی وغیرہ کو دوسرے چھاپہ میں دخل دیا جاتا ہے اسلئے کہ آزاد محض ہیں اور پولوس نے فتوی محض آزادگی کا عطا فرما دیا ہے اور میں مقدمہ کتاب ہذا میں اس امر سے خبردار کر چکا ہوں پس اگر کوئی شخص اس بشارت کو بعض تراجم میں جو کہ اور سنہ کے چھپے ہوئے ہوں نہ پاوے تو تردد اور شک میں نہ پڑے اور میرے ساتھ اپنا ظن بھلا رکھے اور اس سنہ کی نسخہ کو تلاش کرے کہ انشاء اللہ کبھی اس نقل میں تفاوت نہ پاوے گا خاصکر اگر وہ نسخہ جو عند الناظر موجود ہے چھپا ہوا سنہ مذکور کے بعد کا ہو اسلئے کہ پادریان پروٹسٹنٹ اگر دوسرے چھاپہ میں جملہ مذکورہ سے ساقط کر دیں تو کچھ عجیب نہیں بلکہ یہ ستو ان کی مثل امر طبعی کی ہو گئی ہے فائدہ واضح ہو کہ عقیدہ خیر الالقہ سے عقیدہ تثلیث فی التوحید والتوحید فی التثلیث مراد نہیں ہے اس لئے کہ اس قسم کی گناہ کو بعض الناس کی طرف نسبت کیا ہے نہ اپنے والدہ ماجدہ صدیقہ مکرمہ معظمہ رضی اللہ عنہا کی طرف اور نیز عقیدہ مذکور اوسکی معتقدین کی اعتقاد کی موافق فرض عین ہے نہ قابل ایصال دیکھ بلکہ شاید وہ امور مراد ہوں جو مرتبہ صدیقیت کی خلاف ہوں مثلاً تجسس یہ گمان ہوا ہو کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی خلافت ظاہری ابھی ہو گی اور حواری بعد رفع مسیح علیہ السلام منتظر خلافت ظاہری تھے اور سمجھتے تھے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ابھی نزول فرمائینگے اور ہم نقبا اور وزرا ہونگے اور پطرس نے اس غلطی سے اونہیں آگاہ کیا اور بشارت تسلیہ سیدنا محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ذکر کی اور بیان کیا کہ جبتک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث نہو لیں مسیح علیہ السلام نزول نفرمائینگے اور تیسری باب میں کتاب اعمال یوحنا کی یہہ قصہ مذکور ہے اور جملہ دنیا کی

دیکھو ورس ۴۴ سے ۵۰ تک

اس طرف بشیر ہے دوسری سند غزل الغزلات کے پانچوین باب میں
ہے اور وہ بالکل محمد ہی یعنے تعریف کیا گیا ہے یعنے اور نام بہی آنکا محمد صلعم ہے
او چوتھی باب میں ہے ای میری پیاری تو سراسر جمال ہی تجھ مین کوئی عیب
نہیں ہے اور یہہ بہی ترجمہ نام پاک محمد کا ہے وہو المطلوب تیسری سند
صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۴۲ ورس ۲۲ دیکہو میرا بندہ اقبال مند ہوگا وہ
بالا اور ستودہ ہوگا ورس ۱۵-۱ اسیطرح وہ بہت سی قومون پر چہڑکیگا اور
بادشاہ اوسکے آگے اپنا منہہ بند کرینگے کیونکہ وہ کچھ دیکہینگے جو ان سے کہا
گیا تہا اور جو کچہ اونہون نے نسنا تہا دریافت کرینگے انتہی یہہ بشارت آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اور عبدہ ورسولہ آپکی نسبت کلمہ مین پڑہتے ہین اور
عبد اللہ آپکا لقب ہے اور آپکی والد ماجد کا نام ہے اور اقبال مندی
آپکی ظاہر ہے اور جد مبارک آپکا سید ہا اور بلند تہا اور آٹہوین فصل مین
بیان کیا گیا ہے اور آپ ستودہ تہی تمام اوصاف واخلاق وعادات واقوال
وحرکات وسکنات آپکی ستودہ ہین اور ستودہ ترجمہ محمد ہی اور محمد کا اسم
نام ہی اور پندرہوین ورس کا بہی مطلب ظاہر ہے اور چودہوین ورس اس
بشارت کا مطلب خبط کرنے کو بڑہا دیا ہے خیر سلمھم عما یصفون [illegible]
چوتھی سند صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۴۹ س خدا نے مجھے درست بلایا جب
مین ماں کی پیٹ مین تہا اور اوسنے میرا نام کو لیا اور میرا منہہ تیز تلوار
تیر کی مانند کیا اور اپنے ہاتہ کی سایہ تلی مجھی چہپایا اور مجھے [illegible] تیر بنایا
اور اپنے ترکش مین مجھی نہان رکہا اور کہا تو میرا بندہ ہے [illegible]
اور بعضی نسخون مین ہی خدا کے نزدیک محمود ہوا انتہی یسعیاہ پیغمبر
علیہ السلام یہہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی [illegible]

Marfat.com

یہ معنی ہین کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زمین شام مین پیدا نہون بلکہ اور
زمین مین جو اوسکے مثل ہو اور اوس سے دور ہو پیدا ہون اور پہر بلا لیئے
جاوین اور زمین شام مین تشریف لاوین چنانچہ معراج کی رات کو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم بلائے ہوئے مسجد اقصےٰ مین تشریف لائے اور وہان انبیا
ورسل علی نبینا وعلیہ السلام کے امام ہوئے **شعر** دران مسجد امام انبیا شد ٭
صف پیشینیان را پیشوا شد ٭ اسی فضیلت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان
مین ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب سے کہ اپنی مان کی پیٹ مین
تہے تبہی سے آپکا نام مذکور ہوا کاہنون وغیرہ نے بشارات قرب ولادت
احمد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دینی شروع کر دین نوشیروان نے خواب دیکہے
بتون نے بہی آوازین دینی شروع کر دی کہ محمد رسول اللہ کی ولادت قریب ہے
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسپر بددعا کی وہ ہلاک ہوا اور آپ
بڑے فصیح وبلیغ بہی تہے باوجود آپکے امی ہونے کے یہ بہی آپ فصیح
وبلیغ تہے اور جملہ اپنے ہاتہ کے سائے تلے چہپا رکہا اس امر کو بیان
کری ہی کہ آپ انبیاء علیہم السلام کے بعد پیدا ہون تاکہ آپکی شریعت کا
کوئی ناسخ نہو اور آپ سب شرایع کے ناسخ ہون اور آپ تیر درخشان ہین کہ
آپنے ہزارون اپنے دشمنون کو ہلاک کیا اور آپ تیر درخشان کے مثل اونکے بدنون
کو پہاڑ ڈالا اور عبد اللہ آپکا لقب ہوا اور محمدؐ آپکا نام ہے اور محمود بہی آپکا
لقب ہے **پانچوین سند** صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۵۵ مین تم سے
ابدی عہد باندہونگا اور داؤد کی یقینی رحمتین تم پر کرونگا دیکہو مین اوسی
لوگون پر گواہ بناونگا اور خلق کا فرمانروا خدا ایک گروہ کو جسے تو نہین جانتا بلائیگا
اور وہ قومین جو تجہے نہین جانتی تیری پیچہے دوڑینگی کیونکہ اوسنے تجہے ستودہ کیا ہے

Marfat.com

مین اس بشارت مین امت محمدیہ سے اللہ پاک جلشانہ خطاب کرکے فرماتا ہے اور [illegible]
اسی امت مرحومہ سے ابدی عہد باندہا کہ شریعت اسکی اونکو دیگی [illegible] اور [illegible]
ہوگی تغیر تبدل [illegible] نسخ نہو گا اور داؤد علیہ السلام کہ رتبہ نبوت [illegible]
[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی رسالت [illegible]
ہوئی [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میدان محشر مین اپنی امت پر گواہ ہونگے
اور آپکی امت [illegible] نبیون کے امت پر گواہ ہوگی کہ انہون نے [illegible] احکام [illegible]
[illegible] کہ یہ سچے ہین اور اسمین خیانت نہین کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible] مشرق سے [illegible] ہین کہ وہ آپکے [illegible]
[illegible] جانتے تہے اور آپکا نام محمد ہے اور [illegible]
[illegible] میان نام مبارک احمد سنداول [illegible]
[illegible] مولوی سید علی صاحب [illegible]
[illegible] صحیفہ یسعیاہ علیہ [illegible]
[illegible] زبان مین ترجمہ کیا ہے اور [illegible]
[illegible] سلطنۃ علی ظہرہ و اسمہ احمد [illegible]
[illegible] نام آپکا محمد ہوگا [illegible]
اظہار الحق مین ہو ترجمہ عربیہ مطبوعہ [illegible]
[illegible] ترجمہ عربی مذکور چودہوین باب مین
محبت رکہتے ہو تو میری وصیتون پر حفاظت رکہو [illegible]
پس خدا دیگا وہ تمکو فارقلیط دوسرا [illegible]
روح حق وہ کہ نہین طاقت رکہتا ہے جہان [illegible]
کہ نہین دیکہتا ہے اوسکو اور نہین پہچانتا ہے اوسکو اور تم پہچانتے [illegible]

کہ وہ مقیم ہے تمہارے نزدیک اور وہ ثابت ہے تم مین (۲۶) اور فارقلیط
وہ روح قدس ہے جسکو باپ میرے نام سے بھیجے گا اور وہ سکھلا وے گا تمکو
ہر شئے اور وہ یاد دلاوے گا تمکو جو مینے تمکو کہا ہے اور اب مینے تمکو اوسکے
ہونے سے پہلی کہدیا ہی تاکہ جب وہ ہووے تو تم ایمان لاؤ اور پندرہوین
باب مین انجیل یوحنا سے اسطرح ہی (۲۶ ام) پس لیکن جب آویگا فارقلیط وہ
کہ بھیجونگا مین اوسکو تمہاری طرف باپ ہی روح حق وہ کہ باپ سی نکلتی ہے گواہی
دیگا وہ میری واسطے اور تم گواہی دوگے اسواسطے کہ تم میری ساتھ ابتدا سی ہو
اور سولہوین باب مین انجیل یوحنا سی ہی لیکن مین کہتا ہون .. تمکو سچ کہ میرا جانا
ہی تمہاری واسطے بہتر ہے اسواسطے کہ اگر مین نجاؤن تو فارقلیط تمہاری پاس
نہ آویگا پس اگر گیا مین تو بھیجونگا مین اوسکو تمہاریطرف پس جب آویگا وہ سرزنش
کریگا خطا کہ اور راوپر بھلائی کہ اور اوپر حکم کہ لیکن اوپر خطا کے پس اسواسطے کہ وہ
میرے اوپر ایمان نہین لائے اور لیکن اوپر بھلائی کے پس اسواسطے کہ
مین جانیوالا ہون طرف باپکی اور تم مجھی پھر نہ دیکھوگے اور اوپر حکم کہ پس اسواسطے کہ سردار اس
عالم پر حکم کیا گیا ہی اور تحقیق میری بہت سی کلام ہی کہ کہتا مین اوسکو تم سی اب لیکن تم اوسکے
اوٹھانیکی اب طاقت نہین رکہتی ہو (۱۳ ام) پس جب آویگا روح حق وہ پس وہ ہدایت ملاویگی
تمکو جمیع حق اسواسطے کہ نہین بولتا اپنی طرفسے بلکہ کلام کرتا ہی ساتھ ہر ایک اوس شئی کی کہ سنتا
اور خبر دیگا ساتھ اوس شئی کی کہ قریب ہی کہ آویگی (۱۴ ام) اور وہ میری بزرگی کریگا اسواسطے
کہ وہ لیگا اوس شئی سی کہ میری واسطے ہی (۱۵) کل وہ شئی کہ واسطے باپکے پس وہ میرے واسطے
ہے پس اسواسطے کہامینی کہ وہ میری چیزون سے پاوے گا اور تمکو خبر دیگا
ترجمہ اردو مطبوعہ مرزاپور انجیل یوحنا باب (۱۴ ام) اگر تم
مجھے پیار کرتے ہو تو میرے حکمون پر بھی عمل کرو (۱۶ ام) اور مین اپنے باپسی درخواست

کرونگا اور وہ تمہین دوسرا تسلی دینیوالا بخشیگا کہ ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے (۱۷)
یعنی روح حق جسے دنیا حاصل نہین کر سکتی ہے کیونکہ وہ اسے نہ دیکھتی ہے نہ اوسے جانتی ہے لیکن
تم اوسے جانتے ہو کیونکہ وہ تمہارے ساتھ رہتی ہے اور تم مین ہووے گی (۱۸) مین تمہین
یتیم نچھوڑونگا مین جلد تمہارے پاس آونگا ورس ۲۵) مینے یہ باتین تمہارے ساتھ
ہوتے ہوئے تمسے کہین لیکن وہ تسلی دینیوالا جو روح قدس ہے جسے باپ میرے نام سے
بھیجیگا وہ تمہین سب چیزین سکھلاویگا اور سب باتین جو کچھ مینے تمہین کہین ہین
یاد دلاویگا ورس ۲۹) اور اب مینے تمسے اوسکے واقع ہونے سے پیشتر کہا تاکہ
جب وہ وقوع مین آوے تو تم ایمان لاؤ (۳۰) بعد اسکے مین تم سے بہت کلام
نکرونگا اسلئے کہ اس جہان کا سردار آتا ہے اور مجھ مین اوسکی کوئی چیز نہین الضا
باب ۱۵- ورس ۲۶) لیکن جب کہ وہ تسلی دینیوالا جسے مین تمہارے
لئے باپ کیطرف سے بھیجونگا یعنی روح حق جو باپ سے نکلتی ہے آوے تو وہ میرے لئے
گواہی دیگا اور تم بھی گواہی دوگے کیونکہ تم شروع سے میرے ساتھ ہو- الضا
باب ۱۶- ورس ۷) لیکن مین تمہین سچ کہتا ہون کہ تمہارے لئے میرا
جانا ہی فایدہ ہے کیونکہ مین اگر نہ جاؤن تو تسلی دینیوالا تم پاس نہ آویگا پر اگر
مین جاؤن تو مین اوسے تم پاس بھیجدونگا وہ آنکر دنیا کو گناہ سے اور راستی سے
اور عدالت سے تقصیر وار ٹھیرائیگا (۹) گناہ سے اسلئے کہ وہ مجھپر ایمان نہین لاتے
اور راستی سے اسلئے کہ مین اپنے باپ پاس جاتا ہون اور تم مجھے پھر نہ دیکھوگے
عدالت سے اسلئے کہ اس جہان کے سردار پر حکم کیا گیا ہے ورس ۱۲) میری
اور بہت سی باتین ہین کہ مین تمہین کہون پر اب تم اونکی برداشت نہین کرسکتے
(۱۳) لیکن جب وہ یعنی روح حق آوے تو وہ تمہین ساری سچائی کی راہ بتاویگی
اسلئے کہ وہ اپنی نہ کہیگی بلکہ جو کچھ وہ سنیگی سو کہیگی اور تمہین آیندہ کی خبرین دیگی

Marfat.com

(۱۴) وہ میری بزرگی کریگی اسلئے کہ وہ میری چیزون سے پاویگی اور تمہیدین
(۱۵) سب چیزین جو باپ کی ہین میری ہین اسلئے مین نے کہا کہ وہ میری چیز
سے پاویگی اور تمہین دکہاویگی تہوڑی دیر اور تم مجہے نہ دیکہوگے اور پہر تہوڑی دیر اور
مجہے دیکہوگے کیونکہ مین باپ کے پاس جاتا ہون **سمجھ** یہ مسلم فریقین ہی کہ مسیح علیہ
السلام کی بولی عبرانی تہی اور یونانی نہ تہی اور فارقلیط کی جگہہ یونانی ترجمون
مین اب لفظ پیرکلیطاس ہی اور اس لفظ کی معنی تسلی دہندہ کی ہین چنانچہ
اردو ترجمہ والے نے تسلی دینیوالی کے ساتہہ ترجمہ کیا ہی مگر یہہ ترجمہ فارقلیط کا صحیح
نہین ہے بلکہ صحیح ترجمہ پیریکلوطوس ہے جو ٹہیک معنی احمد ہے اور یہہ دعوی کہ فارقلیط
کا صحیح ترجمہ احمد ہے عبرانی زبان کی لغت دیکہنے سے ثابت ہوسکتا ہی پس یہہ بشارت آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی بنام احمد ہوئی وہو المطلوب پادریان نصاری تعصب
وتقلید آبائی سے اس بشارت سے آنکہہ چہپاتے ہین اور چشم پوشی کرتے ہین اور واسطے
بہکانے عوام کے کہتے ہین کہ یہ بشارت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہین ہے
بلکہ روح القدس کے نازل ہونیکی خبر ہی اور انکی اس تعریف کو سوای کلمہ فارقلیط
ترجمہ نام مبارک احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اور الفاظ بہی رد کرتے ہین (۱)
یہہ کہ تمہید کی اوس جگہہ ضرورت ہوتی ہی کہ مامور کو طاقت انکار کرنیکی مامور بہ سے
ہو اور جب مامور کو مامور بہ سے انکار کرنیکی طاقت ہی نہو تو ایسی جگہہ تمہید
… واہی اور خلاف قاعدہ ہی اور اس جگہہ پہلے اس بشارت مین تمہید کی اور
فرمایا اگر تم مجہسے محبت رکہتے ہو تو میری حکمون پر عمل کرو پس آگے ایسے حکم کا
بیان ہونا ضرور رہا ہی کہ حوارین کو اوس سے انکار کی طاقت ہو اور وہ حکم محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتہہ ایمان لانیکا ہی نہ روح القدس کے قبول کرنیکا
اسلئے کہ روح القدس سے انکار نہین ہوسکتا ہی اسواسطے کہ وہ تو مثل جان کے

تمام جہان میں جاتا تہی اور حواریین کو انکی بول چال ہی بہلا دیتی تہی اور وہ سیکڑون
زبان کی بولیان بولنی لگتی تہی (۲) یہہ کہ اس بشارت مین یہہ جملہ ہی مین اپنے
باپ سے درخواست کرونگا اور روح القدس تمہاری عقیدہ کے موافق خدا کا تیسرا
جزو ہی اور متحد بخدا ہی اور جب یہہ بات ہی تو پہر درخواست کی خدا سے کیا معنی ہونگے
(۳) یہہ کہ اس بشارت مین یہہ جملہ بہی ہی تاکہ وہ ہمیشہ تمہاری ساتہہ رہے اور اس
جملہ سے معلوم ہوتا ہی کہ روح القدس اسوقت حواریین کی ساتہہ نہ تہی اور یہہ
منافی ہی اس عقیدہ کی کہ روح القدس اور خدا اور مسیح تینون متحد ہین مجا غیر
ہین اور اگر بالفرض تینون کا اتحاد نہین ہی بلکہ روح القدس اور خدا ہی متحد ہین
تو اس صورت سے نعوذ باللہ من ہذا القول خدا کی معدومیت لازم آتی اور نیز اگر
روح القدس بالفرض نازل بہی ہوئی ہو تو فقط ایک دو مرتبہ نازل ہوئی تو لفظ
ہمیشہ کیسی صادق آسکتا ہی اور وہ کوئی کلام نہین لائی تہی کہ اسکا ہمیشہ
رہنا گویا کہ روح القدس کا ہمیشہ رہنا ہو (۴) پہر اس بشارت میں تو لفظ
فارقلیط مین فرمایا کہ وہ تمہین سب چیزین سکہلاویگا اور یہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی ہی تعریف ہی نہ روح القدس کی اسلئے کہ اسنے کچہہ نہین سکہلایا ہی (۵)
یہہ کہ اس بشارت مین فارقلیط کی ساتہہ ایمان لانیکا حکم فرمایا ہی اور یہہ حکم حضرت رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتہہ ہی مخصوص ہی اسلئے کہ روح القدس سے تو انکا
اختلاف نہین تہی وہان ایمان لانیکی حکم سے کیا علاقہ اور نیز لفظ ایمان صاف
دلالت کرتا ہی کہ یہہ خبر اللہ کی رسول کی ہی جسپر ایمان لانا فرض ہی (۶) یہہ کہ
اس بشارت مین ہی میں تمسی سچ سچ کہتا ہون کہ تمہاری لئی میرا جانا ہی بہتر ہی
کیونکہ اگر میں نجاؤن تو تسلی دینے والا تمہاری پاس نہ آویگا اور اس جملہ سے معلوم ہوتا
کہ جنکی یہہ خبر ہی وہ حضرت مسیح علیہ السلام کی زمانہ میں حواریین میں قیام تہا مت

تک نہین ہوسکتا ہی اور روح القدس مسیح علیہ السلام کی ساتھہ تہی اور اونپر نازل
ہوئی تہی اور حواریین پربہی نازل ہوئی تہی پس یہہ اوسکی خبر نہین ہوسکتی بلکہ
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر ہے اسلئے کہ ایسے دو رسولون صاحب
شریعت کا ایک زمانہ مین ہونا ناجایز ہے (۷) یہہ کہ اس بشارت مین سے ہے
کہ وہ دنیا کو اسوجہہ سے سزاوار ٹھہرائیگا کہ وہ مجہپر ایمان نہین لائے اور یہہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وصف ہے اسلئے کہ آپنے ہی حضرت مسیح علیہ السلام پر ایمان
نہ لانیکی وجہہ سے دنیا کو گنہگار ٹھہرایا ہی نہ روح القدس نے (۸) یہہ کہ
اس بشارت مین ہی میری اور بہت سی باتین ہین پر اب تم اونکی برداشت نہین
کر سکتے ہو لیکن جب وہ روح حق آویگا وہ تمہین ساری سچائی کی راہ بتاویگا
اسلئے کہ وہ اپنی نہ کہیگا بلکہ جو کچہہ وہ سنیگا سو کہیگا اور اس سی معلوم ہوتا ہے
کہ وہ شخص جسکی یہہ بشارت ہی کچہہ احکام شریعت مسیحی مین زیادہ کریگا اور بعض
احکام مین زیادتی کمی آویگی اور یہہ بات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر
صادق ہی اسلئے کہ بہت سی احکام مین شریعت عیسوی سی شریعت احمدی مین
کمی زیادتی ہوئی اور بہت سے احکام زیادہ ہوئی نہ روح القدس پر اسلئے
کہ روح القدس نے کوئی حکم شریعت عیسوی مین نہین بڑہایا اور اگر تحلیل اکثر
محرمات کی اور تعلیم عقیدہ تثلیث کی اوسکی طرف نسبت کروگی تو وہ روح
روح قدس نہ ہوگی اور نیز روح قدس تہا نزدیک متعدد بخدا ہی پہر سننے کی کیا معنی
البتہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو کچہہ سنتے تہے سو فرماتی تہی وما ینطق عن
الہوی ان ہو الا وحی یوحی آپکی شان مین نازل ہے (۹) یہہ کہ اس بشارت مین
ہی کہ وہ تمہین آیندہ کی خبرین دیگا اور یہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف
کہ اتنی آیندہ کی خبرین ہزارون دین اور بال برابر آپکی فرمانیکے خلاف واقع نہین

Marfat.com

اور روح القدس نے کون سی خبر دی تھی (۱۰) یہہ کہ اس بشارت مین ہی کہ وہ میری
بزرگی کریگا اور یہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص صفت ہی اسواسطے کہ سچی بزرگی
حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی آپنے کی کہ دعوی خدائی اور جھوٹ سے آپکو بری کیا اور حرتبہ
رسالت کا آپکی کی ہی ثابت فرمایا ہی وہ نصاری افراط ہی کفر لیا مین تھی اور درحقیقت
تعظیم حقہ کوئی نہین کرتا تھا (۱۱) یہہ کہ اس بشارت مین ہی کہ وہ میری چیز و حق
پاویگا اور یہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وصف ہی کہ آپ اور سیدنا مسیح علیہ السلام
اصل رسالت الہی مین برابر ہین اور روح القدس نے کونسی چیز حضرت مسیح علیہ السلام
کی پائی اور وہ اور مسیح علیہ السلام تو آپکی نزدیک ایک سے ہین پھر تا نکی کیا معنی یہہ
گیارہ دلیلین سوی اسکے کہ فارقلیط نام مبارک احمد کا ترجمہ ہی اس بات کی ہین
کہ یہہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ سلم کی ہی اور روح القدس کی نزول کی خبر نہین
ہی جو شاید حوارین پر اتری ہو اور اس بشارت پادری پانچ خبط کرتی ہین (۱)
یہہ ہی کہ فارقلیط کو اس بشارت مین روح القدس اور روح الحق کی ساتھ تفسیر کی
ہی اور یہہ دونون عبارت ہین اقنوم ثالث سی یعنی خدا کی تیسری جز سی معاذ اللہ
من ہذا القول نہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم سی (۲) یہہ ہی کہ اس بشارت
مین حوارین سے خطاب کرکے فرمایا کہ فارقلیط روح الحق تم پاس آویگا اور محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم حوارین کی پاس کہان آئی آپ تو اونکی انتقال سے صدہا برس کے
بعد پیدا ہوئی (۳) یہہ کہ اس بشارت مین فارقلیط کی وصف مین فرمایا ہے
جسے دنیا حاصل نہین کرسکتی ہی کیونکہ نہ اوسی دیکھتی ہی نہ اوسی جانتی ہی اور یہہ صفت
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نہین ہی اسلئے کہ اونکو دنیا نے دیکھا ہی او ...
(۴) یہہ ہی کہ اس بشارت مین فارقلیط کی وصف مین فرمایا ہے کیونکہ وہ تمہارے
ساتھ رہتی ہے اور یہہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف نہین ہی اس لیے

Marfat.com

کہ آپ حواریین کی ساتھ کہان رہی (۵) یہہ کہ کتاب اعمال حواریین کی پہلی باب مین
یہہ عبارت ہی باب ۱ - ورس ۴ اور اونکی ساتھ اکٹھا ہو کی حکم دیا کہ تم یروشلم سے
باہر نجائیو بلکہ باپ کی اوس وعدہ کا جسکا ذکر تم سے ہو چکا ہے راہ دیکھو (۵) کیونکہ
یوحنا کی پانی سی بپتسمہ دیا ہی لیکن تم تہوڑی دنون کے بعد روح قدس سی بپتسمہ
پاؤگی اور یہہ عبارت اس بات پر دلالت کرتی ہی کہ فارقلیط سی وہ روح القدس مراد
ہی جو یوم الدار معاذ بعہد من ہذا القول نازل ہوئی تھی نہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم اسواسطے کہ موعد اب سے بہی وہی مراد ہی یہہ پانچ اعتراض نصرانیون کی ہین اور پہلے
اعتراض کا جواب یہہ ہی کہ پادری فندر صاحب میزان الحق فی مفتاح الاسرار کی پہلی
باب کی پہلی فصل مین کہا ہی کہ لفظ روح اللہ اور روح فم اللہ اور روح القدس توریت و انجیل
مین بمعنی واحد مستعمل ہوتی ہین انتہی پس اس جگہہ اوسنی دعوی کیا کہ لفظ روح اللہ اور
روح القدس بمعنی واحد عہدین مین آتی ہین اور حل الاشکال مین اوسنے کہا ہے
جس شخص کو توریت و انجیل کا کچہہ شعور ہے وہ جانتا ہی کہ روح القدس اور روح الحق
اور روح فم اللہ وغیرہ بمعنی روح اللہ ہین اسلیئے مینے اسکا اثبات ضروری نہ جانا پر
اوسکی دعوی کی موافق معلوم ہوا کہ یہہ سب الفاظ بمعنی واحد مستعمل ہوتی ہین ہمین ہم قطع
نظر اس سی کہ یہہ اسکا دعوی بذاتہ صحیح ہی یا نہین اس امر کو تسلیم کرتی ہین مگر اسکی منکر
ہین کہ یہہ سب الفاظ سب جگہہ بمعنی اقنوم ثالث ہی آتی ہین اور اسیکی قول کی موافق ہم
بہی کہتی ہین کہ جسکو کچہہ شعور عہدین کا ہے وہ جانتا ہے کہ یہہ الفاظ اور معنون مین بہی
مستعمل ہوتی ہین صحیفہ حزقیال باب (۳۷) ورس (۱۴) خداوند یہوواہ ان ہڈیون
کو یون فرمایا ہے دیکہو مین تمہاری اندر روح داخل کرونگا اور یہان روح بمعنی نفس ناطقہ
ہی نہ بمعنی تیسری اقنوم کی جو انکی زعم کی موافق عین خدا ہی معاذ اللہ اور چوتہی باب مین یوحنا
کی پہلی رسالہ کی ہی ای پیارو تم ہر ایک روح کو یقین نکرو بلکہ روحونکو آزماؤ کہ وہی خدا کی

Marfat.com

طرف سی ہین کہ نہین کیونکہ بہت سی جھوٹی پیغمبر دنیا مین نکل آئی ہین (۲) اس سے
تم خدا کی روح کو پہچانو ہر روح جو اقرار کرتی ہی کہ مسیح جسم مین آیا وہ روح خدا کی
طرف سے ہی (۳) اور ہر ایک جو روح اقرار نہین کرتی ہی کہ یسوع مسیح جسم مین آیا تو وہ
خدا کی طرف سے نہین اور یہان لفظ روح بمعنی واعظ ہادی و مضل ہی اور اقنوم ثالث
کی معنی مین نہین ہی اس لئی کہ وہ تو انکی زعم کی موافق عین خدا ہی پس ایسے ہی تفسیر
فارقلیط مین روح القدس اور روح الحق بمعنی الواعظ الحق ہی جیسا کہ لفظ روح الحق
اور روح اللہ یوحنا کی پہلی رسالہ مین انہین معنون مین ہی اور دوسری شبہ کا جواب
یہہ ہی کہ منشا اس شبہ کا یہہ ہی کہ جو خطاب کی وقت حاضر ہون وہی اوس خطاب
اور کلام کی ساتھ مخاطب ہوتی ہین اور یہہ صحیح نہین ہے بلکہ بسا اوقات جو خطاب
کی وقت حاضر ہوتی ہین وہ خطاب سی مراد نہین ہوتی ہین دیکھو متی کی انجیل کی
چھبیسوین باب کی ورس (۶۴) مین ہی بلکہ مین تمہین کہتا ہون کہ اسکے بعد تم
ابن آدم کو قادر مطلق کی داہنی طرف اور آسمان کی بادلون پہ آتی ہوئی دیکھوگی
اور یہہ سب مخاطبین مر گل گئی اور اٹھارہ سو برس سے اوپر زیادہ گذر گئے اور کسی
نے آپکو بادلون پہ آتی ہوئی نہین دیکھا پس اس جگہہ وہ اشخاص مراد ہین جو حضرت
مسیح علیہ السلام کی نزول کی وقت مین ہونگی ایسے ہی کہا تحقیق وہ مراد ہین کہ ظہور فارقلیط
کی وقت مین ہونگی چنانچہ وقت بعثت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لاکھون
کروڑون نی آپکو دیکھا اور تیسری شبہ کا جواب یہہ ہی کہ معرفت سی معرفت کاملہ مراد
ہی اور ایسی ہی رویت سی بصیرت مراد ہی اور یہہ لفظ انہین معنون مین متی کی انجیل
کی تیرھوین باب مین آیا ہی اور وہ عبارت یہہ ہی اسلئے مین اونسی تمثیلون مین بات
کرتا ہون کیونکہ وہ دیکھتی ہوئی نہین دیکھتی اور سنتی ہوئی نہین سنتی اور سمجھتی ہوئی
نہین سمجھتی ہین اور اس لفظ کی اگرچہ یہہ معنی مجازی ہین پہ حقیقت عرفیہ کی قائم مقام

Marfat.com

ہو گئی ہین اور سیدنا مسیح علیہ السلام کی کلام مین اور بہت جگہہ یہہ دونون لفظ ان معنون
مین آئی ہین انجیل مذکور کی گیارہوین باب مین ہی میری باپ سی سب کچھہ مجھی سونپا گیا
اور کوئی بیٹی کو نہین جانتا مگر باپ اور کوئی باپ کو نہین جانتا مگر بیٹا اور جس پر بیٹا
ظاہر کیا چاہی اور یوحنا کی انجیل کی سترہوین باب مین ہی ای عادل باپ دنیا نی تجھی
نہین جانا مگر مینی ہی تجھی جانا ہی اور اونہون نی جانا ہی کہ تو نی مجھی بھیجا ہی اور
ایسی ہی اور بہت سی مقامون مین اسی معنی مین یہہ دونون لفظ آئی ہین اور چوتھی
سنتہ کا جواب یہہ ہی کہ ترجمہ عربی مطبوعہ ۱۶۷۱ اور ۱۸۲۵ مین یہہ فقرہ اسطرح ہی
لانہ مستقر معکم ویکون فیکم اور فارسی کی ترجمہ جو ۱۸۱۶ اور ۱۸۲۸ اور ۱۸۴۱ اور
ایسی ہی اردو کی ترجمہ جو ۱۸۱۴ اور ۱۸۳۹ مین چھپی ہین وہ سب ان دونون ترجمون
عربی کی موافق ہین اور ترجمہ عربی مین جو ۱۸۱۶ مین چھپا ہی یہہ فقرہ اسطرح ہی
لانہ ماکث معکم ویکون فیکم مراد ثبوت سی ثبوت بہ زمانہ استقبال ہی تاکہ سب
ترجمی موافق ہو جاوین اور باقی رہا فقرہ تم مین رہتی ہی اور مقیم عندکم پس اس فقرہ
مین بہی قیام استقبالی اور وہ رہنا مراد ہی جو زمانہ آیندہ مین ہوگا لیکن بسبب
شدت یقین کی اسی حال کی ساتھہ تعبیر کیا ہی ورنہ سب کلام متناقض ہو جاویگی اسواسطے
کہ اور سب کلمات بمعنی استقبال ہین اور وہ کلمات یہہ ہین مین اپنی باپ سے
درخواست کرونگا اور وہ تمہین دوسرا تسلی دینیوالا بخشیگا کہ ہمیشہ تمہاری ساتھہ رہے
اور لیکن وہ تسلی دینیوالا جسے باپ میری نام سی بھیجیگا وہ تمہین سب چیزین سکھلاویگا
اور سب باتین جو کچھہ مینے تمہین کہی ہین یاد دلاویگا بعد اسکے مین کلام نکرونگا اسلئے
کہ اس جہان کا سردار آتا ہی اور مینے اوسکے واقع ہونی سی پیشتر کہا تاکہ جب وہ وقوع
مین آوی تو تم ایمان لاؤ پس یہہ سب جملی صراحۃ بمعنی استقبال ہین پس ان دونون
لفظون کو بہی بمعنی استقبال سمجھنا چاہئی اور یقین کر لینا چاہئی کہ بسبب شدت یقین کے

بصورت حال تعبیر کیا ہی اور شدت یقین کی وجہ سے حال کا کیا حال پوچھو استقبال کو ماضی
کی ساتھ تعبیر کرتی ہین دیکھو صحیفہ حزقیال علیہ السلام باب (۳۹) کہ اس باب مین یاجوج
ماجوج کی خبر دیکر اور اونکا موضع تباہی بنی اسرائیل کی پہاڑ بیان کرکے فرمایا ہی دیکھو وہ
پہونچا اور وقوع مین آیا خداوند یہوواہ یون کہتا ہی یہہ وہی دن ہی جسکی بابت مینی
کہا اور ترجمہ فارسی مطبوعہ ۱۸۳۹ مین یہہ جملہ اسطرح ہی اینک رسید و بوقوع پیوست ج
اور انجیل یوحنا مین مستقبل کو بصیغہ حال بیان کیا ہی باب (۵) ورس (۲۵)
مین تم سی سچ سچ کہتا ہون کہ وہ گھڑی آتی ہی اور اب ہی کہ جس دن مین مردی خدا کے
بیٹے کی آواز سنینگے اور اوسی سنکے جاگینگے پس جیسے ان دونون جگہہ مین شدت یقین
کی وجہ سی مستقبل کو ماضی اور حال کی ساتھ تعبیر کیا ہی ایسی ہی فیما نحن فیہ مین شدت
یقین کیوجہ سے مستقبل کو بصیغہ حال تعبیر کیا اور ما نحن فیہ مین تو محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو پیدا ہوئی تیرہ سو برس سے زیادہ گذر گئے اور ان دونون فقرونکا مصداق
ابہی نہین ہوا اور اخیر فقرہ تو محرف ہی اسلئے کہ مردی بحکم خداوند یعنی دم مسیح زندہ
ہون گی نہ بحکم مسیح علیہ السلام اور جو خود اپنی زندگی پر قادر نہو تو وہ دوسری کو کسطرح
حیات بخش سکتا ہی خصوصاً جب کہ وہ مردہ ہی ہو اور مسیح علیہ السلام تو اموات مین
شامل ہونگی پہر کسطرح وہ اورونکو زندہ کرینگے اور پانچوین شبہہ کا جواب یہہ
کہ ہم کب تسلیم کرتے ہین کہ موعد اب سے یوحنا کی انجیل مین وہ روح مراد ہی جو
قول کی موافق یوم الدار نازل ہوئی بلکہ اوس سے ہی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ہی مراد ہین اور یہ وسلم سی بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک باہر بجا ایسکے
یہہ معنی ہین کہ اسی اوسوقت تک اپنا قبلہ سمجھو اور اس سے مستمر رہو اور بعد بعثت
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبلہ دائمی جمیع عالم کا ... ہوگا ذکر
لقب شریف مصطفیٰ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم صحیفہ انبیا کے

بیالیسوین باب مین فرمایاہی دیکھو میرا بندہ جسی مین سنبھالتا میرا برگزیدہ اور برگزیدہ ترجمہ
مصطفےٰ ہی اور تحقیق اسکی گذرگئی اور اسی کتاب کی تینتالیسوین باب مین آپکے
اس لقب خاص کا ذکر ہی باب (۴۳) ورس (۹) ساری قومین فراہم کیجاوین اور
ساری لوگ جمع ہووین انکی درمیان کون ہی جو اسی بیان کرے یا ہم کو سابق چیزین
گوئیان بتاوی وی اپنی گواہون کو لاوین تاکہ وی سچی ثابت ہووین اور لوگ سنین اور
کہین کہ یہہ سچ ہی تم میری گواہ ہو خداوند فرماتاہی اور میرا بندہ بہی جسی مینی برگزیدہ کیاہی ج
تاکہ تم جانو اور مجہپر ایمان لاؤ اور سمجھو کہ مین ہون مجہسی آگی کوئی خدا نہ تہا اور میری بعد
بہی کوئی نہوگا (۱۱) مین ہی یہوواہ ہون اور میری سوا کوئی اور بچانیوالا نہین ہے
(۱۲) مینی بیان کیا اور مینی ہی بچالیا اور مینی ہی ظاہر کیا جسوقت مین تم مین کوئی
اجنبی معبود نہ تہا سو تم میری گواہ ہو خداوند فرماتاہی کہ مین ہی خدا ہون (۱۳) اسوقت
سی کہ دن ہوئی تہا مین ہی ہون اور کوئی نہین کہ میری ہاتہہ سے چہوڑا سکے مین کام
کرونگا کون ہی جو اسمین ہرج کردی (۱۴) خداوند تمہارا بچانیوالا اسرائیل
کا قدوس یون فرماتاہی کہ تمہاری خاطر سی مینی بابل کو بہیجاہی اور ساری بہیندونکو
تلی اتارا اور کسدیون کو بہی جو اپنی خوشی کی جہازون پر ہی (۱۵) مین خداوند
تمہارا قدوس ہون اسرائیل کا خالق تمہارا بادشاہ ہون (۱۶) خداوند یون فرماتاہی
وہ جسنی دریا مین رستی اور بڑی پانیون مین گذرگاہ بنائی ہی (۱۷) جسنی گاڑیان
اور گہوڑی اور لشکر اور بہادرون کو نکالاہی یون فرماتاہی وی سب کی سب گرگئی
وی نہ اوٹہینگی وی بجہگئی ہان وی بتی کیطرح بجہ گئی (۱۸) تم اگلی چیزون کو یاد نکرو
اور قدیم باتون کو سوچتی نہ رہو (۱۹) دیکہو مین ایک نئی چیز کرونگا اب وہ نمود
ہوگی کیا تم اوس پر ملاحظہ نکروگی ہان مین بیابان مین ایک راہ اور صحرا مین ندیان بناؤنگا
(۲۰) دشت کی جمیع اگیدہ اور شترمرغ میری تعظیم کرینگی کیونکہ بیابان مین پانی

Marfat.com

اور صحرا مین ندیان موجود کرونگا کہ وی میری لوگون کو میری برگزیدون کی پینی کی ہووین
(۲۱) مینے ان لوگون کو اپنی لئی بنایا وی میری ستایش کرینگی (۲۲) لیکن ای یعقوب
تو نی میرا نام نہین لیا بلکہ ای اسرائیل تو مجہ سی دق ہوا (۲۳) تو برون کو اپنی سوختنی
قربانیون کی میری حضور نہین لایا اور تو نی اپنی ذبیحون سے میری تعظیم نہین کی مینی تجہے
ہدیون کی بابت تکلیف نہین دی اور نہ خوشبون سے تجہے دق دی (۲۴) تو نے
روپی سے میری لئی خوشبودار اوکہہ نہین خریدی اور تو نی مجہی اپنی ذبایح کی چربی سے
سیر نہین کیا لیکن تو نی اپنی گناہون سے مجہے باردار کردیا اور اپنی خطاون سے تو نے مجہے
تہکایا (۲۵) مین ہی ہون جو اپنی نام کی خاطر تیری گناہون کو مٹاتا ہون اور
جو کہ تیری خطاون کو یاد نہین رکہونگا (۲۶) مجہی یاد دلا کہ ہم ملکی آپس مین بحث
کرین تو اپنا حال بیان کرتا کہ تو صادق ٹہیری (۲۷) تیری بڑے باپ نی گناہ کیا
اور تیری تفسیر کرنیوالون نی میری مخالفت کی ہی (۲۸) اسلئے مینے مقدس کی سردارون
کو ناپاک ٹہیرایا اور یعقوب کو حرم کردیا تا کہ اس پر طعنہ زنی ہوا ہی اور یہ
یہ دعوی کہ یہ بشارت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی چند شاہدون سی ثابت کرتا
ہون شاہد اول = اس باب کی نوین ورس مین ہی وہی اپنی گواہون کو لاوین
تا کہ وی تجہی ثابت ہووین اور اس فقرہ کی آخر تو کوئی معنی ہونگی کہ یہ کلام بی معنی تہا
نہین بسبب ہی اور اسی ورس مین یہ جملہ بہی ہی اونکی درمیان کون ہی جو اسی بیان
کرے یا ہم کو سابق پیشین گوئیان بتاوی اور اس جملہ سی اس کلام کا پیشین گوئی
ہونا معلوم ہوتا ہی پس ہماری نزدیک اس ورس کی یہ معنی ہین کہ اللہ تعالی فرماتا ہے
دعوی رسالت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صادق اور واجب التسلیم ہی اور گواہ
اونکی معجزات ہین اور اگر بالفرض تمہاری نزدیک معجزات اور آیات غیبات کی گواہی معتمد
نہین ہی اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری نزدیک رسول برحق نہین ہین

Marfat.com

اور تم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب مین سچی ہو تو تم اپنی گواہ لاؤ اور وہ گواہ
یہہ ہو کہ تم اپنی بزرگون کو جمع کرو اور ادہر سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معہ اپنی
لخت جگرون کی تشریف لاوین اور تم دعوی کرو کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نبی برحق
نہین ہین اور اپنی دعوی کی صدق کی یہہ دلیل لاؤ کہ دعا کرو کہ الہی جو ہم مین جہوٹا ہو وہ
ہلاک ہو چنانچہ نصاری نجران سی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ مباہلہ قرار پایا
اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وقت موعود پر معہ سیدنا فاطمہ رضی اللہ عنہا اور امام حسنین
رضی اللہ عنہما اور سیدنا علی ابن طالب کرم اللہ وجہہ مقام مقرر پر تشریف لائے
اور ادہر سی نصاری نجران بہی آئی پس ایک شخص نے جو اونکا بڑا تہا یہہ بات کہی
کہ جس قوم نے اپنی نبی سے مباہلہ کیا ہے وہ ہلاک ہو گئی ہی تم مباہلہ نکرو ورنہ ہلاک
ہو جاوگے اور مجہی وہ صورتین نظر آتی ہین کہ اگر پہاڑ کو کہین کہ زمین پر سے ٹلجا
تو ٹلجائی قسمت اونکی اچہی تہی اور آپ رحمت للعالمین تہی مباہلہ سے باز آئی ورنہ
ہلاک ہو جاتی اور جزیہ قبول کر کے چلی گئی اور اسیوجہ سے کہ باعث اسکی کہ آپ رحمت للعالمین
تہین یہہ مباہلہ ہونیوالا نہ تہا اسکا انجام نہ بیان فرمایا فقط اتنا ہی کر دی اپنی گواہوں کو
لاوین تاکہ وہی سچی ثابت ہووین یہہ ہماری نزدیک اس جملہ کی معنی ہین اگر آپ کے
نزدیک اسکے کوئی اور معنی ہون تو بیان فرمائی۔ دوسرا اشاہد یہہ ہی کہ دسوین درس
مین ہی تو تم میری گواہ ہو اور میرا بندہ ہی جسی مینی برگزیدہ کیا ہی تاکہ تم جانو اور مجہہ
ایمان لاؤ شش گواسے جو قسم پر ہی ایک وہ جو مدعی کی مفید مطلب ہو اور دوسری
جو مدعا علیہ کی مفید ہو لیس اس ورس کی معنی ہماری نزدیک یہہ ہین کہ محمد رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری رسول ہین اور تم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صدق
رسالت کی گواہ ہو اور تمہاری ذمہ یہہ ہی کہ بیان کرو کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کی بشارتین پہلی صحیفون مین موجود ہین اور ہم انکو اپنی بیٹون کی مانند پہچانتی ہین

Marfat.com

ا ہر میرا بندہ یعنی عبد اللہ ابن عبد اللہ محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم گواہ ہین اور آپکی
ذمہ صدق رسالت مسیح علیہ السلام کی گواہی تہی پس جیسے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نی گواہی جو آپکی ذمہ تہی پوری ادا کی تم بہی اوس گواہی کو جو تمہاری ذمہ
ادا کرو اور برگزیدہ ترجمہ مصطفے ہی اور مصطفے لقب خاص محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ہے تیسرا شاہد بارہوین ورس مین ہی جسنے بیان کیا یہ زمانہ بعثت آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان ہی یعنی آپ اوس زمانہ مین مبعوث ہونگی کہ ...
... سے توبہ نصوح کر چکی گئین اور آپ معصوم اور محفوظ بہی ہونگی چوتھا شاہد
تیرہوین ورس مین تمہید ہے اور پہر بیان تعین اس زمانہ عام کا ہی اسلئے
کہ وہ زمانہ بہی عام تہا اور درمیان مین بعثت مسیح علیہ السلام حائل تہی اس ... بعد
تخصیص بعد تخصیص فرمائی اور خرابی بابل کا ذکر فرمایا اور بابل زمانہ عمر بن الخطاب
رضی اللہ عنہ مین خراب ہوا **پانچوان شاہد** ..... تیسوین ورس مین ہی
مین بیابان مین ایک راہ اور صحرا مین ندیان بناونگا۔ اس ورس مین مقام
پیدایش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر فرمایا ہے اور بیابان سے بیابان فاران
مراد ہی جسکا چند مرتبہ ذکر ہو چکا ہی اور وہ بیابان عرب ہی وہ جگہہ ہی جہان اب مکہ
معظمہ آباد ہے اسلئے کہ اسماعیل علیہ السلام کی نسبت لکہا ہی اور وہ فاران کی بیابان
مین رہا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ مین پیدا ہوئی اور چالیس
برس بیابان فاران مین ہی آپ کو رسالت عطا ہوئی غیر ملک مین آپکو رسالت
عطا نہین ہوئی اور راہ سی سبیل اللہ شریعت الٰہی مراد ہی اور یہی شریعت باعتبار
رسالت وختم نبوت وکثرت معجزات وخفت اثقال وشوکت ودبدبہ ایک نئی شی ہی
اس اعتبار سے نئی کہ پہلی شرایع بنی اسرائیل کے انبیاء مین تہین اور یہ بنی اسماعیل مین ہوئی
یہ شریعت ایک نئی شی ہی اور ندیون سی آب حیات باطنی کی ندیان مراد ہین اور

ملک قدیم خشک عرب بے افضال الہی جلشانہ الیسی بہ نکلین کہ ادہر حرکت سعاوسی فرما کر
شام وروم ومغرب تک پہونچین اور ادہر سندہ سے گذر کی مشرق تک پہونچین اور یکہ نظم
مین ظاہری نہر ہی بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آئی عین زبیدہ اسکا نام ہے
اور آجتک جاری ہے ورس (۲۰) دشت کی بہی آیدرُ (۱۲) دشت سی دہی
بیابان فاران مراد ہی اور وہان کی جانوروں نی بہی بہ زبان ظاہر حمد وثنای الٰہی
بیان کی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دی اور الناس کالانعام
تو فرشتہ سیرت ہوگئی اور انکی غذا ہی حمد وثنای الٰہی ٹہرگئی **قولہ** میری برگزیدہ کی
لئی ہو بطفیل محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم آپکی امت عاصی ہی برگزیدہ ہی اور صحابہ برگزیدہ
تہی ہی **قولہ** مینے انکو اپنی لئے بنایا اللہ پاک نے صحابہ کی نسبت فرمایا کنتم خیر

أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ **قولہ** میری ستائش

گزین گی نزول اور وجوب قراۃ سورہ فاتحہ کی خبر دی ہی اور اگلی ورسون مین
بنی اسرائیل کی نکوہش ہی اور اونکی اس ذلت کا ذکر ہے جو بوجہ عدم اتباع آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی انکو آپکی زمانہ مین ہوئی اور ان ورسون سے یہہ بہی معلوم
ہوتا ہی کہ ہدی اور قربانی فربہ بی عیب ہونی چاہئی اسلئے کہ بنی اسرائیل کی عیبدار
اور دبلی قربانی کرنی پر مذمت فرمائی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دونون
عالم کی بادشاہ تہی اور پہلی صحیفون مین آپکو بادشاہ خطاب دیا ہے صحیفہ یسعیاہ علیہ
السلام باب (۳۲) دیکہہ ایک بادشاہ راستی سے سلطنت کریگا اور شاہزادی
عدالت سے حکمرانی کرینگے (۲) ہان ایک شخص آندہی سے پناہ کی مانند ہوگا اور
طوفان سے چہپنی کی جگہہ اور پانی کی ندیون کی اور بہاری چٹان کی سایہ کے مانند
ماندگی کی سرزمین مین (۳) اور انکی آنکہیں جو دیکہتی ہین نہ دہندلائینگی اور اونکی

کیان جو متی بین نہین گے نہ نے لحاظ کا دل ہی معرفت سمجھے گا اور لکنتی کی زبان صاف
بولنے مین مستعد ہو گی (۵) پاجی آدمی پھر صاحب مروت نہ کہلائیگا اور بخیل کو کوئی
سخی نہ کہیگا (۶) کیونکہ پاجی آدمی چپنڈ لپن کی باتین کرے گا اور اسکا دل بدی
کے منصوبے باندہے گا کہ بے دینی کرے اور خداوند کی برخلاف دروغگوئی کرے
اور پیاسے سے پینے کی چیز کو باز رکھے (۷) اور بخیل کی ہتیار زبون ہین وہ بدی
کے منصوبے باندہا کرتا ہے تاکہ جہوٹی باتون سے مسکین کو اور محتاج کو جب وہ
حق بیان کرتا ہو ہلاک کرے (۸) لیکن صاحب مروت سخاوت کی منصوبے
باندہتا ہے اور وہ سخاوت کی کامون مین ثابت قدم رہے گا .... ش ورس
اول دیکھ ایک بادشاہ راستی سے سلطنت کریگا اور شاہزادے عدالت سے
حکمرانی کرینگے یہہ مسلم عند الفریقین اہل اسلام ونصاری ہے کہ اس جگہ
بادشاہ سے وہ خلیفۃ اللہ فی الارض مراد ہے جو صاحب نبوت ورسالت ہو اور
صاحب حکومت بھی ہو گا اختلاف تشخیص مین اس خلیفہ الہی کی ہے نصاری کے
نزدیک وہ خلیفہ الہی سیدنا روح اللہ مسیح علیہ السلام ہین مگر آپ پر اطلاق خلیفۃ اللہ
اور بادشاہ کا کسی طرح سے باعتبار زمانہ ماضی صحیح نہین ہے اسلیئے کہ سلطنت
ظاہری آپکی نہین ہوئی اور نہ آپ شہزادے کی بہی تمہارے نزدیک آئی تہے
پس اس وجہ سے یہہ آپکی بشارت نہین ہو سکتی بلکہ یہہ بشارت کسی اور نبی کی
ہے اور اسکا صاحب حکومت اور صاحب شہزادہ ہونا ضروری اور وہ نبی
باقرار پادریان نصاری سیدنا مسیح علیہ السلام سے پہلے نہین ہوا اور بعد سیدنا
مسیح علیہ السلام کی کوئی اور رسول محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے سوا نہین ہے اور مقدمہ کتاب ہذا کی دوسری فصل مین یہہ دعوی مبرہن
ہو چکا ہے پس اسوجہ سے یہہ بشارت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی ہے

Marfat.com

اور آپ صاحب سلطنت ظاہری اور باطنی تھی سلطنت ظاہری تو آپکو حاصل تھی ہی اور باطنی اسوجہ سے کہ آپ صاحب جزا وسزا تھی قولہ اور شاہزادی الخ مسیح علیہ السلام نے نکاح ہی نہین کیا پھر صاحبزادی آپکی کہان ہوئی اور بی بان اللہ عز وجل نے صاحبزادی آپکو عطا نہین کیئے پس اسوجہ سے یہہ بشارت مسیح علیہ السلام کی نہین ہوسکتی اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے اور عرب مین سادات ہی آجتک صاحب حکومت ہین اور سیدنا امام مہدی علیہ السلام تو آپکی سیرت ونام مین ہی موافق ہون گے اور وہی صاحب خلافت ہونگے پس اسواسطے یہہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جدامجد حضرت امام حسن اور حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہما کی بشارت ہی اور مسیح علیہ السلام کی بشارت نہین ہے ورس (۲) ہان ایک شخص الخ ش ممدوح ورس ہذا مبشر بہ بشارت ہذا ہے اور یہہ ظاہر ہے پس ضرور ہی کہ یہہ ورس اوسکی تعریف وتوصیف ہی جسکا تمام ورسون مین بیان ہے اور جس پر تمام ورس صادق ہین اور پہلے ورس کی دوسرے فقرہ کا جسکے ابہی شرح بیان کی گئی ہے ذات مسیح علیہ السلام پر کسیطرح صدق ممکن نہین ہے جیساکہ ابہی بیان ہولیا اور اس ورس کی بہی تمام جملے سیدنا عیسے علیہ السلام پر صادق نہین آسکتی ہین اسلئے کہ اوس سرزمین کو جسمین دودہ اور شہد کی ندیین بہتی ہون اور برابر انبیاء کرام علیہم السلام ہی وہان مبعوث ہوتی رہی ہون اور جابجا پانی کے چشمے وہان آنکہونسے بہتے ہوئے نظر آتی ہون زمین خشک نہین فرماسکتے ہین البتہ ایسی سرزمین کو جس مین دودہ کا عمدہ جانور جسے بہنیس کہتے ہین پیدا ہی نہوتا ہوا اور نبوت بہی وہانسے مدہا برس سے منقطع سے ہو اور بی آبی بہی وہان کی مشہور ومعروف ہو کہ بعض برسون مین ایک پیالہ پانی ایک ایک اشرفی کو ہاتہ نہ آتا ہو اور وہانکی رہنی والی شدت پیاس مین

مین آخری تمنا یہہ کرتے ہون کہ ایک دفعہ سی صورت سے موت سے پہلی
ہمین ایسی ندی ہو کہ میرے زانوؤن تک پانی بہتا جاوے اور مین اپنے
خشک کو پانی سے بہرلون اور اس تمنا مین میرتے ہون شعر مالیتی قبل منیتی یوم
افوز بمنیتی بہ نہر تلاطم کبتی داخل املا قربتی + زمین خشک فرماسکتے ہین
اور پہلی صفت زمین شام کی ہی اور وہان سیدنا مسیح علیہ السلام پیدا ہوئے
اور دوسری تعریف صحرائے عرب کی ہی اور وہان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
مبعوث ہوئے اور علاوہ اسکے **قولہ** پانی کی ندیون کے مانند آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ خاص کی خبر دی ہی اور وہ معجزہ یہہ ہے کہ آپکے اصابع
مبارک کی درمیان سے بطور اعجاز پانی کے چشمے جاری ہوجاتے ستھے اور بیان
معجزات مین اسکا بھی بیان آویگا۔ ورس (۴) اونکی آنکھین جو دیکھتی ہین
تو وہ ند لائین گے الخ ان دونون ورسون مین ہدایت احمدی صلی اللہ
علیہ وسلم کا بیان ہے یعنے جسمین استعداد قبول ہو گی اگرچہ وہ فی الحال
بے لحاظ اور معرفت الٰہی سے بی بہرہ ہو مگر بطفیل ہادی عالم محمد رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم وہ ہدایت پاویگا اور صاف بولنے لگیگا اور ساتھہ آواز لا الہ الا اللہ
محمد رسول اللہ کی پہچانے لگا اور ایسا ہی ہوا قبل بعثت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے ملک عرب کی ایسی تباہ حالت تھی کہ بیان سے باہر ہے خانہ
خدا کی گرد تین سو ساٹھہ بت رکھے ہوئے تھے اور غلغلہ شرک اور بالی شرک کا
ایسا بلند تھا کہ اس زمانہ مین دو ۔۔۔ مین کہین بھی کلمہ توحید لا الہ الا اللہ کی آواز
نہین سنائی دیتی تھی اور بعد بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جیسے وہ صدا
معرفت اور صاحب توحید ہو گئی اظہر من الشمس و ابین من الامس ہے
ورس (۵) پاجی آدمی پہر صاحب مروت نہ کہلائیگا الخ یہہ اس

ج کی فرعون ابوجہل کی مذمت ہی اور بعض مفسرین کی نزدیک سورہ ماعون مین یمنعون الماعون اسیکی مذمت مین نازل ہی اور ماعون کی تفسیر مین مفسرین سے پانی اگ نمک بیان کیا ہی ورس (۷) بخیل کی ہتیارے زبون ہین۔ الخ۔ اس ورس مین بہی اسی فرعون اس امت کی مذمت ہی ورس (۸) لیکن صاحب مروت الخ یہہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا ذکر ہے اور مروت آپکی مشہور و معروف ہے اور سخاوت بہی اونکی مشہور ہے امت محمدیہ پر اپنی جان ہی قربان کردی اور سامنے تلوار مسلمانون مین نہ چلنے دی ذکر اسم شریف وحید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک وحید بہی ہے ایہ استفسار قاضی عیاض مین نقل کیا ہے کہ ابن سیرین سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا توریت مین وحید لقب ہے **سند اول بشارت وحید** زبور ۳۵ ورس (۱۷) ای خداوند تو کب تک دیکہا کریگا اونکی خرابیون سے میری جان کو چہوڑا میری وحید کو شیر بچون سے (۱۸) مین بڑی جماعت مین تیرا شکر ادا کرونگا مین لوگون کی کثرت کی درمیان تیری ستایش کرونگا سیدنا داؤد علیہ السلام بالاتفاق ان ورسون مین کسی نبی کی بشارت دیتی مین اور بسبب شدت محبت کی اونکی نسبت کلمہ میری جان اطلاق فرماتے ہین لیکن نصرانی کہتی ہین کہ یہہ ورس سیدنا عیسے علیہ السلام کی بشارت مین اور ہماری نزدیک یہہ ورس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مبشر ہین اور ہماری دلیل یہہ ہے کہ دعا داود علیہ السلام قبول ہونی چاہئیے اور تمہاری نزدیک سیدنا عیسے علیہ السلام مصلوب ہوئی پھر بچایا کہان پایا گیا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالاتفاق ہمارے اور تمہارے نزدیک کفار کی ہاتہون سے محفوظ رہی اور بخیر و عافیت مدینہ منورہ مین رونق افروز ہوئی بلیس اسکے

یہہ آنکی ہی بشارت ہونی چاہیے اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی صفات مین یکتا
تہی کوئی مخلوق مین سے آپکا نظیر نہین ہے اور آپ اپنی مان باپ کی ہی اکلوتے
بیٹے تہے اور یہہ نا مسیح علیہ السلام کی تمہاری قول کے موافق شاید اور بہائی بہی تہے
جیسا کہ ان انجیلون مین کہین مذکور ہی **دوسری سند بشارت**
خلفائیہ زبور ورس (۲۰) میری جان کو تلوار سے بچا میری وحیدہ کو
کتی کے ہاتہہ سے (۲۲) مین اپنی بہائیون مین تیرا نام بیان کرونگا اور مجمع
مین تیرا ثناخوان ہونگا **ش** شرح اس بشارت کی خاتمہ کتاب ہذا مین منقول
ہوئے گرچہ اکثر اس مین خلافت خلفاے حقانیہ کا بیان ہے اور اس بشارت
مین بہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک وحید ذکر فرمایا ہے اور بہت
ہوز اگرچہ زیادہ ہے مگر اسکے بیان کی تصحیح اسماے کی موافق یہہ زیادتی نسبتا
نہی **دسوین فصل اس بیان مین** کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم برسالت عامہ مبعوث ہونگے اور آپکی رسالت کسی ملک اور کسی قوم اور کسی
کے ساتہہ خاص نہوگے **سند اول بشارت مثلیہ باب**
(۱۸) ورس (۱۸) مین اونکی لئے اونکی بہائیون مین سے تجہسا ایک نبی برپا
کرونگا یہہ کلام بنی اسرائیل کی ساتہہ ہے اور تمہاری لئے اسمین ارشاد ہی اور بشارت
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے اور تخصیص بنی اسرائیل کے نفی او بشارت
سے ثابت ہے اور کوئی اسکا مدعی بہی نہین ہے **دوسری سند بشارت**
فارقلیطہ انجیل یوحنا باب (۱۴) ورس (۱۶) اور مین اپنی باپ سے
درخواست کرونگا اور وہ تمہین دوسرا تسلی دینے والا بخشیگا کہ ہمیشہ تمہارے
ساتہہ رہے یہہ بہی بشارت رسالت احمدی ہے اور تمہا طرز امت
اور پہلی بشارت مین امت یسوعی مخاطب ہے اور اسمین ارشاد

Marfat.com

دوسرا التسلی ونیوالا بخشیگا اوراس سے مدعی ثابت ہے اور وہ یہی ہے کہ محمد رسول
ج اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالتہ عرب کے [illegible] خاص ہوگی **تیسری سند**
بشارت طلوعیہ کتاب استثنا باب (۳۳) خداوند سیناسی آیا اور
سعیر سے طلوع ہوا اور فاران کی ہی پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا شرح بشارت
ہذا مین مذکور ہوچکا کہ اس بشارت مین حضرت موسے اور حضرت عیسی اور حضرت
محمد رسول اللہ صلوات اللہ علیہم اجمعین کی رسالت کا ذکر ہے اور اس جملہ
مین کہ خداوند سیناسی آیا حضرت موسی علیہ السلام نی اپنی رسالت کا ذکر فرمایا کہ
طور سینا پر رسالتہ اونکو عطا ہوئی اور دوسری اس جملہ مین کہ سعیر سے طلوع
ہوا رسالت سیدنا عیسے علیہ السلام کا ذکر ہے کہ آپکو سعیر مین رسالت ملی اور
اس تیسری جملہ مین اور فاران کی ہی پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا بشارت رسالت
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی مگر جلوہ گر ہونا عموم رسالتہ احمدی
صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر دی رہا ہے **چوتھی سند بشارت فارقلیط**
کی باب (۱۴) کی ورس اخیر مین ہے اس جہان کا سردار آتا ہے اور اس سے
بہی عموم رسالت ثابت ہی **پانچوین سند بشارت خلفائیہ کا**
ستائیسوان ورس ہی۔ سارے جہان کو سراسر یاد آویگا اور وے
خداوند کیطرف رجوع لاوینگے اور یہہ جملہ قطع نظر عموم رسالتہ سے تسلیم عموم
کی خبر دی ہے **چٹھی سند بشارت پطرسیہ کتاب اعمال باب ۳**
ورس (۲۵) تم نبیون کے اولاد ہو اور اوس عہد کے ہو جو
خدا نے باپ دادون سے باندہا ہے جب ابرہام سے کہا کہ تیری اولاد سے
دنیا کے سارے گہرانے برکت پاوینگے اور اس ورس سے علاوہ عموم رسالتہ
احمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلیم عموم کی ثابت ہے

Marfat.com

گیا ہوہین وصل اسن بیان ہین کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہونگے اور نبوت آپ پر ختم ہوجاوینگی **سند اول بشارت حجر زاویہ قصر نبوت** زبور (۱۱۲) ۲۲ وہ پتہر جسے معمارون نے رد کیا وہی کونے کا سرا ہوگیا (۲۳) یہ خداوند سے ہوا جو ہمارے نظرون مین عجیب ہی ... **آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو** بنوکدر نصر کی خواب مین حجر کے ساتہ مین تعبیر کیا ہے اور شرح اس بشارت کی پہلی ہوچکی ہی البتہ اس بشارت کی شرح ہونی چاہیئے **پس معلوم ہو کہ یہہ** بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اسلئے کہ تعجب کی بات یہی ہے کہ جہین حضرت ہاجرہ علیہ السلام کی اولاد ہو اور سارہ علیہ السلام کی اولاد کی ہو نہین کچھہ تعجب نہین تہا اور پہر وہ تینون قصر نبوت ہی نہین ہین اور دوسرے **فصل** مقدمہ کتاب مین بیان ہوچکا ہو بیا اور پہر خود سیدنا مسیح علیہ السلام نے حق مبشریت اد کیا اور فرمایا کہ یہہ بشارت میری نہین ہے بلکہ ایک اور نبی اسمٰعیلی قیداری کے ہے اور وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور دلیل اسکی یہہ ہے کہ انجیل مرقس کی بارہوین باب مین ہے پہر وہ اونہین تمثیلون مین کہنے لگا کہ ایک شخص نے انگور لگایا اور اوسکے چارونطرف گہیرا اور کولہو کی جگہہ کہودی اور برج بنایا اور اوسے باغبانون کی سپرد کرکے پردیس گیا (۲) پہر موسم مین اوسنے ایک نوکر کو باغبانون پاس بہیجا تاکہ وہ باغبانون سے انگورون کے باغ کے پہل سے کچھہ لے (۳) اونہون نے اوسے پکڑکے مارا اور خالی ہاتہ بہیجا (۴) پہر اوسنے دوبارہ ایک نوکر کو اون پاس بہیجا اونہون نے اوس پر بہی پتہر پہینکے اور سر توڑا اور بے حرمت کرکے بہیجا پہر اوسنے ایک اور نوکر کو بہیجا اونہون نے اوسے قتل کیا پہر اور بہتیرونکو بہیجا اون مین سے بعضون کو پیٹا اور بعضونکو مار ڈالا (۶) اب اوسکا بیٹا ہے جو اوسکا پیارا تہا آخر کو اوسنے اوسے

بھی یہہ کہکے بھیجا کہ وی میرے بیٹی سے دبینگے (۷م) لیکن ان باغبانون نے ج
آپسمین کہا یہی وارث ہیغے لاو اوسے مار ڈالین تو میراث ہماری ہو جاویگی۔
(۸م) اور اونہون نے اوسے پکڑکی قتل کیا ور انگور کی باغ کی باہر پہنیک دیا
پس باغ کا مالک کیا کیگا وہ آویگا اور اون باغبانونکو ہلاک کرکے انگور کا باغ
اور ونکی سپرد کریگا (۱۰م) کیا تمنی یہہ نوشتہ نہین پڑہا کہ وہ پتہر جسے معمارون نی رد کیا
وہ کونیکا سرہی ہوگیا (۱۱) یہہ خداوند کیطرف سے ہوا اور ہماری نظرونمین عجیب ہی سش
انگور کی باغ سی بوستان شریعت الہی مراد ہی اور لگانیوالا اللہ عز وجل جلشانہ
ہے اور چارون طرف اوسکو گہیرا یعنے حدود شریعت الہی مقرر کین اور یہہ
مضمون حدیث شریف مین بہی وارد ہوا ہے اور برج سی قبلہ الہی مراد ہے
اور بنی اسرائیل نی انبیاء کرام علیہ السلام کی ساتہہ جو جو کیا ظاہر ہے بعضونکو زخمی
اور مجروح کیا اور بعضونکو شہید کیا اور نوکران الہی انبیاء کرام علیہ السلام
ہین کہ اونکا اجر اللہ عز وجل کی بیان ہے اور سیدنا عیسے بن مریم علیہما الصلاۃ
والسلام کو اس جگہہ بیٹا بولا ہے اور یقیناً یہان تحریف ہوئی ہی اصل مین
کوئی اور لفظ ہوگا اور اس جمیل مین تو بیٹا جبکو جا بجا لکھا ہے اور انکو موفق اونکے
خدا کا بیٹا ہونا خفیفہ یا مجاز ابا فہما لازم نہین آتا ہی اور انپی زعم
کی موافق بنی اسرائیل نے انکو بہی شہید کیا گو اللہ عز وجل نے انکو آسمان پہ
اوٹہا لیا اور انکا ساتہی یہود اسولی دیا گیا اور زمانہ بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم مین اللہ عز وجل نے نظر عنایت سے دنیا کو دیکہا اور گویا کہ دنیا مین
آیا اور بنی اسرائیل سی باغبانی گلستان شریعت و طریقت چہین کر بنی اسمعیل
سپرد کیا اور اسکی سند مین انہی بشارت نقل کی اور اس سے معلوم کروایا کہ یہہ
بشارت مسیح کی آنحضرت کی بابت ہے اور رسول کی بی بنی اسرائیل مین پیدا نہوگا

Marfat.com

وہ خاتم النبیین ہونگا یہ بشارت ہی اور وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سوا
اور کون ہی۔ **تیسری بشارت حضرت یسعیاہ** - ورس (۱۶) باب ۲۸ اسکی خداوند
یہوواہ یون فرماتا ہی دیکھو مین صیہون مین بنیاد کی لئی ایک پتھر رکھونگا ایک آزمایا ہوا
پتھر کونی کی سرے کا مضبوط نیو الا او سپر جو ایمان لاوی اتاولی نکریگا یعنی نہ شرمندہ
ہوگا یہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی بنیاد کعبہ شریف کو فرمایا۔ جیسا قواعد
مین ہی البیت کعبۃ الکعبۃ ترجمہ بیت غنیہ کی وزن پر کعبہ کا نام ہی اور بیت کا
اردو مین ترجمہ بنیاد ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قصر نبوت کی خیلی کنکیا تہ
ہین یعنی اسکی حافظ ہین اور آپکی بعد کوئی اور نبی نہین ہے اور آپنی اپنی ذات
مبارک کو شریعت کی کونی کی اینٹ بیان کیا ہی چنانچہ بخاری شریف مین ہے
باب خاتم النبیین عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان مثلی ومثل
الانبیاء من قبلی کمثل رجل بنی بیتا فاحسنہ واجملہ الا موضع لبنۃ من زاویۃ فجعل
الناس یطوفون ویتعجبون منہ ویقولون ہلا وضعت ہذہ اللبنۃ فانا اللبنۃ وانا
خاتم النبیین ترجمہ ابی ہریرہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی
فرمایا ہی کہ میری اور ان انبیاء علیہم السلام کی جو مجھسے پہلی گذری مین مثال ایسی
ہی جیسے کہ ایک شخص نے ایک مکان نہایت عمدہ اور خوبصورت بنایا مگر کونی کی ایک اینٹ
نہ لگائی لوگ اسکی گرد پھرتے تھے اور اسپر تعجب کرتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ
کیون نہین لگائی گئی ہی پس مین وہ اینٹ ہون اور مین خاتم النبیین ہون۔
چوتھی بشارت مصطفائیہ مین ہی وہ عدالت کو جاری کریگا
کہ دائم رہے عدالت شریعت ہی اور دائم رہنے کی یہی معنی ہین کہ آپ خاتم النبیین
ہون اور آپکی بعد کوئی اور نبی نہو وہو المقصود **بارہوین فصل اس
بیان مین** کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بذات پاک خود کفار سے

Marfat.com

قتال فرماوین گی اور انکو راہ پر لاوین گی اور اس دعوی کی چند سند ہین۔
سند اول لبشارت مصطفائیہ۔ ورس (۴۲) خداوند ایک بہادر کی مانند نکلیگا وہ جنگی مرد کی مانند اپنی غیرت کو اوسکائیگا وہ چلائیگا ہان وہ جنگ کی لئی لائیگا وہ اپنی دشمنون پر بہادری کریگا ورس (۲۴) کسنی یعقوب کو حوالہ کیا کہ غنیمت ہووین اور لوٹیرون کی ہاتھہ مین پڑی کیا خداوند نی نہین جسکے مخالف ہوکی اونہون نی گناہ کیا کیونکہ اونہون نی نہ چاہا کہ اوسکی راہون پر چلین اور وی اسکی شریعت کی شنوا نہین ہوئی (۲۵) اسلئی اوس نے اپنی قہر کا شعلہ اور جنگ کا غضب اوس پر ڈالا سو اوسپر گرداگرد آگ لگی پر وہ اوسی دریافت نہین کرتا وہ اس سی جل جاتا پر وہ اوسی خاطر مین نہ لاتا انتہی)
یہہ بشارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہر ہی اور میری مدعی کا ثبوت ان ورسونسی ظاہر ہی **دوسری سند لبشارت تنزیلیہ** ورس (۱۳) سو خداوند کا کلام اونسی یہہ ہوگا حکم پر حکم حکم پر حکم قانون پر قانون قانون پر قانون ہوتا جاتا تہوڑا ایہان تہوڑا اوہان کہ وی چلے جاوین اور پچھاڑی گرین اور شکست کہاوین اور دام مین پہسین اور گرفتار ہووین انتہی اس بشارت کی شرح مین گذر گیا ہے کہ اس ورس مین کلام شریف کی تہوڑی تہوڑی نازل ہونیکی فایدہ کا بہ نسبت کفار کی بیان ہی یعنی کفار اس تہوڑی تہوڑی نازل ہونیکی وجہ گرفتار ہوجاوین اور ماری پڑین گی اسلئے کہ شروع اسلام مین آیہ کریمہ (وقاتلوا المشرکین کافۃ) نازل ہوئی تو بظاہر اسباب دنیوی جو اس شریعت مین مرعی ہی کفار پر فتح پانیکی صورت نہین نظر آتی تہی ہان جب شروع اسلام اور ضعف اسلام مین لکم دینکم ولی دین فرمایا اور بعد قوت وشوکت اسلام وقاتلوا المشرکین نازل ہوا تب

کفار بی شک قید ہو گئی اور ماری گئی اور خراب ہو گئی اور یہہ امر وجہ کلام اللہ کی تھوڑی
تھوڑی نازل ہونیکی حاصل ہوا اور ان ورسون سو یہی میرا مدعی ثابت ہو گیا تیسری
سند بشارت حسنیہ زبور (۴۵) میری دل مین اچھا مضمون
جوش مارتا ہی مین اون چیزونکو جو مین سنے بادشاہ کی حق مین بنایا ہی بیان کرتا
ہون میری زبان ماہر لکہنیوالی کا قلم ہی (۲) تو حسن مین بنی آدم سی کہین زیادہ
ہی تیری ہونٹون مین لطف ملایا گیا ہی ای پہلوان اپنی تلوار کو جو تیری حشمت اور
بزرگواری ہی حمایل کر کی اپنی ران پر لٹکا اور اپنی بزرگواری سی سوار ہوکا اور سچائی
اور ملائمت اور صداقت کیواسطی اقبال مندی سی آگی بڑہ اور تیرا داہنا ہاتھ تجھکو
مہیب کام سکہلاویگا (۵) تیری تیر تیز ہین لوگ تیری نیچی گری پڑتی ہین وی بادشاہ
کی دشمنون کی دل مین لگ جاتی ہین تیرا تخت ای خدا ابدالاباد ہی تیری سلطنت کا
عصا راستی کا عصا ہی (۷) تو صداقت کا دوست اور شرارت کا دشمن ہی اسی
سبب سی خدا تیری خدا نی تجھکو خوشی کی تیل سی تیری مصاحبون سی زیادہ مسح کیا
ہی (۸) تیری ساری لباس مر اور عود اور تج کی خوشبو آتی ہی ہاتھی
دانت کی محلون کی درمیان انہون نی تجھکو خوش کیا ہی (۹) بادشاہون
کی بیٹیان تیری عزت والیون مین ہین ملکہ اوفیر کی سونی سی آراستہ ہو کی تیری
داہنی ہاتھ کھڑی ہی (۱۰) ای بیٹی سن اور سوچ اور اپنا کان ادہر دہر اور
گہیر لیوے لوگون کو یہہ ہے دکہ کی مار اے رب کہول دے ہم سے یہہ آفت ہم یقین لاتے
ہین اور کہان ملی انکو سمجہنا اور آچکا انکے پاس رسول کہول کر سنانیوالا پہر اس سے
پہیری اور کہنے لگے سکہایا ہوا ہے باولا انتہی اس آیۃ کی تفسیر مین دو قول مشہور
ہین ایک یہہ کہ یہہ پیشین گوئی ہے اوس عذاب شدت قحط کی جو قریش پر مسلط
ہوا جسمین وہ مردار وغیرہ کہاتے اور کئی برس تک وہ اسمین مبتلا رہے اور دہوان
ایام قحط مین بسبب شدت بہوک زمین و آسمان کے درمیان نظر آیا کرتا ہے اور
اسی طرح حدیث مین فرمایا ہے اور دوسرا قول یہہ کہ دہوان قیامت مین ہوگا اور
کافر اس سے بیہوش ہو جاوینگے اور مومنون کو اس سے زکام کی سی
کیفیت پیدا ہو جاویگی اور پہلی تقدیر پر ظہور اس پیشین گوئی کا ہو لیا اور دوسرے
قول پر قیامت کو ہوگا اکیسوین پیشین گوئی سورہ دخان اسی آیۃ کے بعد فرمایا
إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَائِدُونَ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ
الْكُبْرَىٰ إِنَّا مُنتَقِمُونَ ترجمہ ہم کہولتے ہین عذاب تہوڑے دنون تم
پہر وہی کرتے ہو جسدن پکڑینگے ہم بڑی پکڑ ہم بدلا لینے والے ہین جب
شدت قحط ہوئی ابو سفیان خدمت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین حاضر ہوا اور عرض
کیا کہ آپ صلہ رحمی کا حکم کرتے ہو اور آپکی قوم ہلاک ہوئی جاتی ہے جناب باری
جلشانہ مین دعا کیجئے کہ یہہ عذاب ہماری قوم پر سے اٹہے آپنے دعا کی اور وہ عذاب
اوٹہہ گیا مگر اس آیۃ کریمہ مین فرمایا کہ جب ہم عذاب تہوڑی سی دنون کو اوٹہا لینگے
تم پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عداوت کی طرف رجوع ہوگے اور پہر ہم بڑی پکڑ پکڑینگے
اور ایسا ہی ظہور مین آیا کہ بعد رفع عذاب عداوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
مین سرگرم ہوئی اور اللہ عز وجل نے بہی موافق وعدہ کے پکڑ کی روز بدر سخت

بدر مین بکثرا کو سے مارے گئے اور مقید ہوگئے اور پہلے صحیفون مین بھی غزوہ ہذا کے بیان مین لفظ دن وار قع ہوا ہے اور میان غزوات مین وہ بشارت منقول ہو چکی بائیسوین پیشین گوئی سورہ محمد کی آخری رکوع مین فرمایا۔ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ترجمہ اور اگر تم پھر جاوگے بدل لیگا کوئی لوگ سوا تمہارے پھر وہ نہون گے تمہاری طرح کی انتہی اُس آیہ کریمہ مین پیشین گوئی ہی کہ سوای دیار عرب کے اور ملکون مین بھی اصحاب دین ہان تیار پیدا ہون گے اور موافق مشہور ترین اقوال کے اس قوم سے فارس والے مراد ہین اور ہزارہا علما اور فضلا وہان پیدا ہوئے ہی اور امام اعظم کوفی رحمۃ اللہ علیہ بھی فارس سے ہی اور حدیث شریف مین وارد ہوا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ وہ کون ہین اور سلمان فارسی آپ کی پاس حاضر تھے آپ نے سلمان کی ران پر ہاتھ مار کے فرمایا ہذا وقومہ یہہ اور قوم اسکی تیئیسوین پیشین گوئی سورہ فتح کے شروع مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرکے فرمایا اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ترجمہ ہمنے فیصلہ کر دیا تیرے واسطے صریح فیصلہ انتہی غزوہ حدیبیہ مین یہہ آیت نازل ہوئی اور اس مین بشارت دی کہ یہی صلح باعث مکہ معظمہ کی فتح کی ہوگی اور ایسا ہی ہوا وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا چوبیسوین پیشین گوئی ختم سورہ فتح کی دوسری رکوع مین فرمایا سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ترجمہ اب کہین گے پیچھے رہ گئے جب چلوگے غنیمتین لینے کو چھوڑو ہم چلین تمہارے ساتھ

Marfat.com

چاہتے ہین کہ بدلین اللہ کا کہا تو کہہ ہمارے ساتھہ نہ چلو گے یون ہی کہہ دیا اللہ نے پہلے سے
پھر اب کہین گے نہین تم جلتے ہو ہمارے بہلے سے کوئی نہین پر وہ سمجھتے نہین تھے
مگر تہوڑا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت عمرہ کا ارادہ کیا تو
عرب کے قبیلون کو جو مسلمان ہو گیے تھے مثل سلم اور اشجع وغیرہ کو ہمرکابی کے لیے
اشارہ فرمایا مگر وہ ہمرکابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سفر مین جو مبدء
فتوحات تہا محروم رہے اور یہان حدیبیہ مین صلح ہو گئی اور لڑائی ہوتے ہوتے
رہ گئی اور بیعۃ الرضوان بہی ہوئی اور اللہ عز وجل اون سب سے راضی اور خوشنود
ہوا اونکو جزا عاجل اس اطاعت و فرمان برداری کی خیبر نواح خیبر عطا فرمایا اور
اس کی اس آیۂ کریمہ مین پیشین گوئی کی کہ اوسکو ایسا فرمایا کہ گویا غنیمت رکہی ہوئی
تہی اوٹہا لینے کو فقط جانا ہے چنانچہ موافق وعدہ الہی وہ فتح ہوا لیکن حکم دیدیا
کہ جو اس سفر مین ساتھہ نہین ہوا وہ اس غنیمت کے حاضر ہونے سے محروم ہے
چنانچہ کوئی اور اس مین حاضر نہین ہوا اور وہ حصہ خاص اصحاب بیعۃ الرضوان کا رہا
پچیسوین پیشین گوئی سورہ فتح مین اس آیۂ کریمہ کے بعد فرمایا قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ
مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ
تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ فَإِنْ تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا
وَإِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ
عَذَابًا أَلِيمًا کہہ دے پیچھے رہ گئے گنوارونکو آگے تمکو بلاوینگے ایک لوگون پر بڑی
سخت لڑائی والے تم اون سے لڑوگے یا وہ مسلمان ہونگے پہر اگر حکم مانوگے دیگا
اللہ تمکو نیک اجر اور اگر پلٹ جاوگے جیسے پلٹ گئے پہلی بار مار دیگا تمکو دکھہ کی
مار اور اس قوم بڑی سخت سے مراد اہل مسلمہ کذاب کی مراد مین اور صدیق
رضی اللہ عنہ کے زمانہ مین یہہ لڑائی واقع ہوئی اور اللہ عز وجل نے فتح دی اور

مسیلمہ کذاب مارا گیا اور یا قبیلہ ہوازن مراد ہے جو غزوہ حنین مین مقابل تھے اور
یا فارس اور روم والی مراد ہین اور چارون تقدیر پر یہہ پیشین گوئی پوری ہو چکی
۲۶ چھبیسوین پیشین گوئی سورہ فتح کی تیسری رکوع کی شروع مین فرمایا لَقَدْ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ
فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا
وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا
ترجمہ اللہ خوش ہوا ایمان والون سے جب ہاتھ ملانی لگی تجھسے اس درخت کی
نیچے پھر جانا جو انکی جیمین تھا پھر اتارا ان پر چین اور انعام دی انکو ایک فتح نزدیک اور
غنیمتین جو انکو ملینگی اور ہی اللہ زبردست حکمت والا انہی اس آیہ کریمہ مین خیبر کو
فتح قریب فرمایا چنانچہ اس صلح حدیبیہ کے بعد ہی فتح ہوا اور بہت سی غنیمتین فارس
و روم وغیرہ کی اللہ عزوجل نے مسلمانون کو عنایت کی ۲۷ ستائیسوین پیشین گوئی
سورہ قمر کی تیسری رکوع مین فرمایا اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ
مُّنْتَصِرٌ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ترجمہ کیا کہتے ہین ہم سب کا
میل ہی بدلا لینی والے اب شکست کہاویگا میل اور بھاگین گے پیٹھ دیکر انتہی
یہہ غزوہ بدر کی شکست کفار کی بقیہ ہزیمت خیبر کی اور ایسی ہی واقع ہوا ہے اور
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ بدر مین راہ پھرتے تھے اور فرماتے تھے سیہزم الجمع
و یولون الدبر اور اس سے اشارہ تھا کہ وہ ہزیمت کفار بدر آج واقع ہو گی اور حضرت
فاروق رضی اللہ عنہ سے یہہ روایت ہی ۲۸ اٹھائیسوین پیشین گوئی سورہ نصر مین
فرمایا اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ
دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ
اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ترجمہ جب پہونچ چکی مدد اللہ کی اور فیصلہ اور تو نی دیکھے

Marfat.com

لوگ بیٹے اللہ کی دین مین فوج فوج تب پاکی بولو اپنی رب کی
اور گناہ بخشواو اوس سے بی شک وہ معاف کرنیوالا ہے یہہ سورت آخر
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین نازل ہوئی اور اس مین فرمایا کہ کافرستان کا
فیصلہ کہ اب مکہ فتح ہو چکا اور ملک عرب مین مسلمان دل کی دل ہونے لگے
وعدہ سچا ہوا اب امت کی گناہکی بخشش کی طلب کرو تا درجہ شفاعت کا ملے
اور اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سمجھ لیا دنیا مین جو میرا کام تھا وہ پورا
ہوا اب فقط کار آخرت باقی رہا جو شفاعت امت ہی اور سفر آخرت قریب آیا اور
اس سورت کی نزول کے دو برس کی بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا
اور کوئی پوری سورت اس سورت کی نازل ہونیکے بعد نازل نہین ہوئی روایت ہی
کہ بعد نازل ہونی اس سورہ کے آپنی یہہ سورت پڑہی حضرت عباس رضی اللہ عنہ
روپڑی آپ نی فرمایا کیون روتی ہو عرض کیا کہ اس سورت مین آپکی انتقال کی خبر ہے
آپ نے فرمایا ہان اور کشاف مین روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے اس سورت کی نازل ہونیکی بعد حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور فرمایا ای
میری بیٹی میری وفات کی خبر دی ہے شعر نامہ رسید ازان جہان سفر اختیار
برم ❊ عزم رجوع میکنم رخت بعرش می برم ❊ پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا رو دین
پہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اہل بیت سے میری پاس پہلی
تم پہنچوگی پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہنس پڑین اور ایسی ہی ظہور مین آیا کہ تمام
اہل بیت نبوی سے پہلی بعد انکی انتقال کی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہانے چہہ مہینے گذرنے
کے بعد اس جہان فانی سے انتقال فرمایا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے
ملاقات کی دوسرا مقصد حدیث شریف کی پیشین گوئیون کے بیان مین پہلی
پیشین گوئی عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَخْرُجَ نَارٌ مِّنْ اَرْضِ الْحِجَازِ تُضِیْٓءُ اَعْنَاقَ الْاِبِلِ بِبُصْرٰی
رَوَاهُ البخاري والمسلم عن ابی ہریرہ سے روایت ہے کہا اوسنے فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت نہین قایم ہوگی تاوقتیکہ نہ نکلے ایک
اگ حجاز سے جس سے روشن ہوجاوین گردنین اونٹونکے بصری مین اس حدیث
کو بخاری اور مسلم نے روایت کی ہے اور یہہ اگ جو علامت قیامت تہی سنہ ۶۵۴
ہجری مین حجاز مین نکلی اور نکلنا اسکا بتواتر ثابت ہے اور بیان اسکا یہہ ہے
کہ سنہ مذکور کی ماہ جمادی الآخر کو مدینہ منورہ سے ایک منزل کی فاصلہ پر جمعہ کی
دن یہہ اگ ظاہر ہوئی اور روشنی اوس اگ کی ایسی تہی کہ ان راتون سے دن
شرماتا تہا اور رات کو تمام اہل مدینہ دنکی مانند کام کر سکتے تہے اور چاند اور سورج کی روشنی
اون دنون مین ماندہ ہوگئی تہی اور بعض اہل مکہ نے روشنی اوسکی یمامہ اور بصری
مین دیکہی اور منگل تک ظہور اسکا کم رہا اور پہر ظہور اسکا زیادہ ہوا اور اسی وجہ سے
بعضون نے کہا ہے کہ تیسری جمادی الآخر کو بدہ کے دن یہہ اگ ظاہر ہوئی مگر
صحیح یہہ ہے کہ شروع اسکا غرہ جمادی الثانی کو ہوا اور زیادتی ماہ مذکورہ کی
تیسری تاریخ کو ہوئی اور چہارشنبہ سے زلزلہ بہی اسکی ساتہ آیا اور سب زمین ہلنے لگی
اور اوس جنگل کے سنگریزے اور ڈہیلے اور دیوارین ہلنے لگی گویا کہ زمین ایک کشتی ہوگئی تہی جو دریاے
ذخار کی امواج مین ڈانواڈول ہوتی ہو اور تمام اہل مدینہ کو اس زلزلہ سے
ہلاک ہونیکا یقین ہوا اور جمعہ کو تو پہر کچہ ٹہکانا ہی نہ رہا دوپہر کے وقت آسمان
مین دہوان پہیل کر مثل اگ کے بہڑک اوٹہا اور قریظہ مین قاع التنعیم کی پاس
یہہ دہوان ٹہیرا اور اس مین ایک بڑی شہر کی صورت نظر پڑتی تہی اور اس کے
گرد قلعہ بنا ہوا نظر آتا تہا اور اس قلعہ پر کنگرے اور برج بہی موجود تہے
اور اوسکی ہانکنے والے بہی آدمیون کی صورتون مین نظر آتے تہے اور جس پہاڑ پر یہہ

Marfat.com

وہ گذرتی تھی اوسی کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتی تھی اور پگھلا دیتی تھی اور درختوں کو جلا دیتی
تھی اور پتھرون کو پانی کر دیتی تھی اور اوس میں سے ایک بہت بڑا شور اور ایسا
بجلی نظر آتی ہیں اور گرج کی آواز اوس پانی میں سے نکلتی تھی اور بہت لوگ اور
پتھرون کو اپنی آگ رکھتی تھے مگر برکت رحمۃ للعالمین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
کے مدینہ منورہ میں ہوا سرد آتی تھی اور ایک پتھر اوسکا حرم مدینہ میں داخل تھا
اور اوسکا خارج تھا خارج کو پھونک دیا اور اوس کو جو حرم مدینہ منورہ میں تھا نہ
جلا سکے اور وہان آکر سرد ہوگئی اور ستائیسوین رجب کو شب معراج میں وہ آگ
موقوف ہوگئی اور امام قسطلانی شارح بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ایک رسالہ
مسمی بجمل الایجاز فی الاعجاز بنار الحجاز اس آگ کے حال میں لکھا ہے اور اس آگ
کے ظہور سے صدق اکثر پیشین گوئیوں کا جو بہ نسبت احوال آگ دوزخ کے قرآن و حدیث
میں وارد ہیں ہو گیا اور اسی وجہ سے یہ علامت قیامت ہے دوسری پیشین گوئی

عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَنْزِلُ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِیْ
بِغَائِطٍ یُسَمُّوْنَہُ الْبَصْرَۃَ عِنْدَ نَہْرٍ یُقَالُ لَہٗ دِجْلَۃُ یَکُوْنُ عَلَیْہِ جِسْرٌ یَکْثُرُ اَہْلُہَا
وَیَکُوْنُ مِنْ اَمْصَارِ الْمُسْلِمِیْنَ وَاِذَا کَانَ اٰخِرُ الزَّمَانِ جَاءَ بَنُوْ قَنْطُوْرَاءَ عِرَاضُ
الْوُجُوْہِ صِغَارُ الْاَعْیُنِ حَتّٰی یَنْزِلُوْا عَلٰی شَطِّ النَّہْرِ
فَیَتَفَرَّقُ اَہْلُہَا ثَلٰثَ فِرَقٍ فِرْقَۃٌ یَاْخُذُوْنَ فِیْ اَذْنَابِ الْبَقَرِ
وَالْبَرِّیَّۃِ وَہَلَکُوْا وَفِرْقَۃٌ یَاْخُذُوْنَ لِاَنْفُسِہِمْ وَہَلَکُوْا
وَفِرْقَۃٌ یَجْعَلُوْنَ ذَرَارِیَّہُمْ خَلْفَ ظُہُوْرِہِمْ وَیُقَاتِلُوْنَہُمْ وَہُمُ
الشُّہَدَاءُ رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤُدَ ترجمہ ابی بکرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا میری امت کے کچھ آدمی ایک میدان میں اوتریں گے جس کا نام بصرہ
رکھتے ہیں ایک نہر کے پاس جس کو دجلہ کہتے ہیں اور اوسکے بسنے والے بہت ہونگے

Marfat.com

اور وہ مسلمانون کے بڑی شہرون مین سے ہوگا اور جب آخر زمانہ ہوگا تو آوین گے
قنطورا کے بیٹے چوڑی مونہہ اور چھوٹی آنکھین ہونگی یہانتک
کہ وہ اتریگی نہر کے کنارے پر پس شہر والے تین فرقے ہو جاوینگے ایک فرقہ زمین
اور بیلون کی دمون کے پیچھے ہوگا اور ہلاک ہوسی اور ایک گروہ
امان چاہین گے اور یہ بھی ہلاک ہونگے اور ایک گروہ اپنی اولاد کو اپنی پشت پر ڈالینگے اور لڑینگے
اور یہی شہید ہون گے ابو داؤد نے اس حدیث کو روایت کیا اس حدیث مین رسول اللہ نے بغداد
کی آبادی اور معمورے کی خبر دی اور بصرہ بغداد کی قریب ایک جگہہ ہے اور بغداد
کا باب البصرہ اسی طرف کا دروازہ ہے اور یہہ شہر دجلہ پر آباد ہوا اور جای
تخت تھا ان خلافت عباسیہ کا اور ۶۵۶ ہجری مین جیسی اپنی خبر دی تھی ظہور
مین آیا کہ ترک چڑھ آئے اور اہل بغداد تین گروہ ہو گئے ایک کسان پہنی وہ
بہی ہلاک ہوی ایک گروہ امان چاہتے ہوئے نکلے وہ بہی مارے گئے اور
معتصم باللہ خلیفہ عباسی بہی اسی گروہ مین تھا اور ایک گروہ لڑا اور لڑتے
لڑتے میدان مین شہید ہوی اور زندگی ابدی حاصل کی تیسری پیشین گوئی
وعن جابر بن سمرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لتفتحن عصابۃ من المسلمین کنز آل کسرٰی الذی
فی الابیض رواہ مسلم۔ روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا اونے فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ کھولی گے ایک جماعت مسلمانون کے خزانہ
آل کسریٰ کا جو کوشک سفید مین ہے اس حدیث کو مسلم نے نقل کی ہے
کسری فارس کے بادشاہ کا لقب تھا اور ابیض مداین مین ایک قلعہ تھا اور فارس
والی اسی سفید کوشک کہتے تھے اور اب اوسکی جگہہ مداین مین مسجد ہے اور یہہ
خزانہ سیدنا عمر الفاروق رضی اللہ عنہ کی زمانہ مین مسلمانون نے نکالا۔

Marfat.com

چوتھی پیشین گوئی عن نافع بن عتبة قال قال رسول الله صلی الله علیہ وسلم تغزون جزیرة العرب فیفتحها الله ثم تغزون فارس فیفتحها الله ثم تغزون الروم فیفتحها الله ثم تغزون الدجال فیفتحها الله رواہ مسلم

روایت ہے نافع بن عتبہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم جہاد کرو گے جزیرۂ عرب پر پس اللہ فتح نصیب کریگا [illegible] جہاد کرو گے فارس پر پس اللہ فتح دیگا اوس پر پھر جہاد کرو گے روم پر پس اللہ فتح عنایت فرماویگا اوس پر پھر جہاد کرو گے دجال سے پس اللہ فتح دیگا تمکو اوس پر مسلم نے یہ حدیث نقل کی ہے انتہی جزیرۂ عرب پر فتح ہوا اور ایسے ہی فارس اور روم بھی مفتوح ہوا اور یہ تینوں پیشین گوئیاں پوری ہوئیں چوتھی باقی ہے وہ دجال پر فتح یابی ہے اور انشاء اللہ اوس پر بھی اللہ تعالی فتح عنایت کریگا اور یہ پیشین گوئی پوری ہوگی پانچویں پیشین گوئی

عن ابی ہریرة قال [illegible] رسول الله صلی الله علیہ وسلم قال لا تقوم الساعة حتی تقتتل فئتان عظیمتان تکون بینهما مقتلة عظیمة دعواهما واحدة [illegible]

ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قایم نہوگی تاوقتیکہ قتال کرلیں دو جماعت ہوویگا اونمیں بڑا قتال اور اون دونوں کا ایک دعوے ہوگا یہ پیشین گوئی بھی اوس لڑائی کے جو درمیان سیدنا علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے

Marfat.com

ہیں اور دونوں کا ایک دعوی تھا کہ ہر ایک اپنی حقیت کا دعوی کرتا تھا مگر حق بجانب سیدنا علی کرم اللہ وجہہ تھا۔ ایجاد پنجم پیشین گوئی عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ اِلٰی جَنْبِہٖ وَھُوَ یُقْبِلُ عَلَی النَّاسِ مَرَّۃً وَّعَلَیْہِ اُخْرٰی وَیَقُوْلُ اِنَّ ابْنِیْ ھٰذَا سَیِّدٌ وَّلَعَلَّ اللّٰہَ یُصْلِحُ بِہٖ بَیْنَ الْفِئَتَیْنِ الْعَظِیْمَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ رواہ البخاری روایت ہے ابی بکرہ سے کہا دیکھا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر اور حسن بن علی انکے پہلو میں بیٹھے تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک دفعہ لوگوں کی طرف توجہ فرماتے تھے اور دوسری مرتبہ حسن بن علی کی طرف یعنے لوگوں کی طرف واسطے وعظ و نصیحت کے توجہ فرماتے تھے اور حسن بن علی کو ازراہ شفقت و محبت دیکھکر اپنی آنکھیں مبارک ٹھنڈی فرماتے تھے اور اسیوقت آپ فرماتے تھے کہ یہ بیٹا میرا سید ہے اور امید ہے کہ اللہ تعالی اسکی سبب سے ایکدو بڑی جماعتوں میں مسلمانوں کی صلح کرا دیگا۔ اور یہہ دو بڑی جماعت ہمراہیان حضرت امام حسن اور ہمراہیان حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہما ہیں اور دونوں مسلمان تھے اور یہہ لڑائی برابر مسلمانوں میں چلی جاتے تھی مگر بطفیل وجود مبارک حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے مسلمانوں میں صلح ہو گئی اور لاکھوں بندگان خدا بچ گئے اور پیشین گوئی رسول صلی اللہ علیہ وسلم انکی بھی پوری ہو گئی۔ ساتویں پیشین گوئی عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ اَنَّھَا دَخَلَتْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ رَاَیْتُ حُلْمًا مُّنْکَرًا اللَّیْلَۃَ قَالَ وَمَا ھُوَ قَالَتْ اِنَّہٗ شَدِیْدٌ قَالَ وَمَا ھُوَ قَالَ رَاَیْتُ کَاَنَّ قِطْعَۃً مِّنْ جَسَدِکَ قُطِعَتْ وَوُضِعَتْ فِیْ حِجْرِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاَیْتِ خَیْرًا تَلِدُ فَاطِمَۃُ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ غُلَامًا

Marfat.com

تكون في حجرك فولدت فاطمة الحسين فكان في حجري
كما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فدخلت
يوما على رسول الله صلى الله عليه وسلم فوضعته
في حجره فكانت مني التفاتة فاذا عينا رسول الله
صلى الله عليه وسلم تهريقان الدموع قالت فقلت
يا نبي الله بابي انت وامي ما لك قال اتاني
جبرئيل فاخبرني ان امتي ستقتل ابني هذا فقلت
هذا قال نعم واتاني بتربة من تربته حمراء

ت روایت ہے ام الفضل حارث کی بیٹی سے کہ وہ بیان کرتی تھیں کہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوئی اور مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مین نے آج کی رات ایک خواب خوفناک دیکھا ہے آپ نے فرمایا کیا ہی وہ مین نے عرض کیا وہ سخت ہی آپ نے فرمایا کیا ہی وہ مین عرض کیا کہ مین نے خواب مین دیکھا ہے کہ ایک ٹکڑا آپکی جسم مبارک سے کاٹا گیا اور میری گود مین رکھا گیا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو نے اچھا خواب دیکھا ہے انشاء اللہ فاطمہ کے لڑکا پیدا ہوگا اور وہ تیری گود مین ہوگا یعنے پرورش کی واسطے پس حسینؓ فاطمہ سے پیدا ہوئے اور وہ میری گود مین تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کے موافق پس ایک روز مین خدمت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین حاضر ہوئی اور مین نے حسینؓ کو آپکی گود مین رکھدیا پھر تھوڑی سی ہے اور طرف توجہ ہوئی تھی کہ ناگاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آنکھون مبارک سے آنسو بہتے ہین کہا اسنے پس عرض کیا مینے کہ آپکی میری ماں باپ قربان آپکے آنکھون بہا رہی

آنسو کیون جاری ہوگئے فرمایا ابھی میرے پاس جبرئیل آئی اور مجھکو خبر دی
کہ میری امت میری اس بیٹے کو قتل کریگی یعنے ازراہ ظلم شہید کرینگے مین نے
عرض کیا اسکو فرمایا ہان اور لائی میرے پاس جبرئیل تھوڑی سی سرخ مٹی
وہان کی مٹی سے یعنے جس جگہ آپ شہید ہونگے وہان سے جبرئیل مٹی لائے
اور وہ میدان کربلا تہا اور آپ وہین شہید ہوئے **اٹھون غشیین عرش**

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ثَقِيْفٍ كَذَّابٌ وَمُبِيْرٌ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عِصْمَةَ اَلْكَذَّابُ هُوَ الْمُخْتَارُ وَالْمُبِيْرُ هُوَ الْحَجَّاجُ بْنُ يُوْسُفَ وَقَالَ هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ اَحْصَوْا مَا قَتَلَ الْحَجَّاجُ فَبَلَغَ مِائَةَ اَلْفٍ وَعِشْرِيْنَ اَلْفًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوٰى مُسْلِمٌ فِي الصَّحِيْحِ حِيْنَ قَتَلَ الْحَجَّاجُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ الزُّبَيْرِ قَالَتْ اَسْمَاءُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا اَنَّ فِيْ ثَقِيْفٍ كَذَّابًا وَمُبِيْرًا فَاَمَّا الْكَذَّابُ فَرَاَيْنَاهُ وَاَمَّا الْمُبِيْرُ فَلَا اِخَالُكَ اِلَّا اِيَّاهُ

ت روایت ہے عبداللہ ابن عمر سے کہا اونسے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف مین ایک بڑا جھوٹا ہوتا ہے اور ایک مفسد اور ہلاک کرنیوالا کہا عبداللہ بن عصمہ تابعی نے بڑا جھوٹا تو وہ مختار ہوا جسنے دعوی نبوت کیا اور آخر کار ہوا وہ موافق وعدہ الٰہی مارا گیا اور ہلاک کرنیوالا وہ حجاج بن یوسف ہے اور ہشام بن حسان نے کہا ہے لوگون نے ان مقتولون مظلومون حجاج بن یوسف کا شمار کیا جو اوسنے قید سے مارے تھے تو ایک لاکھ بیس ہزار ہوئے

Marfat.com

اور مسلم نے اپنی صحیح مین روایت کی ہے کہ جسوقت حجاج نے عبد اللہ ابن الزبیر کو
شہید کیا کہا اسما نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے پیشین گوئی
کی تھی کہ ثقیف مین ایک کذاب اور ایک ہلاکو ہوگا پس کذاب تو ہم دیکھ چکو
لیکن وہ مختار تھا اور ہلاکو میری دانست مین تو حجاج بن یوسف وہی ہلاکو تھا جسکی
ہمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی **نوین پیشین گوئی** عن ابن عمر
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رأیتم الذین
یسبون اصحابی فقولوا لعنۃ اللہ علی شرکم رواہ الترمذی

عبد اللہ بن عمر سے روایت ہی کہا اونسے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے جسوقت دیکھو تم ان لوگون کو کہ برا کہتے ہون میرے صحابہ کو پس کہو تم اللہ
کی لعنت ہو تمہاری شر پر اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور مصداق
اس پیشین گوئی کے خوارج وروافض ہین ھداھم اللہ **دسوین پیشین گوئی**
وعن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم فی مرضہ ادعی لی ابا بکر اباک
واخاک حتی اکتب کتابا فانی اخاف ان یتمنی
متمن ویقول قائل انا ولا ویابی اللہ والمؤمنون
الا ابا بکر رواہ مسلم وفی کتاب الحمیدی
انا اولی بدل انا ولا روایت ہے عائشہ سے کہا اونسے فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے پاس اپنے باپ اور بھائی کو بلا دے
تاکہ لکھ دون مین سند خلافت کی پس تحقیق مجکو خوف ہوتا ہے کہ تمنا کرے
کوئی تمنا کرنیوالا اور کہے کوئی کہنے والا کہ مین مستحق خلافت ہون اور میرے
سوا کوئی مستحق خلافت نہین ہے انکار کرے گا اللہ اور مومن مگر ابو بکر کو

Marfat.com

یعنی خلیفہ بلا فصل میری بعد ابوبکر ہی ہوگا اللہ ہی ابوبکر کو ہی خلافت کے لیے پسند فرمائیگا اور مسلمان ہی ابوبکر کو ہی پسند کرینگے اور ایسا ہی ظہور مین آیا مسلم نے یہہ حدیث نقل کی ہی اور حمیدی کی کتاب مین انا ولا کی جگہہ لفظ انا اولی ہے یعنی کہی کہ مین بہتر ہون خلافت کے لئے **گیارہوین بشیین کوئی** عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیْ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَائِطٍ مِنْ حِيْطَانِ الْمَدِيْنَةِ فَجَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِفْتَحْ لَهٗ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَفَتَحْتُ لَهٗ فَاِذَا اَبُوْ بَكْرٍ فَبَشَّرْتُهٗ بِمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِفْتَحْ لَهٗ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَاِذَا عُمَرُ فَاَخْبَرْتُهٗ بِمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فَقَالَ لِیْ اِفْتَحْ لَهٗ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلٰی بَلْوٰی تُصِيْبُهٗ فَاَخْبَرْتُهٗ بِمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ روایت ہی ابوموسی اشعری سے کہا اونے تہا مین ساتہہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک باغ مین مدینہ کی باغون سے اور اوس باغ کا دروازہ بند تہا پس آیا ایک شخص اور اوسنے دروازہ کہلوانا چاہا اور ہمنے اوسنے نہ پہچانا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکی لئے دروازہ کہولدی اور خوشخبری جنت کی اوسی سنادی پس مینی دروازہ جاکر کہولا پس ناگاہ ابوبکر تہی پس بشارت دی مینی ساتہہ اوسکی کہ فرمایا تہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس حمد بجالایا اللہ کی ابوبکر پہر ایک شخص آیا اور اوسنے دروازہ کہلوایا پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکی لئی

دروازہ کھولدے اور جنت کی خوشخبری اسی دی پس کھولا مین نے دروازہ ایس شخص کیے لئے پس ناگاہ وہ شخص عمر تھی پس خبر دی مینے ساتھ اوس امر کے کہ فرمایا تھا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس تعریف بجالایا اللہ کی عمر رضی اللہ تعالی عنہ و ارضاہ پھر ایک شخص نے دروازہ کہلوایا پس فرمایا حضرت نے اسکی لئی دروازہ کھولدی اور بہشت کی خوشخبری سنادی ساتھہ بلای عظیم کی کہ ہوچکیگی اوسکو پس کھولا مینے دروازہ پس ناگہان وہ شخص عثمان تھی پس خبر دی مینے ساتھہ اوس کے فرمایا تھا حضرت نے پس شکر کیا اللہ کا عثمان نے یہہ کہا اللہ ہے مدد چاہا گیا ہے یہہ حدیث بخاری اور مسلم نے نقل کی ہے اور عثمان رضی اللہ عنہ کی جیسے بلوی اور بلا کے ساتھہ شہادت ہوی ظاہر و باہر ہے بارہوین پیشین گوئی وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيَأْتِي مَلِكٌ مِنْ مُلُوكِ الْعَجَمِ يَظْهَرُ عَلَى الْمَدَائِنِ كُلِّهَا إِلَّا دِمَشْقَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ روایت ہے عبد الرحمن بن سلیمان سے کہا اونھون نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قریب ہی کہ اوے گا ایک بادشاہ عجم کی بادشاہون سے پس غالب ہوگا تمام شہرون پر سوای دمشق کے نقل کیا اس حدیث کو ابو داود نے اور یہ امیر تیمور کی خبر ہی اور یہہ بادشاہ سوا دمشق کے اور تمام شہرون پر اوس ملک کے غالب ہوگیا تھا واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

Marfat.com

دوسرا باب کلام مجید کی بیان مین

پہلی فصل اس بیان مین کہ محمد عربی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تنہا کلام الہی نازل
ہوگا اور وہ قران شریف ہی ہے پہلی دلیل بشارت مصطفائیہ زبور کی دسوین اور
گیارہوین ورس مین ہی خداوند کے لئی ایک نیا گیت گاؤ اور اے تم جو سمندر پر گذر
ہوتے ہو اور اسکی بسنے والی ایک گیت گاؤ نئے گیت یعنی کلام الہی ہے اور زبور کا
ترجمہ گیت کے ساتھ بیبل مین کرتی ہین اور نیا گیت قران شریف جو صاحب
بشارت پر نازل ہوا دوسری دلیل بشارت بیت العتیق کے تیرہوین ورس
مین ہی اور تیری سب فرزند ہی خداوند سے تعلیم پاوینگے خطاب کعبہ شریف کو ہی
اور فرزندان کعبہ شریف آل اسماعیل ذبیح اللہ اور انکی تعلیم قران سے ہی ہوئی

دوسری فصل اس بیان مین کہ قران شریف مثل توریت کی الواح پر لکہا ہوا
نازل نہوگا بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک پر اولا نازل ہوگا اور بواسطہ زبان فیض ترجمان امت کو پہونچیگا
بشارت استثنا ورس ۱۸ مین انکے لئے انکی بہائیون مین سے تجھ سا ایک نبی برپا
کرونگا اور اپنا کلام اوسکے موہنہ مین ڈالونگا اور اپنا کلام قران مجید کلام اللہ
ہے اور موہنہ مین ڈالنے سے یہی مطلب ہی کہ اولا قلب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
پر نازل ہوا اور آپ کو انہین کلمات اور نظم سے محفوظ رہے اور آپ اپنی زبان
مبارک سے امت کو پہونچاتے **تیسری فصل** اس بیان مین کہ قران شریف ایک
مرتبہ ہی پورا نازل نہوجاویگا بلکہ تہوڑا تہوڑا نازل ہوگا اور وہ بہی ایک جگہ نہین
بلکہ ازمنہ متعددہ اور مقامات مختلف مین نازل ہوگا بشارت تنزلیہ ورس ۹
وہ کسکو دانش سکہاویگا اور کسکو وعظ کرکے سمجہاویگا انکو جنکا دودہ چہڑایا گیا
جو چہاتیون سے جدا کئے گئے ۱۰ کیونکہ حکم پر حکم حکم پر حکم قانون پر قانون قانون
پر قانون ہوتا جاتا تہوڑا یہان تہوڑا وہان ۱۱ ہان وہ وحشی کی سی ہونٹون اور

Marfat.com

اپنی زبان سے اس گروہ کی ساتھ باتین کریگا۔ ۱۲۔ اور اون سے اوسنی کہا یہہ
وہ آرام ہی جو تم اونکو جو تھکے ہوئے ہین آرام دیجو اور یہہ چین کی حالت ہی پر وی شنوا
نہوئی ۱۳۔ سو خداوند کا کلام اونسی یہہ ہوگا حکم پر حکم حکم پر حکم قانون پر قانون قانون
پر قانون تہوڑا یہان تہوڑا وہان تاکہ وی چلی جاوین اور پیچہا رکہی گرین اور شکست
کہاوین اور دام مین پہنسین اور گرفتار ہووین یہہ بشارت قرآن شریف کی نسبت کہی ہی
اور خبر اس بات کی ہی کہ قرآن شریف سورہ سورہ اور آیت آیت ہو کر نازل ہوگا اور دفعہ
واحدہ مین نازل نہوگا اور آیۂ کریمہ قُلْ آمِنُوا بِهِ أَوْ لَا تُؤْمِنُوا إِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهِ
إِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ سُجَّدًا وَيَقُولُونَ سُبْحَانَ رَبِّنَا إِنْ كَانَ
وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُولًا مین اسی بشارت کی طرف اشارہ ہی اور اہل علم اسی بشارت سے
جانتی تہی کہ قرآن شریف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر دفعہ واحدہ مین نازل نہوگا
بلکہ تہوڑی تہوڑی ہو کر نازل ہوگا اور پیدایش کی سولہوین باب مین بہ نسبت اسماعیل
علیہ السلام کی مذکور ہے وہ وحشی آدمی ہوگا اور زبان اسماعیل ذبیح اللہ عربی
تہی پس قرآن شریف کی عربی زبان مین نازل ہونیکی اس بشارت مین خبر ہی چوتہی فصل اس بیان مین کہ قرآن شریف
کا شروع بسم اللہ کی ساتہہ ہوگا بشارت بیت المقدس کیونکہ پہاڑ تو جاتی رہینگی اور ٹیلی ہلائی جاوینگی پر میری مہربانی
تجہ سے کبہی غائب نہوگی اور میری صلح کا عہد جنبش نہ کریگا خداوند جو تجہ پر رحم
کرتا ہی یون فرماتا ہی ورس ۱۳ ۔ اور تیری سب فرزند بہی خداوند سے
تعلیم پاوینگے یہہ خطاب کہ معظمہ کو ہی اور خبر ہے کہ اللہ تجہ پر رحم کریگا
اور کلام مجید تیری فرزندون کی تعلیم کے واسطے نازل ہوگا پس شروع مین اوسکی
بسم اللہ الرحمن الرحیم ہو تو مناسب ہے پانچوین فصل اس بیان مین کہ
قرآن شریف مین نسخ احکام بہی ہوگا بشارت تنزلیہ ورس ۱۳ ۔ پر خداوند
کا کلام اون سے یہہ ہوگا حکم پر حکم حکم پر حکم قانون پر قانون قانون پر قانون

تہوڑا یہان تہوڑا وہان تاکہ وی چلی جاوین اور پچہاڑی گرین اور شکست کہاوین اور دام مین پہنسین اور گرفتار ہووین آس ورس سے تنے صاف ظاہر ہے کہ کلام مجید کو کبی مرتبہ نازل فرما کر پورا کرینگے اوسکا فایدہ یہہ ہوگا کہ کفار گرفتار ہووین اور اوسکی صورت یہہ ہے ہوگی کہ ضعف اسلام مین آیہ کریمہ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ نازل ہوا اور پہر قوت اسلام مین وَقَاتِلُوا الْمُشْرِکِیْنَ کَافَّةً کَمَا یُقَاتِلُوْنَکُمْ کَافَّةً نازل ہوا اور اسیکا نام نسخ ہے

چہٹی فصل اس بیان مین کہ قرآن شریف مین آیہ کریمہ قُلْ اِنْ کَانَتْ لَکُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ وَلَنْ یَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِالظّٰلِمِیْنَ ہوگی اور اسکی دلیل یہی کہ بشارت تنزیلیہ کو ورسون مذکورہ کے بعد یہہ ورس ہے ورس ۱۴ پس ای ٹہٹہے باز ہو میون جو اس گروہ پر کہ یروسلم مین ہی حکمرا کرتے ہو خداوند کا کلام سنو ازبسکہ تم کہا کرتے ہو کہ ہمنی موت سے عہد باندہا اور عالم غیب سی پیمان کیا جب وہ مہلک تازیانہ بیچ سے ہوگی چلیگا وہ ہم پر نہ پڑیگا کہ ہمنے جہوٹ کو اپنی پناہ کیا ہے اور دروغگوئی کی آڑ مین اپنی تئین چہپایا ہے ۱۶ جو دلئے خداوند یہوواہ یون فرماتا ہے دیکہو مین صیہون مین بنیاد کی لئے ایک پتہر رکہونگا ایک مہنگ مولا ایک مضبوط نیو والا جو ایمان لاوے اوتاولی نکریگا ورس ۱۸ اور تمہارا عہد جو موت سے ہوا ٹوٹ جائیگا ان ورسون مین ذکر اوس کا ہے کہ ای یہود جو تم دعوی اس امر کا کرتے ہو کہ دار آخرة ہمارے واسطے ہے اور عالم غیب سی ہم نے عہد باندہا ہے یہہ عہد اور دعوی تمہارا زمانہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین ٹوٹیگا اور تم سے کہا جائیگا کہ تم ایک دفعہ بہی تمنای موت کرو اور تم نکرسکو گے مگر تنزیل کلام مجید کے ساتہ ذکر کرنے سی معلوم ہوتا ہے

Marfat.com

بواسطہ قرآن شریف کے اس دعوی یہود کا نقض ہوگا اور اسمین یہہ کریمہ قُلْ اِنْ کَانَتْ لَکُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ الآیۃ نازل ہوگی چنانچہ یہہ آیۃ نازل ہوئی اور کسی یہودی نے تمنا موت کی نہ کی اور اگر کرتے تو ہلاک ہوتے اسلیے فرمایا ہے وَلَنْ یَتَمَنَّوْهُ اَبَدًا الآیۃ

تیسرا باب کعبہ شریف کے بیان مین

اور اس باب مین کئی فصل مین پہلی فصل اس بیان مین کہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امام القبلتین ہو گئے اور کعبہ شریف کی طرف کو تو آپ نماز قائم کیا ہی کرینگے اور وہ آپکا اور آپکی امت کا ہمیشہ کے لئے قبلہ ہوگی لیکن مگر ایک زمانہ تک آپ مسجد اقصی قبلہ بنی اسرائیل کی طرف کو نماز قائم فرمائینگے اور اتنی مدت تک وہ آپکا قبلہ رہیگا اور دلیل اس دعوی کی یہہ ہے کہ غزل الغزلات کی پانچوین باب مین ہے ای یروسلم کی بیٹیو مین تمہین قسم دیتی ہون کہ اگر تم میرے محبوب کو پاجاؤ تو تم اسے کہیو کہ مین عشق کی بیمار ہون مسجد الحرام کی زبان سے یہہ عبارت حضرت سلیمان علی نبینا علیہ السلام نے ارشاد فرمائی ہے اور بیٹیان مسجد اقصی ہے اور محبوب کعبہ شریف محبوب خدا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین اور یہان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یروسلم کی بیٹیون سے یعنی اون عبادتخانون سے جو اوسکی طرف کو بنی ہوئی تہی اوسکی طرف کو نماز پڑہتے ہی اور سولہ مہینے تک . مدینہ منورہ مین پہونچکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد اقصی کی طرف نماز پڑہی ہی اور اس مدت تک وہی قبلہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تہا اور بعد اوسکے یہہ حکم منسوخ ہوا اور آپ اپنے عاشق کی طرف متوجہ ہو گئے اور عشق کعبہ معظمہ نے قلب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اثر کیا اور آپکو اپنا عاشق بنا لیا آیۃ کریمہ قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَاءِ اس امر کو بیان فرماتی

Marfat.com

دوسری فصل اس بیان میں کہ کعبہ شریف ہی قبلہ دائمی آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم اور اونکی امت کا ہوگا صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام بشارت ترجمہ
باب ۵۴ ۱۔ اری بانجھ تو جو نہیں جنتی تھی خوشی سے للکار تو جو حاملہ نہیں ہوتی
تھی وجد کر کے گا اور خوشی سے چلا کیونکہ خداوند فرماتا ہے کہ بیکس چھوڑی
ہوئی کی اولاد خصم والی کی اولاد سے زیادہ ہے ۲۔ اپنے خیمے کی مقام کو بڑھا دے
ہاں اپنے مسکنوں کے پردے پھیلا دے مت کر اپنی ڈوریاں لمبی اور اپنی میخیں
مضبوط کر ۳۔ اسلئے کہ تو دہنے اور بائیں طرف بڑھیگی اور تیری نسل قوموں
کی وارث ہوگی اور اوجاڑ شہروں کو بسائیگی ۴۔ مت ڈر کہ تو پھر پشیمان نہو گے کہ تو اپنی جوانی کا ننگ بھول
جائیگی اور اپنی بیوگی کا عار پھر یاد نکریگی ۵۔ کیونکہ تیرا خالق تیرا شوہر ہے اسکا نام
رب الافواج ہے اور تیرا نجات دینے والا اسرائیل کا قدوس ہے وہ ساری
زمین کا خدا کہلائیگا ۶۔ کیونکہ تیرا خدا کہتا ہے کہ خداوند نے تجھے طلاق کی
ہوئی عورت اور دل آزردہ عورت سے ہاں جوانی میں ایک جورو کی مانند
جو رد کی گئی ہو پھر بلایا ہے ۷۔ میں نے ایکدم کے لئے تجھے چھوڑ دیا لیکن میں
بہت سی مہربانیوں کی ساتھ تجھے سمیٹ لونگا ۸۔ قہر کی شدت کی حال میں میں نے
اپنا منہ تجھ سے ایک لحظہ چھپایا پر اب میں ابدی عنایت سے تجھ پر رحم کرونگا
خداوند تیرا بچانیوالا یوں فرماتا ہے ۹۔ کہ میرے آگے نوح کی پانی کا سا معاملہ
ہے کہ جسطرح میں نے قسم کہائی تھی کہ پھر زمین پر نوح کا سا طوفان
کبھی نہ آویگا اسیطرح اب میں نے قسم کہائی کہ میں تجھ سے پھر کبھی آزردہ نہ ہونگا
اور تجھکو نہ جھڑکونگا ۱۰۔ پہاڑ تو جاتے رہیں اور کوہ ٹل جائیں پہ میری مہربانی
جو تجھ پر ہے وہ کبھی غائب نہ ہوگی اور میری صلح کا عہد جنبش نکریگا خداوند
جو تیرا رحم کرنیوالا ہے یوں فرماتا ہے ۱۱۔ ای تو جو آزردہ خاطر ہے اور آندھی

کی ہی اچہائی ہوئی ہی اور تسلی سے محروم ہی دیکہہ مین تیری پتہرونکو سرمی
سی لگاونگا اور تیری بنیاد نیلمون سے ڈالونگا ۱۲ مین تیری فصیلون کو
لعلون سے اور تیری پہاٹکون کو چمکتی ہوی جواہر سی اور تیری ساری احاطے
بیش قیمت پتہرون کی بناونگا ۱۳ اور تیری سب فرزند خداوند سی تعلیم
پاوینگی اور تیری فرزندون کی سلامتی کامل ہوگی ۱۴ اور تو راستبازی سی پایدار
ہوجائیگی اور تو ظلم سے دور رہیگی اور گہبراہٹ سی کہ وہ تیری قریب نہ اویگی ۱۵
ممکن ہے کہ وی کبہی اوین پر میری حکم سے نہین جو تیری خلاف جمع ہوون وی
اپنونکو چہوڑکی تیری طرف اوینگی ۱۶ دیکہہ مین نے لوہار کو پیدا کیا ہی جو کوئلی
اگ مین ڈالکی دہونکتا ہی اور اپنی کام کی لئی ہتیار نکالتا ہی اور غارتگر کو خراب
کرنیکو لئی مین پیدا کرتا کوئی ہتیار جو تیری برخلاف بنایا گیا کام نہ اویگا اور جو زبان عدالت
مین تجہہ پر چلیگی تو اوسی مجرم کریگی انتہی درس اقولا [illegible] بانجہ مطلب ہی
کعبہ شریف نے کوئی رسول اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی پہلی آل ابراہیم
علیہ السلام سی مکہ معظمہ مبعوث نہین ہوا اس سبب سی کعبہ شریف کو بانجہ فرمایا اور
مسجد اقصی کی بانی کی آل سی موسی و عیسی علی نبینا و علیہما السلام جیسی رسول ہوی
ہین اور ہزارون پیغمبر ہوی قولہ خوشی سی جلا اور [illegible] کریگی کا [illegible] وقت [illegible]
انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہوتی کعبہ شریف خوشی سی جلا اور [illegible]
کعبہ شریف سی اواز ائی قد جاءکم رسول من انفسکم ترجمہ
تمہاری طرف ایک رسول تم مین سی ایا اور [illegible] اس اواز سی بہت کچہ اگی ہی [illegible]
خداوند فرماتا ہی کہ بیکس چہوڑی ہوئی اولاد خصم والیکی اولاد سے زیادہ ہوگی
کعبہ شریف کی اولاد امت محمدیہ ہی اور امت محمدیہ کی زیادتی امت موسوی اور
عیسوی سی ظاہر ہی اسلئے کہ حضرت موسی و حضرت عیسی علیہما السلام کی امت

Marfat.com

نبی اسمٰعیل تھی اور رسالۃ موسوی اور عیسوی خاص بنی اسرائیل کی لئی تھی اور رسالۃ محمدی ثقلین کی واسطے ہی اور پھر دونوں شریعتیں منسوخ ہوگئیں ہیں اور شریعت احمدی باقی ہی اور منسوخ ہونی سے پہلی کبھی امتہ محمدیہ سے نہیں اترتی ہیں اور بیکس کعبہ شریف کو فرمایا اور جسم والی مسجد اقصی کہ اسوقت قبلہ انبیاء علیہم السلام کی تھا ورس ۲ - اپنی خیمی کی مقام کو بڑھا دی الخ تا زمانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسجد الحرام فقط اتنی ہی تھی جس جگہ اب طواف کرتی ہیں اور اسی مطاف بولتی ہیں اور پیغمبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قریش کے مکانات خرید ہو مسجد میں شامل ہوئے اور مسجد بنی اپنی خیمی کی مقام کو بڑھایا اور مسجد الحرام اتنی ہوگئی کہ اب موجود ہی اصل مسجد سے سو حصے زیادہ ہوگئی ہی اور اس ورس میں اس سے زیادہ ہونی مسجد الحرام کا بیان ہی اور اشارہ اس طرف ہی کہ جسقدر مسجد الحرام زیادہ ہو جاوی مگر وہ اصل مسجد کی حکم میں ہی اور نیز یہی حج خانہ کعبہ کرتی ہی وہ فقط عرب تھی اور اب تمام عالم حاجی ہوگیا ہے اور کعبہ قبلۂ عالم ہوگیا ہے ورس ۳ تو داہنے اور بائیں طرف بڑھیگی اور تیری نسل قوموں کی وارث ہوگی مسجد الحرام بھی داہنی اور بائیں طرف بڑھی امتہ محمدیہ بھی داہنی اور بائیں زیادہ پہیلی انتہای مشرق اور انتہای مغرب تک پہنچگئی اور نسل کعبہ شریف امۃ احمدی آل اسماعیل ذبیح اللہ قوموں کی وارث ہوئی نوشیروانیوں سے ایران اور نصرانیوں سے شام وراثت میں لی اور بہت سی ملکوں کی وارث ہوئی قولہ اور اوجاڑ شہروں کو بسا دیگی ہزاروں شہر مشرق سے مغرب تک امتہ محمدیہ سے آباد ہیں والحمد للہ علی ذالک ورس ۴ مت ڈر کہ تو پشیمان نہوگی مت گھبرا کہ تو پھر رسوا نہوگی کہ تو اپنی جوانی کی ننگ بھول جائیگی اور اپنی بیوگی کا عار پھر یاد نکریگی کیونکہ تیرا خالق تیرا شوہر ہے اسکا نام رب الافواج ہی تیرا نجات دینی والا اسرائیل کا قدوس ہے وہ ساری زمین کا خدا کہلاویگا کہ خداوند نے تجھے طلاق کی ہوئی عورت اور دل آزردہ

Marfat.com

عورت سی تو اور جوانی مین ایک جورو کی مانند جورو کی گئی سو پھر بلایا بھی [illegible]
ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام نی کعبہ شریف کو تعمیر کیا تھی اور حضرت ابراہیم اور
حضرت اسماعیل اور حضرت اسحاق لکھی بنیاد علیہم السلام کعبہ شریف کو ہی اپنا قبلہ
سمجھتے تھی اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے بنیاد مسجد اقصی کی کھینچی تھی [illegible] سلیمان
علیہ السلام نی اسکو پورا کیا اسلئی بنی یعقوب علیہ السلام کا یہہ قبلہ قرار پایا اور زمانہ
بنی اسرائیل کی رعایت سی ہی ہوا ہے یہی تک مسجد اقصی قبلہ ابتدا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کا قرار پایا مگر وہ حکم پھر منسوخ ہوا اور حکم ہو گیا کہ قیام قیامت تک قبلہ جمیع
عالم کا کعبہ شریف ہی رہیگا اور اون ورسون کی یہی معنی ہین اور خالق [illegible]
شوہر قرار دیا ہے اور محاورات بیل ای قسم کہ ہین اور کعبہ شریف کو جورو قرار دیا ہے
وہ روکی ہوئی کی مانند تھی ہی کہ اپنا اور سی [illegible]
بیٹھی شروع کر دی اور اپنی غلامون کو اوسکی [illegible]
کوئی رسول [illegible]
صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]
پھر پشیمان ہونگی اس بات کی خبر دی ہی [illegible]
ہمیشہ کو قبلہ اور مقصود عالم رہیگی اور [illegible]
پڑھین گی اور جلد [illegible]
سی جو اوسی [illegible] عبادت [illegible]
اب مین بہت سی [illegible]
گو اپنا منہ تجھی [illegible]
تیرا سنجانیوالا لون [illegible]
قسم کہانی ہے کہ پھر زمین پر نوح کا سا طوفان کبھی نہ اویگا [illegible]

Marfat.com

قسم کھائی کہ مین تجھسی پھر کبھی آزردہ ہونگا اور تجھکو نہ گھرکونگا پہاڑ تو جاتی رہین اور
کوہ ٹل جائین پر میری مہربانی جو تجھپر ہی کبھی غائب نہ ہوگی اور میری صلح کا عہد جنبش
نکریگا خداوند جو تجپر رحم کرنیوالا ہے یون فرماتا ہے ذکر غزوات مین بیان ہو لیا
ہی کہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی خواص ہتیہ صحف الٰہی مین
ایک یہہ امر بھی تہا کہ حرم محترم مین ایک مرتبہ آپ کی لئی قتال حلال ہوا اور حرم مین
قتال واقع ہوا اور بعد اوسکی جیسی کہ پہلی حرمت تھی ویسی ہی ہوگئی ثابت ہو چکی ہیں
اسی امر کا ان ورسون مین بیان ہی اور یہہ بیان دفعیہ گلہ کعبہ شریف کا ہی جو ملاء نیک
وقت شاید کرتی کہ یہہ عجب جلا وا اور تیار یہہ اکہ پہلی ہی بی عزتی اور بی حرمتی کی اور
دفعیہ اسکا اس طور پر فرمایا ہی جیسکہ زمانہ نوح علیہ السلام مین بسبب شامت کفار کے
ظہور صفت قہاریت ہوا اور تمام عالم کو ڈبو دیا تہا اور تیری جگہہ بہی پانی بہر گیا تہا ایسی
ہی اس وقت مین بسبب سزای تکلیف تیری رسول کی اور شامت کفار فجار کی
بی حرمتی ایکدم کی لئی ہوئی اور یہہ اس بی حرمتی کی ساتہہ تجہی انجاس اصنام سے
پاک کر دیا مگر جیسکہ قسم کہائی گئی ہی کہ نوح کا سا طوفان پہر کبھی زمین پر نہ اویگا ایسی
ہی قسم کہائی گئی کہ تیری حرمت پہر کبھی زائل نہوگی اور تجہہ مین پہر کسیکو قتال حلال
نہین ہوگا اور تیری رسول نی یہہ حکم حجۃ الوداع مین سنا دیا ورس ۱۱- ای تو جو آزردہ
خاطر ہی اور تسلی سی محروم ہی دیکہہ کہ مین تیری پتہرون کو سرمے سی لگاونگا اور
تیری بنیاد نیلمون سی ڈالونگا ۱۲ مین تیری فصیلون کو لعلون سی اور تیری پہاٹکونکو
چمکتی ہوی جواہر سی اور تیری ساری احاطی بیش قیمت پتہرون سی بناونگا ش زمانہ [illegible]
سی تا زمانہ سید الرسل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کعبہ شریف کی گرد مکانات
حرم محترم اور چہار دیواری مسجد الحرام ہی نہ تہی بلکہ کعبہ شریف کی قریب اور ادہر ادہر
قریش کے مکانات تہی مگر بعد زمانہ انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم واسطی توسیع [illegible]

Marfat.com

وعمارتی الی لمی تہیں حرم شریف ایسی ہوئی کہ خوبی اوسکی بیان مین نہین اسکتی علامہ
تواریخ مکہ معظمہ مین ہی جب کثرت ہوئی مسلمانون کی زمانہ خلافت عمر ابن الخطاب
رضی اللہ عنہ مین اور مسلمان مسجد الحرام مین نہ سما سکی اور مسجد گہری ہوئی تہی قریش
کی مکانون سی اور اوسکی گرد کچہ احاطہ وغیرہ نہ تہا پس عمر رضی اللہ عنہ نی تجویز کی کہ
مسجد بڑہائی جاوی اور قریش کی مکانات خریدکر اور ڈہاکر مسجد مین داخل کئی اور
بعضی قریشیون نی مکانون کی بیچنے سی انکار کیا تو اون سی زبردستی لیکر مسجد مین
داخل کئی اور اونکی قیمت جو چار آدمیون نی مقرر کی وہ کعبہ شریف مین رکہدی اور
گہر والون نی بعد ہو کر قیمت لی پس ایسی دیوارونکی بنانی کا حکم دیا جو قد آدم سی
کم ہون اور چارون طرف یہہ دیوار تیار ہوئین اور اون پر چراغ روشن ہوتی تہے
اور اس دیوارون مین دروازی پہلی دروازونکی سامنی بنائی گئی تہی اور یہہ تعمیر سترہوین
سن ہجری مین ہوئی پہر جب از حد زیادتی ہوئی مسلمانون کی زمانہ مین حضرت
عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کی پہر زیادہ کیا مسجد کو حضرت عثمان نی اور قریش
کی گہر خریدکر مسجد مین کئی اور جسنی انکار کیا اوسی قید کا حکم دیا اور یہہ زیادتی سنہ
چبیس ہجری نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین ہوئی اور دالان مسجد مین پہلی مرتبہ حضرت
عثمان رضی اللہ عنہ نی اس دفعہ کی زیادتی مین بنائی پہر زیادہ کیا مسجد الحرام کو عبد اللہ
بن الزبیر رضی اللہ عنہما نی اور قریش کی گہر خریدکر اوسمین داخل کئی یہہ تعمیر صحابہ
نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان ہی اور ثانی اول انمین سی وہ ہین جنکی شان مین
زبان وحی ترجمان سی وارد ہوا ہی لو کان نبیا بعدی لکان عمر اور یہہ تجویز
زیادتی مسجد کی انہین امور عہد سی تہی جو امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ
کی قلب پر عالم غیب سی پڑتی تہی اور اب اور سلاطین اہل اسلام کی تعمیر کا ذکر
ہی پہر تعمیر کیا اوسکو عبد الملک بن مروان نی اور بلند کیا اوسکی دیوارونکو اور

اوچھت اسکی سالکی ڈالی اور ہر ستون کی سر پر پچاس مثقال سونا لگایا اور عمدہ تعمیر کی
اور یہہ ولید بن عبد الملک نے تعمیر عبد الملک کو ڈہوا کر پہر از سر نو تعمیر کی اور یہہ تعمیر محکم اور مضبوط
تہی عبد الملک کی تعمیر سی یہانتک تعمیر سلاطین مدینہ کا بیان ہوا اب سلاطین
عباسی کی تعمیر کا بیان ہی اور سنہ ایکسو اکسٹہہ ہجری مین حکم کیا ابو جعفر منصور
عباسی نی واسطے زیادہ کرنی مسجد کی قریش کے مکانات خرید کر پس زیادہ
کی انہی مسجد رکن شامی کی طرف سے جو قریب ہی دار الندوہ یعنی مصلی حنفی کی اور زیادہ
کیا اوسکی اسفل مین ایک منارہ تک کہ باب بنی سہم مین ہی اور جنوبی طرف مین روکی
دوسی کچہہ نہ بنا سکا اوسکو ویسا ہی چہوڑا اور زیاد حارثی متولی عمارت نی زیادتی کی
اعلی مسجد مین اور امیر المومنین عبد اللہ مہدی نی ہی زیادتی کی مسجد الحرام مین اور تعمیر
کی مسجد الحرام کی اور قریش کی مکانات خرید کر مسعی کی طرف سی اور منہدم
کر کی مسجد مین داخل کیی اور یہہ مکانات سحاب نی بیس ہزار ایکسو پچیس دینار کی خرید
تہی اور ازرق کی ایک مکان مین سی اٹہارہ ہزار کو خریدی تہی اور خزاعیہ کے
مکان کی اڑتالیس ہزار دینار قیمت دیکر مسجد مین داخل کیا اور اسی عبد اللہ مہدی
نی سنگ مرمر کی ستون مصر سی منگوائی اور مسجد مین لگوائی اور زمانہ عباسیہ مین مسجد
الحرام کی بہت زیب و زینت ہوئی اور رباطین اور مدرسی کعبہ شریف کی گرد
بہت بنائی گئی یہہ بیان تعمیر حرم محترم ہولیا اور یہہ قصی جیسی بیان آئی و تمام دنیا بہر
ہی و من دخلہ کان امنا ... اور تیری فرزند بنی خداوند سی تعلیم پاینگی
یہہ قرآن شریف کی نزول کا بیان ہی ہوا اور تیری فرزندون کی سلامتی کامل
ہوگی کوئی شخص کیسا ہی صاحب سلطنت و حکومت کیون نہو تمام امتہ محمدیہ
کو جو فرزندان کعبہ شریف ہین ہلاک نکر سکیگا اور نہ خسف و مسخ جیسا کہ فرزندان
مسجد اقصی مین ہوا ہیان نہوگا کہ امتہ رحمتہ العالمین سے ہے اور دجال بہی حرمین

میں داخل نہو گا ویں ۴ اور راستبازی سے پایدار ہو جاویگی تو ظلم سے دور رہیگی
لہذا ڈریگی اور گھبراہٹ سے کہ وہ تیرے نزدیک نہ آویگی ۵ ممکن ہے کہ وے کبھی اکٹھے ہوں
پر میری حکم سے نہیں جو کوئی تیرے برخلاف جمع ہوں وے انکو چھوڑ کے تیری طرف
آ گرینگے راستبازی کی شریعت کی یہ ہے کہ فرزندان کعبہ شریعت راست گو ہیں اور
الحمد للہ کہ سب فرزندان کعبہ شریف راست گو ہیں اور اور دروغگو فرزندان کعبہ شریف
لا اله الا الله محمد رسول الله کہتے ہیں اور سچے ہیں اور اوراسکی خلاف کہتے ہیں اور [illegible]
مریں اور کعبہ شریف پر گھبراہٹ کبھی نہ ہوگی یعنی بعد واقعہ اصحاب فیل اور [illegible]
ہلاک ہی ہوئی او پندرھویں ورس میں حضرت عبد اللہ ابن الزبیر رضی اللہ عنہ
کی شہادت کا بیان ہے اور آگے ختم باب تک اسی امر کا بیان ہے کہ قتل تھا [illegible]
کعبہ شریف کو منہدم نہ کر سکیگا اور حمایت خداوندی بندوں کی میراث ہے اور انکی
راستبازی مجھ سے ہی اس امر کی پیشینگوئی ہے کہ منتظرین قیامت تک مسلمانوں
کی ہی حکومت رہیگی اور اس بشارت کی تعمیل تو بے شمار نہ ہوگی سو استقلال [illegible]
شریف کا ثابت ہے دوسری دلیل بشارت طلوع اقبال ہی صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام
باب ۶۰ اٹھ منور ہو کہ تیری روشنی آئی اور خداوند کا جلال تجھ پر طالع
ہوا ہے ۲ دیکھ تاریکی زمین پر چھا لیگی اور تیرگی قوموں پر لیکن خداوند تجھ پر طالع ہوگا
اور اسکا جلال تجھ پر نمود ہوگا ۳ اور قومیں تیری روشنی میں اور بادشاہان تیرے
طلوع کی تجلی میں چلینگی ۴ اپنی آنکھیں اٹھا کر چاروں طرف نگاہ کر دیکھ سب کے
سب اکٹھے ہوتے ہیں وے تجھ پاس آتے ہیں تیرے بیٹے دور سے آوینگے اور تیری
بیٹیاں گودوں میں اٹھائی جاوینگی ۵ تب تو دیکھیگی اور تیرا دل اچھلیگا اور کشادہ
ہوگا کیونکہ سمندر کی فراوانی تیری طرف پھریگی اور قوموں کی دولت تیرے
پاس فراہم ہوگی ۶ اونٹوں کی کثرت ہی تجھے آ چھپا لینگی [illegible]

جو ان ویشیمین وی سب جو سبا کی ہین آوینگی وی سونا اور لبان لاوینگی اور خداوند کی تعریفون
کی بشارتین سناوینگی ۷ قیدار کی ساری بہیڑین تیری پاس جمع ہونگی نبیط کی مینڈہی تیری
خدمت مین حاضر ہونگی وی میری منظوری کی واسطے میری مذبح پر چڑہائی جاوینگی اور
مین اپنی شوکت کی گہر کو بزرگی دونگا ۸ یہ کون ہین جو بدلی کیطرح اوڑتی آتی ہین اور
کبوترون کی مانند اپنی کابک کیطرف ۹ یقیناً بحری ممالک میری راہ تکینگی اور ترسیس
کی جہاز پہلی آوینگی تاکہ تیری بیٹونکو اونکی روپی اور سونی سمیت دور سی خداوند تیری خدا
اسرائیل کے قدوس کی نام کی لیے لاوین کیونکہ اوسنی تجہی بزرگی دی ہی ۱۰ اور اجنبیون کے
بیٹی بہی تیری دیوارین اوٹہاوینگی اور اون کی بادشاہ تیری خدمت گذاری کرینگی اگرچہ
مین نے اپنی قہر سی تجہی مارا پر اپنی مہربانیون سی تجہپر رحم کرونگا ۱۱ اور تیری پہاٹک نت
کہلی رہینگی وی دن رات کبہی بند نہونگی تاکہ قومون کی دولت تیری پاس لاوین
اور اون کی بادشاہونکو دہوم دہام کی ساتہ کہ وہ قوم اور مملکت جو تیری خدمتگذاری
نکریگی ہان وی قومین ایک لخت ہلاک کی جاینگی ۱۲ لبنان کا جلال تجہ پاس اویگا
سرو اور صنوبر اور دیودار ایک ساتہ تاکہ مین اپنی مقدس مکان کو آراستہ کرون اور
اپنی پانو کی کرسیکو رونق بخشون ۱۳ اور تیری غارتگرون کی بیٹی بہی تیری آگی جہکی
آوینگی ہان وی سب جنہون نی تیری تحقیر کی تیری پانوپر پڑینگی اور تجہی خداوند کا
شہر اسرائیل کی قدوس کا صیہون تیرا نام رکہینگی ۱۵ اوسکی بدلی کہ تو ترک کی گئی
اور تجہ سی نفرت ہوئی ایسا کہ کسی آدمی نے تیری طرف گذر بہی نکیا تجہی شرافت دائمی
اور پشت در پشت کی لوگون کا سرور بناونگا ۱۶ تو قومون کا دودہ بہی چوس لیگی
ہان بادشاہونکی چہاتی چوسیگی اور تو جانیگی کہ مین خداوند تیرا بچانیوالا اور مین یعقوب
کا قادر تیرا چہڑانیوالا ہون ۱۷ مین پیتل کی بدلی سونا لاونگا اور لوہی کے بدلے
روپا اور لکڑی کے بدلے پیتل اور پتہرون کی بدلی لوہا اور مین تیری حاکمون کو سلامتی اور

Marfat.com

اور تیری عاملون کو صداقت بناؤنگا ۱۸۔ آگی کو تیری سرزمین مین ظلم کی آواز کبھی
نہ سنی جائیگی اور نہ تیری سرحدون مین خرابی یا بربادی کی تو اپنی دیوارون کا نام
نجات اور اپنی دروازون کا نام ستودگی رکھیگی ۱۹۔ آگی کو تیری روشنی دن کو
سورج سی اور راتکو تیری چاندنی چاند سی نہوگی بلکہ خداوند تیرا ابدی نور اور تیرا خدا
تیرا جلال ہوگا ۲۰۔ تیرا سورج پھر کبھی نہ ڈھلیگا اور نہ تیری چاند کا زوال ہوگا کیونکہ خداوند
تیرا ابدی نور ہوگا اور تیری ماتم کی دن آخر ہوجائینگے ۲۱۔ اور تیری سب لوگ
راستباز ہونگی وی ہمیشہ ابد تک سرزمین کی وارث اور میری لگائی ہوئی ٹہنی اور میری
ہاتھہ کی کاریگری ٹہرینگی تاکہ میری بزرگی ظاہر ہو ۲۲۔ ایک چہوٹی سی ایک ہزار
ہونگی اور ایک حقیر سی ایک قوی گروہ ہوگی مین خداوند اسکی عین وقت پر یہہ سب
کچھہ جلد کرونگا ۔ ش ورس ۱۹ مین جو کہ تیری روشنی آگی کعبہ معظمہ کو خطاب ہی اور
یہہ اشارہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وقت ایک نور ظاہر ہوا جس سے مصر و شام
کی محل آپکی والدہ ماجدہ نی دیکھی تھی اور ایسی روشنی باطنی کعبہ شریف کو حاصل ہوئی کہ
تمام عالم سے اوس محل پاک ہوئی دامن کعبہ شریف کی بتون کی نجاست سی الی ابدالآباد
بوجود باجود سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حاصل ہوئی ایسی ہی روشنی
ظاہری بھی حاصل ہوئی اب کئی ہزار قندیل حرم محترم مین ہر شب کو روشن ہوتی ہین
اور ایسی روشنی کی رونق ہوتی ہے کہ بیان مین نہین آسکتی ورس ۲ دیکھہ تاریکی زمین
پر چھاگئی اور تیرگی قومون پر لیکن خداوند تجھپر طالع ہوگا اس ورس مین زمانہ جاہلیت
نور الہی کو کعبہ شریف سی فرمایا ہی یعنی جسوقت کہ تمام عالم مرض شرک و کفر مین مبتلا
تہا اور دین حق پر بعض اہل کتاب ہی تھی اور یہہ مضمون حدیث شریف مین وارد
ہوا ہی ورس ۳ اور قومین تیری روشنی مین اور بادشاہ تیری طلوع کی تجلی مین
چلینگی اس ورس کی پہلی جملی مین اس امر کا بیان ہے کہ جسوقت نور الہی

اسوقت اور شریعتین منسوخ ہوجاتین گی اور قومین تیری روشنی مین چلینگی
تیری نور سی نور حاصل کرینگی اور دوسرا جملہ اس کو بیان فرماوی ہی کہ امتہ محمدیہ
فقط غربا ہی نہ ہونگی بلکہ اس روشنی الہی سے شاہان زمین بہی بہرہ ور ہونگی اور
بادشاہ تیری خادم ہونگی اور اپنا لقب خادم الحرمین الشریفین رکہینگی حفظہا عن شر
الی یوم الفواد ورس ۴ - اپنی انکہین اوٹہا کر چارون طرف لگا کر دیکہ سب کی سب اک
ہوتی ہین وی تجہ پاس آتی ہین تیری بیٹی دور سی آونگی اور تیری بیٹیان گود مین
اوٹہائی جاوینگی یہہ بیان حج ہی اور چارون طرف سی حجاج مثل جانوران پرند
شریف کو اڑی چلی جاتی ہین اور بعثت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی پہلی اتنی
کہان ہوتی تہی ورس ۵ تب تو دیکہیگی اور روشن ہوگی ہان تیرا دل اوچہلیگا او
کشادہ ہوگا کیونکہ سمندر کی فراوانی تیری طرف پہریگی اور قومون کی دولت تیر
پاس فراہم ہوگی ش اس ورس مین بیان ہی کہ جسوقت حجاج تیری
کی لیے چارون طرف سی آوینگی اوسوقت مین خلافت تیری آل کی ہوگی اور او
تیری اولاد کی پاس اوسوقت مین اکہٹی ہوگی اور ایسی ہی بحمد اللہ ظہور مین آیا
حجاج کی خلیفہ ثانی سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سی شروع ہوی اور
روز ترقی پہ ہوتی رہی ورس ۶ - اونٹنین کثرت سی تجہی آکر چہپا لینگی
اور عیفہ کی جوان اونٹنین وی سب جو سبا کی ہین آوینگی اور خداوند کی تعریفون
کی بشارتین سناوینگی ش جو کثرت اونٹون کی موسم حج مین حرم محترم مین ہوتی ہی دیکہنی
سی تعلق رکہتی ہی اور ہر طرف سی اونٹون پر حجاج آتی ہین اور بشارت تعریف اللہ
پاک شاید تلبیہ کو فرمایا ہی واللہ اعلم ورس ۷ قیدار کی ساری بہیڑین تیری پاس
جمع ہونگی نبط کی مینڈہی تیری خدمتگاری مین حاضر ہونگی وی میری منظوری
کی واسطی میری مذبح پر چڑہائی جاوینگی اور مین اپنی شوکت کی گہر کو بزرگی دونگا

Marfat.com

اس درس مین قربانی وغیرہ کی ذبح کا بیان ہی اور فقیدا اور منبطد صاحبزادی
اسماعیل علیہ السلام کی تہی اور فقیدار جدامجد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی
ہین اور جملہ میری منظوری کی واسطے میری مذبح پر چڑہائی جاوینگے اس امر کو بیان
کرتی ہی کہ یہان ذبح ہدی وغیرہ ہوا کریگی کہ ذبح الہٰی وہی ہے اسلیئی کہ ابراہیم
اور اسماعیل علی نبینا وعلیہما السلام سے وہین امتحان ہوا اور انکی بہلی منیٰ ہا وہین ذبح
وقوع اور وہین انکی شوکت کی گہر کو بزرگی دونکا شرب البیت فی جسم تہم کی کعبہ بعض
کو سا ہے نزول آیہ کریمہ قول وجہک شطر المسجد الحرام وحیث ما کنتم فولوا وجوہکم

شطرہ بزرگی عطا فرمائی ہی أطہر من الشمس وابین من الامس ہے کہ کروڑون
انسان اسکی طرف مونہ کرکے سجدہ وحدہ لاشریک بجالاتی ہین اور ہزارون اوسکے
قربان ہوتی ہین سیکڑون اسکا دامن پکڑکے رب البیت سی عرض معروض ومناجات
کرتی ہین ہزارون تہا بو نام خدا ہر ہر سال وہان ذبح ہوتی ہین لاکہون خلق خدا امیر و
غریب وشاہ وفقیر ایک وردی سی حاضر ہین سر کہلی ہین بال بکہری ہوئی ہین چہرہ پر
غبار عاشقانہ تمام سوای قربان ہوتی پہرتی ہین مویدالاسلام گیارہوین صفحہ کے
حاشیہ پر بیان کرتے کہ لکہا ہی کعبہ کی عمارت ہین جسکو اہل اسلام سب سی زیادہ مقدس
سمجہتی ہین ایک لکڑی کے ستون لگی ہوئی ہین اور اون ستونون کے بیچ مین چاندیکی
قندیلین اویزان ہین اور سونی کا پرنالا ہی جس سے تمام چہت کا پانی گرتا ہی تمام دیوارین
اندر باہر سیاہ مشجر سی ڈہکی ہوئی ہین اور اوسکے پردی مین طلائی دوڑ بان
آراستہ ہین یہ پردہ ہرسال شاہ روم کی طرف سی بدلا جایا کرتا ہی برخت صاحب
جنہون نی حال مین کعبہ معظمہ کی بیان مین ایک کتاب لکہی ہے یہ فقرہ لکہتی ہین درگاہ
کا انتہا درجہ کی عجیب طرح کی پردی چاندی اور سونی کی افراط چراغون کی روشنی
اور لاکہوں آدمیوں کا مسجد دنیا گمان اور خیال کی طاقت سے باہر ہی۔

Marfat.com

ورس ۸ یہ کون ہین جو بدلی کیطرح اوڑتی آتی ہین اور نیز کبوتروں کی مانند اپنی کابک کیطرف سو تا لاتھون عاشقان الہی ہر سال مثل کبوتروں کی اوڑکر حرم محترم جو اونکی لیئے مثل کابک کی امن اور حرز ہین پہونچتی ہین اور وہان جاکر قمریون کے مانند اپنی اوقات یاد خدا مین گذارتی ہین اور حرم محترم مین کبوترون کی بہی کثرت ہی مدارج النبوت مین ہی بعض سیر کی کتابون مین عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سی روایت ہی کہ خانہ کعبہ کی گرد تین سو ساٹہ بت رکہی تہی اور قبایل عرب اونہین کی لیئے قربانی وغیرہ کرتی تہی اور تلبیہ مین بہی اونہین شریک کرتی تہی پس خانہ کعبہ نی جناب باری مین عرض کیا کہ الہی میری گرداں بتونکی کب تک پوجا ہوا کریگی اور کب تک تیری عبادت میری گرد ہوگی پس اللہ عزوجل نے خانہ کعبہ کی طرف وحی بہیجی کہ قریب ہی کہ پیدا کرون مین تیری لیئے ایک صاحب نور کو اور بہیجون مین تیری طرف ایک قوم کہ آوینگی وہ تیری طرف کرگسون کی مانند اور میل کرینگی تیری طرف جیسا کہ میل کرتا ہی پرند اپنی بیضون کی طرف اور آواز کرینگے تیری گرد تلبیہ کی ساتہ ورس ۵ یقیناً بحری ممالک میری راہ تکینگی اور ترسیس کے جہاز پہلی آوینگی کہ تیری بیٹون کو اونکی روپی اور سونی سمیت دور سی خداوند تیرے خدا اور اسرائیل کے قدوس کی نام کی لیئے لاوین کیونکہ اوسنی تجہی بزرگی دی ہی

ف بحری ممالک راہ تکتی ہین اور ترسیس کسی شہر فارس کا نام ہی اور وہان ہی بہی بوسیلہ دریا ہی حج کو آتی ہین اور چاندی سونا اونکا جہازون مین ہی لدا ہوا آئے رہتا ہی ورس ۹ - اور اجنبیون کی بیٹی تہی تیری دیوارین اوٹہا وینگی اور اونکی بادشاہ تیری خدمت گذاری کرینگی سلطنت عثمانیہ کے زمانہ مین دیوارین کعبہ شریف روکی صدمہ سی سست ہوگئی تہین پہر سلاطین عثمانیہ کی وقت مین تعمیر ہوئی اور سلاطین عثمانیہ ادام اللہ اقبالہم اجنبی محض

Marfat.com

کعبہ شریف ہی ہین نہ اسماعیل علیہ السلام کی اولاد مین نہ ابرہیم علیہ السلام کی آل سے
مین اور انہین کا لقب خادم الحرمین الشریفین ہے ورس ۱۰ اگرچہ کہین نے اپنی قہر سے
کبہی مار ا پر اپنی مہربانیون سے تجہہ پر رحم کرونگا یہہ بیان مطلب قتال حرم محترم کا ہے
جو آپ کے لئے ہوئی اور پہر حرمت ابدی ثابت ہوئی ورس ۱۱ اور
تیری پہاٹکین نت کہلی رہنگی وے دن رات کبہی بند نہ ہون گی اس ایت کی
الہی کی موافق دن رات حرم شریف کی پہاٹکین کہلی رہتی ہین وے دن رات کبہی
بند نہین ہوتی ہین ومن اصدق من الله قیلا اور مسجد ہوی کے دروازے
رات کو بند ہو جاتی ہین ورس ۱۲ کہ وہ قوم اور مملکت جو تیری خدمتگذاری نکریگی
برباد ہو جاوے گی ہان وے قومین ایک لخت ہلاک کی جاوینگی شش ہیود خدمتگذار
کعبہ معظمہ نہ تہی ہلاک ہوئی ایسے ہی کہ نصرانی بہی خدمتگذار کعبہ معظمہ نہ تہی وہ بہی
ہلاک ہوئی اصحاب فیل عدو کعبہ معظمہ تہی وہ بہی ہلاک ہوئی قرامطی جو خدمتگذار
کعبہ معظمہ نہ تہے وہ بہی ہلاک ہوئی ایسے ہی وہابی کہ خدمتگذار کعبہ معظمہ نہ تہی ہلاک ہوئی اب
تہی اور سلطان محمود خان مرحوم ومغفور کی وقت مین حرمین پر مسلط ہو گئی تہی ہلاک
ہوئی ورس ۱۳ لبنان کا جلال تجہہ پاس آویگا سرو اور صنوبر اور دیودار ایک ساتہہ
تاکہ مین اپنی مقدس مکان کو آراستہ کرون اور اپنی پانون کی کرسی کو رونق بخشون
ش لبنان ایک پہاڑ شام کا نام ہے اور وہان کی لکڑی شاید اچہی ہوتی ہو اور پہلی حرم
شریف کی تعمیر مین لکڑی بہت صرف ہوتی تہی پہر جب آگ لگ گئی اور بہت سے
ستون بہی اسمین خاکستر ہو گئی تہی چہت لدا دی ہو گئی ہے اور قبلہ عالم ہوا کعبہ
معظمہ کا پانون کی کرسی ہونی پر صاف دال ہے اور حقیقت یہہ الفاظ از قسم
متشابہات ہی ورس ۱۴ اور تیری غارتگرون کی بیٹی بہی تیری آگی جہکتی ہوئی
اوینگی ہان وے سب جنہون نے تیری تحقیر کی تیری پانون پر جہکینگی اور وے خدا

Marfat.com

اسرائیل کی قدوس کا صیہون تیرا نام رکھینگی پس کعبہ شریف کی غارتگر اصحاب فیل تھی
اور وہ لشکر یمن سے آیا تھا اور تمام اہل یمن مسلمان ہوئی اور کعبہ شریف کی بانون سے
اسی اور الایمان یمان والحکمۃ یمانیۃ زبان وحی ترجمان سے اونکو بشارت ملی
اور بادشاہ حبش بھی مسلمان ہوا اور اوسکی انتقال کی بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نی مدینہ پاک سے کوسون کے فاصلے سے اوسکی نماز جنازہ پڑھی اور مدارج النبوت مین لکھا
ہے کہ مکہ معظمہ کی ناموں سے صیہون بھی ہی اور اگرچہ تھا تو اب ہوگیا ۱۵ اوسکی
بدلی کہ تو ترک کی گئی اور تجھ سے نفرت ہوئی ایسا کہ کسی آدمی نی تیری طرف گذر
بھی نکیا مین تجھی شرافت دائمی اور پشت در پشت کی لوگون کا سرور بناؤنگا
مکہ معظمہ مین قبل بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی اکمل افراد انسان یعنی انبیاء
علیہ السلام سے پیدا نہین ہوا اسلیے فرمایا کہ کسی آدمی نی تیری طرف گذر بھی نکیا
اور شرافت دائمی یہی ہی کہ قبلہ دائمی ٹھیرا ۱۶ اور تو قومون کا دودھ بھی
چوس لیگی ہان بادشاہونکی چھاتی چوسیگی اور تو جانیگی کہ مین خداوند تیرا
بچانیوالا اور مین یعقوب کا قادر تیرا چھڑانیوالا ہون پس قومون کی دودھ چوسنے
کی یہ معنی ہین کہ اور سب شرائع اس وقت مین منسوخ ہوجاتین اور بادشاہونکی
کا چھاتی چوسنے کی یہ معنی ہین کہ ایسی خدمت کرین جو حق ہوا اور وہان کی رہنی والون
کو مثل اپنی شیرخوار بچونکی پرورش کرین اور خادم الحرمین الشریفین ادام اللہ اقبالہ
ایسا ہی کرتی ہین ورس ۱۷ مین پیتل کی بدلی سونا لاونگا اور لوہی کی بدلی روپا
اور لکڑی کی بدلی پیتل اور پتھرون کی بدلی لوہا اور مین تیری حاکمون کو سلامتی
اور تیری عاملون کو صداقت بناؤنگا اس ورس کی پہلی جملہ مین بیان ہے
کہ حرم محترم مین بعد بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سونیکی بہت کثرت
ہوگئی اور پیتل کے بدلی سونا صرف ہوگا اور ایسا ہی ظہور مین آیا خلاصہ تواریخ
مکہ معظمہ مین لکھی اور اول جسنی سونا لگایا تھا کعبہ پر وہ عبدالملک بن مروان ہی اور

Marfat.com

اور اوسنے میزاب رحمت پر سونا لگایا تھا اور پھر ولید بن عبد الملک نے
چھتیس ہزار دینار پتری خانہ کعبہ کی دروازی اور میزاب رحمت اور کعبہ شریف
اندرکی ستونون پر لگائی اور امین ابن ہرون رشید نے مسلم کی پاس اٹھارہ ہزار
دینار بھیجی اور یہہ مسلم اوسکی طرف سی مکہ معظمہ کا عامل تھا اور حکم دیا کہ اوسکی
پتری بنوا کی خانہ کعبہ کی دروازی پر لگوا دے پس مسلم نے پہلی پتری اوتروا ڈالی اور
ساتھ ملا کر اور پتری بنوائی اور دروازی خانہ کعبہ پر لگائی اور میخین اور دونون
اور چوکھٹین بھی سونی ہی کی لگائی اور خلیفہ متوکل عباسی نے اسحاق بن سلمہ کو حکم
دیا کہ تمام گوشہائی خانہ کعبہ کو سونی سی بنا دی اور اوسکی سونا بہت سا اس کام کے
واسطے دیا اور مقدار اوسکی اٹھارہ ہزار مثقال تھی پس اوس کام کو کیا
اور جو کہ چھت کعبہ شریف کی پرانی سال کی ہو گئی تھی اوسکو بھی بدل دیا اور
چاندی کی پتری لگوائی اور ستر ہزار درہم سے مقام ابراہیم کو مجلی کیا اور
المقتدر نے حکم دیا تھا کہ خانہ کعبہ کی اندر کی ستونون پر سونا لپیٹ دین پس
ایسا ہی کیا گیا سنہ تین سو دس ہجری نبوی مین صلی اللہ علیہ وسلم اور پانچ ہزار
دینار درمیان رحال بن علی الجواد نے ۹۴۰ ہجری نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین بابت
واسطے لگانی سونے کے پترون کی خانہ کعبہ کی اندر کی ستونون پر اور منجملہ اونکی
جنہون نے مجلی کیا خانہ کعبہ کو غسانی ملک مظفر صاحب یمن سے اور
اوسکا پوتا بھی اونہین مین سی ہی اور نام اوسکا ملک مجاہد ہے اور مجلی کیا ملک
ناصر صاحب مصر نے خانہ کعبہ کو ساتھ بتیس ہزار درہم کی اور اوسکی پوتی نے بھی
مجلی کیا خانہ کعبہ کو اور سنہ ۹۶۱ ہجری نبوی مین سلیمان خان کے حکم سے
چاندی کی پتری چڑہائی گئے اور نیز خلاصہ تواریخ مکہ معظمہ مین ہے روایت کی
گئی کہ جب عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی وقت مین مدائن کسریٰ

Marfat.com

فتح ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دو ہلال کعبہ شریف کو بھیجے اور وہی خانہ کعبہ کے اندر
لٹکائی گئی اور سفاح عباسی نے ایک رکابی سبز بھیجی تھی وہ بھی خانہ کعبہ شریف میں
لٹکائی گئی اور مامون رشید نے ایک یاقوت سبز زنجیر طلائی کے ساتھ بھیجا اور موسم
حج میں خانہ کعبہ کی دروازے پر اوسکو لٹکاتی تھی اور متوکل عباسی نے ایک کاس طلائی
مرصع بھیجا پس لٹکایا گیا وہ روی کعبہ شریف پر اور اوسمین موتی عمدہ اور یاقوت اور
زمرد بیبہا لگی ہوی تھی اور معتصم باللہ نے ایک قفل خانہ کعبہ کے واسطے بھیجا تھا اوسمین
ہزار مثقال سونا تھا اور جب شاہ سنجر سلمان ہوا ۵۱۹ھ ہجری میں تو اسنے خانہ کے
واسطے ایک طوق سونیکا مرصع بھیجا اور اوسمین جواہر بیبہا لگی ہوی تھے اور ایک یاقوت
بھی اوسنے خانہ کعبہ شریف کے واسطے بھیجا تھا پس لٹکایا گیا وہ کعبہ شریف پر متعمد
خلیفہ کی حکمت سے اور سوا اسکے نفائس بیشمار تھین اور بادشاہ بھیجتے تھے قندیلین
سونیکی واسطے لٹکانی کی کعبہ شریف میں اور پھر جب واقع ہوی فتنی مکی مین اور محتاج
ہوی خادم ... شریف کے لیگئی بعض اون نفائس سے اور کہا گئی اور بھی علاوہ
اونکی کہ جب اون پاس مال ہوتا تو صرف کرتی اوسکو حوائج خانہ کعبہ میں اور محتاج
ہوی تو صرف کرتی اونکو اپنی حاجات اور اخراجات اہل جہاد اور دفع فساد مین ملک
خرچ کرتی تمام اوقافون اور مدرسون اور رباطون مین اور مدرسون کی کتابون
مین بھی اونکا معمول تھا یہانتک کہ کہا ایک شیخ نے جب کہ پکڑا گیا وہ اور اوسکی
آستین مین سونی کا ٹکڑا تھا خانہ کعبہ کی قندیل کا کہ نہین نفع دیتا زمانہ کعبہ کو
لٹکانا اسکا اور ہمین ضرر دیتا ہی اونکو نہ لٹکانا اسکا یہ تو پہلی مضمون اس ورق کی
شرح ہوی رہا دوسرا مضمون اور وہ یہ ہی کہ تبری حاکم سلامتی خلق کی
باعث ہونگی اور بیچی ہونگی پس اسکا بیان یہہ ہی کہ حاکم خانہ کعبہ کی اہل ایمان ہین جو
باعث امن خلق ہین اور پہلی حاکم نور خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے صدیق اکبر ہین

Marfat.com

ورس ۱۸ آگی کو تیری سرزمین مین ظلم کی اواز سنی نہ جاییگی اور نہ کہ تیری سرحدون
مین خرابی یا بربادی تو اپنی دیوارون کا نام نجات اور اپنی دروازون کا نام ستودگی
رکھیگی سنگ ظلم عظیم ہے اور وہ وہان سے معدوم ہوا اور دیوارین مسجد الحرام
کی نجات کی ہوا رہن ہین اولمنین آرا اگر قاتل بہی پناہ لے لی تو ہمارے نزدیک اوسکا
وہان سے پکڑنا جایز نہین ہے ورس ۱۹ آگی کو تیری روشنی دن کو سورج
اور رات کو تیری چاندنی چاند سے نہ ہوگی بلکہ خداوند تیرا ابدی نور ہوگا اور
تیرے ماتم کے دن آخر ہو جاینگے تصدیق کامل اس ورس کی اوسکو نصیب
ہوئی جب زیارت خانہ کعبہ ہوا ہوا اور قول برخت صاحب کا پہلی منقول ہو چکا
ہی اور بت پرستی کعبہ شریف کی گردگی موقوف ہونا ماتم خانہ کعبہ کا ختم ہونا ہی
ورس ۲۱ تیری سب لوگ راست باز ہونگی وی ابد تک سرزمین کی وارث اور میری
لگائی ہوئی ٹہنی اور میری ہاتہ کی کاریگری ہونگی تا کہ میری بزرگی ظاہر ہو یہہ امۃ
محمدیہ کی تعریف ہی اور یہ امۃ محمدیہ کی راست بازی ہونیکی سند کی لئی مولانا سلام سے
قول ان کا نقل کرتا ہون وہ صدق مقال و دیانت مسلمانونکی بیان میں بہت سا
حال سلطنت اروم کی مسلمانون صدق و امانت داری کا لکہہ کر کہتا ہی واقعی یہہ بات
تمام قوم کی دیانت کے سبب سے ہی اور اس قوم کی دیانت اور امانت ضرب المثل
ہے اور امۃ محمدیہ ہی لگائی ہوئی ٹہنی ہست قدرت کی ہے اور تمثیلون مین مسیح
علیہ السلام نی بہی اس قسم کے مضمون امۃ محمدیہ کی نسبت بیان فرمائی ہین اور
اس بشارت کی بند رہوین ورس کے جابین کہ بہی شرافت دائمی اور پشت در
پشت کی لوگونکا سرور بنا و لگاسی ثابت ہے کہ کعبہ شریف ہی دائما قبلہ
رہیگا اور یہہ شرافت اوسکی کبہی موقوف نہ ہوگی اور یہہ بہی کعبہ شریف کی بشارت
ہی صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۴۹ ای بحری سرزمینو میری سنو ای

تم لوگو جو دور کان دہرو خداوند نی مجہی رحم سے بلایا مین جب سے ا
ان کے پیٹ سے نکلا تب ہی سے اوسنی میرا نام مذکور کیا ۲ اور اوسنے
میرے منہہ کو تیز تلوار کے مانند کیا اور مجکو اپنی ہاتہہ کے سایہ تلے چہپا رکہا اوسنے
تیر امدار کیا اور اپنے ترکش مین مجہے چہپا رکہا ۳ - اور اوس نے مجہہ سے
تو میرا بندہ ہی تجہہ مین ای اسرائیل مین اپنا جلال ظاہر کیا لگا در مین ۶ وہ فرماتا
کہ یہہ تو کم ہے کہ تو یعقوب کی فرقون کی برپا کرنے اور اسرائیل کے بچی ہوونکی
پہر آنیکی لیے میرا بندہ ہو بلکہ مین نے تجہے غیر قومون کے لئے نور بخشا کہ تجہہ
میری نجات زمین کی کنارون تک پہونچی ، خداوند اسرائیل کا قدوس
اور اوسے بچانے والا اوسے جسی انسان حقیر جانتا ہے اور اوسے
امت کو نفرت ہے اور اوسی جو حاکمون کا چاکر ہے خداوند یون فرماتا ہے کہ شاہ ا
نظر کرینگے اور اوٹہہ کہڑی ہونگی شاہزادی بہی اور سجدہ کرینگے خداوند کے لئے
جو صادق القول ہی اور اسرائیل کا قدوس ہے جسنے تجہی برگزیدہ کیا
کہ مین نے قبولیت کے وقت مین تیری سنی اور نجات کردن مین نے تیری
مدد کی اور مین نے تیری حفاظت کی اور امت کی لیے تجہے ایک عہد بخشا تاکہ
کو برقرار رکہی اور ویران میراث وارثون کو دیوی ۹ تاکہ تو قیدیون کو کہے کہ نکل
چلو اور انکو جو اندہیری مین بیٹہے ہین کہ اپ کو دکہلاؤ وی راستون مین چرینگے
اور سب اونچی جگہہ اونکی چراگاہین ہونگی نہ وی بہوکی ہونگی نہ پیاسی اور نہ گرمی کا جو
اور دہوپ اونکو ماریگا کیونکہ وہ جس کی رحمت اون پر ہے اونہین لے چلیگا
اور پانی کے سوتون کی طرف اونکی رہبری کریگا ۱۱ اور مین اپنی ساری
کوہستان کو ایک راہ گذر کر والونگا اور میری شاہراہین اونچی کی جاینگی
اور دیکہہ ... لے دور سے اوینگے اور دیکہہ ل آتر سے اور سیم سے اوسنی

کہ ملک سے سوا اے آسمانو گاؤ خوش ہو اے زمین اور نغمہ [illegible] اے پہاڑو
کہ خداوند اپنی لوگونکو تسلی بخشتا ہے اور انکے دکھ سہنے والوں پر رحم کرتا ہے ۱۴ لیکن
صیہون کہتی ہے یہوواہ نے مجھے ترک کیا اور خداوند [illegible] بھول گیا ہے
[illegible] کیا ہو سکتا ہے کہ کوئی عورت اپنی دودھ پیتے بچے کو بھول جاوے اور اپنے
رحم کے فرزند پر ترس نہ کھاوے ہاں وے شاید بھول جاویں پر میں تجھے
نہ بھولونگا دیکھ میں نے تیری تصویر اپنی ہتھیلیوں پر کھودی ہے اور تیری
شہرپناہ ہمیشہ تک میرے سامنے ہے ۱۷ تیرے بیٹے آنے میں جلدی کرتی اور
[illegible] جو تجھے برباد اور اوجاڑ کرتے تھے تیرے بیچ سے نکل جاتی ۱۸ اپنی آنکھیں اٹھا
کر اور چاروں طرف نگاہ کر یہ سب کی سب اکٹھے ہوتے ہیں اور تجھ پاس
آتی ہیں خداوند کہتا ہے اپنے حیات کی قسم تو ان [illegible] پہن لیگی
اور انھیں اپنی پر دلہن کے مانند باندھیگی ۱۹ اگر تیرے خراب اور اجاڑ مکانوں
اور برباد کئے ہوئے ملک میں اب بسنے والوں کی کثرت سے گنجایش نہ ہوگی
اور وے جو تجھکو غارت کرتی تھی دور دفع ہونگی ۲۰ اور تیرے [illegible] لڑکے
تجھ سے لیے گئے تھے تیرے کانوں میں پھر کہینگے کہ جگہ ہمارے لیے تنگ ہے
ہمیں جگہ دے کہ ہم بسیں ۲۱ تب تو اپنے دلمیں کہیگی [illegible]
ہوا کہ میں تو لاولد ہوگئی اور اکیلی تھی میں تو حاج کی ہوئی [illegible]
سو کس نے انکو پالا دیکھ میں تو اکیلی چھوڑی گئی یہ [illegible] ۲۲ خداوند
یہوواہ یوں فرماتا ہے دیکھ میں غیر قوموں پر اپنا ہاتھ [illegible]
اپنا جھنڈا کھڑا کروں گا اور وے تیرے بیٹوں کو [illegible]
تیری بیٹیونکو اپنی کاندھوں پر چڑھا کی لیے چلینگے ۲۳ [illegible] تیرے پالنے والے
باپ ہونگے اور انکی بیگمات تیری پالنے والی [illegible]

Marfat.com

ہونہ مین پر جہکین گی اور تیری پانون کی خاک چاٹینگے اور تو جانیگی کہ مین
ہی خداوند ہون کیونکہ وی جو میری راہ تکتی ہین پشیمان نہ ہونگے ہمارے
نزدیک یہہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اور کعبہ شریف کی شوکت
وعظمت کا جو بعد پیدایش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اوسکو حاصل ہوئی اسمین
بیان ہی اسلئے کہ برگزیدہ ترجمہ مصطفے ہی اور مصطفے لقب خاص محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی اور نیز اسلئے کہ ترکش مین چہپا رکہا اسطرف مشیر ہی کہ وہ
رسول الہی جنکی یہہ بشارت ہی خاتم النبین ہوا در تمام انبیاء ورسل کے بعد پیدا ہو
اور وہ بشارات انبیاء کے موافق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہین اور نیز
اسلئے کہ تیسری ورس مین مبشر بہ بشارت ہذا عبد اللہ فرما کر پکارا ہے
اور عبد اللہ بہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی القاب سی ہی اور آپ کی والد
ماجد کا بہی نام ہے اور نیز اسلئے کہ آٹھوین ورس مین ہی مین تیری حفاظت
کرونگا اور ہماری نزدیک گو سیدنا مسیح علیہ السلام مصلوب نہین ہوئے
بلکہ آپکی اعدا کو یہہ بات نصیب ہوئی مگر یہہ لفظ اس طرف مشیر ہی کہ امت
مین رکہکر حفاظت کیجائی اور اس قسم کی حفاظت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی ہوئی کہ آپ اعدا مین رہکر حصن حصین واللہ یعصمک من الناس مین محفوظ رہے!
اور نیز اسلئے کہ نوین ورس مین بادشاہون کی نظر کرنیکا ذکر ہے اور یہہ خاصہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی کہ بادشاہون نے نظرین اور ہدیئے اور تحفے خدمت
نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین بہیجی اور نیز اسلئے کہ اسی آٹھوین ورس مین ہے
اور امت کی لیئے تجہے ایک عہد بخشا اور یہہ مقام محمود کا جو مخصوص آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتہہ مین ہی بیان ہے اور حضرت مسیح علیہ السلام
بہی آپکی امتی ہونگے اور کتاب اعمال کی تیسری باب سے یہہ دعوی ثابت ہے

Marfat.com

اور نیز اسلئے کہ نوین اور دسوین ورس مین ہی تاکہ تو قید یون کو کہی کہ اکل حلوا ور یہہ
صحابہ کرام کی ہجرت کا بیان ہے اور پانی کے سوت مدینہ منورہ مین تب بہی
جاری تہی اور اب بہی جاری ہین اور نیز اسلئے کہ بائیسوین ورس مین یاین الفاظ
دیکہہ خداوند یہوواہ یون فرماتا ہے کہ مین غیر قومون پر اپنا ہاتہہ اوٹہاونگا شاہ
حبش اور او مسلمانون حبش کا بیان ہی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ
بابرکت مین شرف باسلام ہوی اور خدمت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین مدینہ
منورہ مین حاضر ہوی اور آیہ کریمہ واذا سمعوا ما انزل الی الرسول الاٰیہ انہین کے
شان مین نازل ہوی ہی اور شاہ حبش نے مسلمانون کو بہت ہی راحت سے
رکہا اور خود مسلمان ہوا اور یہہ صحابہ کرام کو مدینہ منورہ مین خدمت نبوی صلی
اللہ علیہ وسلم مین بآرام تمام پونہچایا والحمد للہ علی ذلک تیسری فصل کعبہ
شریف کی لباس کے بیان مین غزل الغزلات کی پہلی باب مین ہی مین سیاہ
فام پر جمیلہ ہون ای یروسلم کے بیٹو قیدار کی خیمون کے مانند سلیمان کے
پردون کے مانند یہہ کلام کعبہ شریف کا ہے جسکو سلیمان علیہ السلام نے
گویا کہ نقل فرمایا ہے اور کعبہ شریف کی تعمیر بہی گو سیاہ پتہر سے ہو مگر قیدار کی
خیمون اور سلیمان کی پردون کی تشبیہہ سے یہہ بات معلوم ہوتی ہے کہ انہی
لباس کی سیاہی کا بیان فرماتی ہی امر آخر کار اس پیشین گوئی کے موافق خانہ
کعبہ کا لباس سیاہ سے قرار پایا اور بیان اسکا یہہ ہی خلاصہ تواریخ
مکہ معظمہ مین ہے اسعد تبع حمیری نے ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
سے ہزار برس پہلی خانہ کعبہ کو غلاف پہرایا اور اوسمین دروازہ بہی رکہا اور
یہہ غلاف اوسنے خواب دیکہہ کر کہ وہ خانہ کعبہ کو غلاف پہراتا ہی تیار
کیا تہا اور یہہ بہی روایت آتی ہی یعنی اس غلاف پہرانی سکے دو مین کا اسم

Marfat.com

تبع حمیری قریب مکہ کی وارد ہوا اور کوئی اہل مکہ سے اوسکے ملنکو نہ آیا پس
پر غضب ہوا اور کہا کعبہ شریف کو مین ضرور منہدم کرونگا اسلئے کہ یہی ان کی
تکبیر کا باعث ہے پس وہ بیمار ہوگیا اور ایسا بیمار پڑا کہ سب طبیب اوسکے
علاج سے عاجز ہوگئے اور کوئی ہوا اوسی نفع نہ بخشتی تہی پس کہا ایک بوڑہی
نے میری رای مین یہہ بیماری اوس ارادہ بد کی وجہ سے ہے پس توبہ کی اسعد
نے اپنی اوس ارادہ بد سے اور تندرست ہوا اور حاضر ہوا مکہ معظمہ مین زیارت
خانہ کعبہ کو اور تعظیم کی مکہ کی رہنیوالون کی اور کعبہ شریف کو بڑا قیمتی غلاف
پہرایا اور مورخون نے لکہا ہے کہ اکثر کعبہ شریف کے واسطے عمدہ عمدہ
غلاف ہدیہ بہیجتی تہی وہ غلاف یمن کی چادرون کی اور منط کے بنے ہوئی ہوئی
تہی اور منط ایک عمدہ کپڑا ہوتا ہے اور سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے بہی کعبہ شریف کو یمن کی چادرون کا ہی غلاف پہرایا ہی اور پہر حضرت عمر اور
حضرت عثمان رضی اللہ تعالی قباطی غلاف پہرایا اور پہر معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالی دیبا اور قباطی
غلاف پہرایا اور پہر یمن کی چادرون کا اور زیادہ کیا اور پہر ہر سال کعبہ شریف کو دیبا کا غلاف پہرایا جاتا تہا اور مامون رشید
کی خلافت مین ایک برس مین تین مرتبہ غلاف پہرایا جاتا تہا آٹہوین ذیحجہ
کو دیبائی سرخ اور پہلی رجب کو قباطی اور عید کو دیبائی ابیض اور پہر بعد
ختم خلافت عباسیہ کے ہوتا تہا لباس کعبہ شریف کا کبہی مصر سے اور
کبہی یمن سے اور پہر ... سلطان ملک مصر نے ایک گانون اور وقف کیا اوسکا
غلاف کعبہ شریف ... پہرا دے پہر جب ممالک عرب کی سلاطین آل عثمان مالک ہوئی
تو ... کعبہ شریف کا غلاف دیباہی رکہا جیسا پہلی ہوتا تہا
لیکن سلطان ... عثمانی سے حکم کیا کہ کعبہ شریف کا غلاف ہمیشہ
سیاہ رہے ... آج تک برابر کعبہ شریف کا غلاف ہمیشہ سیاہ ہی

Marfat.com

ہوتا ہی اور اس پیشین گوئی صادق ہو گئی اور باعتبار ذات اگر لیجو تو ہمیشہ کو دو بد
سے تہی او قیداریون کی بہی اکثر خیمی سیاہ ہی ہوتی ہین اور سلیمان علیہ السلام
نے بہی یہی دی سیاہ ہی بنوائی ہونگے چوتھی فصل کعبہ معظمہ کے خوارق کے بیان
مین (۱) کعبہ معظمہ کے خرق عادات سے ہی ہلاک ہونا اصحاب فیل کا جانورون
سے کہ وہ جانور اوپر سے اونکی کنکری ڈالتے تہی جسکی تہی گولی زیادہ کام وہی تہی
غرض یہہ کہ اون جانورون نے انہین کہائے ہوئے بہس کی طرح ہلاک کر دیا اور
ذکر اسکا مکاشفات یوحنا کی سولہوین باب کی اکیسوین ورس مین ہی اور آسمان
سے آدمیون پر من من بہر اولی گری اور اولون کے آفت سے آدمیون نے
خدا پر کفر بکا اور یہہ کنکری وہ کام دیتی تہین کہ من من بہر کا اولا اتنا ہی کام دیتی
اور تمام بیان اونکی ہلاکی کا پہلی باب مین مذکور ہو چکا (۲) اور کعبہ معظمہ کی ہی خرق عادات
سے تہا وہ کہ غزوہ حدیبیہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ناقہ مبارک
جسکا نام قصوا تہا بیٹھ گئی اور نہ اوٹھی اور لوگون نے کہا اونٹنی کی عادت بیٹھنی کی ہو گئی یا بدخلقی
نہین بلکہ بٹھا دیا اسکو اوس نے جس نے روک دیا اصحاب فیل کو یعنی اللہ
عزوجل نے پس آپ نے قسم رب البیت یاد کی اور فرمایا کہ جو کفار قریش
ایسے بات کہینگے جسمین حرم محترم کا احترام ہوگا مین وہ سب قبول
کرونگا پس ناقہ مبارک اوٹھ کہڑی ہوئی ایضاً (۳) اور کعبہ معظمہ کی ہی خوارق
سے تہا وہ کہ قرامطیون کے فساد کی زمانہ مین ایک قرامطی میزاب رحمت
خانہ کعبہ یعنی میزاب سے اوکہاڑنے چڑہا وہ گرکے مرا پہر دوسرا چڑہا وہ بہی
گر کی مرا اور نہ نکل مقصود دونون کا [illegible] (۴) انہین خوارق
کعبہ شریف سے ہی نکلنا برق کا بنیاد قدیم کعبہ شریف سے اور بنیاد قدیم کعبہ
شریف تہی سنگ سبز سے پس جب ابتدائی نسل [illegible] آنحضرت

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے عالم شباب مین پہر از سر نو خانہ کعبہ کی تعمیر کی وہ
بنیاد ظاہر ہوئی پس اوسپر کسی نے پہاوڑا وغیرہ مارا پس اس قسم
کی تجلی نکلی کہ قریب تہا کہ اونکو کہا جائی اور اونہون نے پہر اوسے پتہرا
اور اوسپر خانہ کعبہ کی دیوار قائم کی (۵) اونہین خوارق سے بیمار ہوتا ہے
سعد تبع حمیری کا اوس ارادہ بد کی وجہ سے اور اوسنے ارادہ کیا تہا کہ کعبہ
شریف کو منہدم کرون اور نہ صحت پائی کسی دوا سے اور صحت پائی بعد توبہ
کرنے کی اس ارادہ بد سے (۶) اور انہین خوارق سے ہی یہہ ایک حاکم مکہ
نے اس زمانہ مین خانہ کعبہ کی داخلی چاہی خدام کعبہ شریف نے اسوقت
کسی وجہ سے انکار کیا اوسنے خانہ کعبہ کی بزور حکومت کنجی منگوائی کہ
ہم خود کہول لینگے پس دروازہ کعبہ شریف کا قفل ہرگز نہ کہلا عاجز ہو کر انہین
کے خدمت مین آدمی بہیجا کہ جنکو کنجی خانہ کعبہ کی ابدالآباد کے لئے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے پس اونہون نے اپنے بچے خورد
کو بہیجا کہ اسکا ہاتہ کنجی پر رکہدیجو قفل کہل جاویگا پس اونہون نے ایسا ہی کیا اور قفل دروازہ
شریف کا کہل گیا (۷) انہین خوارق سے یہ ہے کہ زمانہ سابق مین خانہ کعبہ کے اندر ایک مرد عورت نے
برا کام کیا تہا وہ دونون پتہر ہوگئے تہے ایک کا نام اساف تہا دوسرے کا نائلہ نام تہا اور اونکو عبرت
کیواسطے رکہ چہوڑا تہا اور پہر رفتہ رفتہ اونکی پوجا ہونی لگی تہی (۸) اور اونہین خوارق سے
ہی یہہ کہ مطاف مین کعبہ شریف کے پاس مقام ابراہیم پر ایک مقدمہ خون مین اٹہائیس
آدمیون نے جہوٹی قسمین کہائین وہ سبکے سب برس روز کے اندر مر گئے (۹) اونہین خوارق سے یہہ کہ مطاف
طواف کرنیوالے سے خالی نہین رہتا کبہی نہ کوئی ہر وقت طواف کرتا رہتا ہے کیسی ہی گرمی کیون
نہو اور کیسی ہی اندہیری اور بارش کیون نہو مگر کوئی نہ کوئی قربان ہوتا رہتا ہے (۱۰) اونہین
خوارق سے یہ ہے کہ آب زمزم ہر مرض کیواسطے شفا ہے (۱۱) اونہین خوارق سے ہی قبول ہونا دعا کا خانہ کعبہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم - خاتمۃ الکتاب خلفاء خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان مین مکاشفات یوحنا باب (۱۹) ورس (۱۶) اوسکی لباس اور اوسکی ران پر یہ نام لکھا ہی خداوند ونکا خداوند اور بادشاہونکا بادشاہ — پہلی باب مین شرح اس بشارت کی مذکور ہوچکی اور وہان معلوم ہوگیا ہی کہ اس جملہ مین مہر نبوت کا بیان ہی اور جزء اخیر اس ورس مین خلیفہ اول خاتم الخلفاء خاتم خلافت صدیقیہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی مہر خلافت کا ذکر ہی اور وہ تل تھا جو ران یار غار پر تھا اور جسکو ایک راہب نے ملک یمن مین دیکھکر بشارت خلافت خاتم النبیین دی تھی اور روضۃ الاحباب سی ذیل مین شرح بشارت ہذا کی یہ کل قصہ منقول ہوچکا ہی — صحیفہ دانیال باب (۷) ورس (۲۵) اور وہ حقتعالی کی مخالفت مین باتین کریگا اور حقتعالی کی مقدسونکو تصدیعہ دیگا اور چاہیگا کہ وقتون اور شریعتونکو بدل ڈالے اور وے اوسکے قبضہ مین دیے جاینگی [illegible] ایک زمان اور زمانون اور آدھی مدت گذرجانے تک — ۲۶ پر عدالت بیٹھیگی اور وے اوسکی سلطنت اوس سے لے لینگی [illegible] اوسے ہمیشہ کیلئے نیست و نابود کرین — بدانکہ اس بشارت کی شرح مین معلوم ہوچکا کہ ان ورسون مین خلفاء ثلاثہ یعنی حضرت صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور خلیفہ ثالث حضرت ذی النورین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کا بیان ہی اور مدت خلافت ہر ایک کا بھی اس بشارت سے نشان معلوم ہوتا ہے اسلیے کہ نصف خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر یزدگرد بادشاہ اس سلطنت کا ہلاک ہوا اور مدت اول قرابت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مدتین زمانہ خلافت شیخین ہی اور آدھی مدت نصف خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جسکو ایسی انداز سے بیان کرتی ہی عمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] مدت خلافت خلفاء ثلاثہ معلوم ہوگئی شیخین کی تمام مدت خلافت صاف صاف معلوم ہوگئی اور کل مدت خلافت حضرت عثمان کی نصف کے معلوم ہونے سے واضح ہوگئی اور [illegible] کعب احبار نے زمانہ ملوک مین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی عمر بیان کی تھی واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم — [illegible] (۲۳) بدکارون کی سبب

تو مت کڑھ بری کام کرنیوالونسے تو حسد نہ کر (۲) کہ وی جلدی گھاس کی مانند کاٹ ڈالی
جائینگے اور ہری سبزی کیطرح مرجھاوینگی (۳) خداوند پر توکل رکھہ اور نیکی کر تو سر زمین مین ج
زندگانی بسر کر اور دیانتداری پر چرا کر (۴) خداوند کی یاد مین مسرور رہ کہ وہ تیری دل
کی مطالب پوری کریگا (۵) اپنی راہ خداوند پر چھوڑ دی اوسپر توکل کر وہ خود بنا لیگا (۶)
وہ تیری نیت بھلا کو نور کیطرح ظاہر کریگا اور تیری عدالت کو دوپہر کی سی روشنی بخشیگا (۷) خداوند کے انتظار
چپکے رجوع ہو اور آہستگی سے انتظار مین ٹھہرا رہ اوس شخص کے سبب جو اپنی راہ مین کامیاب ہوتا ہے مت کڑھ
(۸) غصہ کرنیسے باز آ اور غضب کو ترک کر اپنی تئین مت اوسکا ایسا نہو کہ تو شرارت مین گری
(۹) کہ بدکار کاٹ ڈالی جائینگے لیکن وے جو خداوند کے منتظر ہین زمین کو میراث مین لینگے (۱۰) کہ ایک
تھوڑی سی مدت ہی کہ شریر نہوگا تو غور کر اوسکا مکان ڈھونڈیگا اور وہ نہوگا (۱۱) لیکن وی
جو حلیم ہین زمین کی وارث ہونگی اور بہت سی راحت پاکر خوشدل ہونگی (۱۲) شریر صادق کی مخالفت
بندشین باندھتا ہے اور اوسپر دانت کچکچاتا ہی (۱۳) خداوند اوسپر ہنستا ہی کیونکہ دیکھتا ہی کہ اوسکا
دن آتا ہے (۱۴) شریر اپنی تلوار نکالتے اور اپنی کمان کھینچتی تاکہ مسکین اور محتاج کو گرا دین اور ا
جنکی راہین سیدھی ہین جان سے مارین (۱۵) اونکی تلوار انہین کی دلونمین پیٹھی گی اونکی
کمانین ٹوٹ جائینگی (۱۶) تھوڑا سا جو صادق کا ہی بہت سی شریرون کے مال و اسباب سی بہتر
(۱۷) کہ شریرونکی بازو توڑ دیجائینگے پر خداوند صادقونکا تھامنیوالا (۱۸) خداوند دیندارون
کی دنونکو پہچانتا ہی اور اونکی میراث ابدی ہوگی (۱۹) وی بری وقت مین شرمندہ نہووینگی
بلکہ کال کی دنونمین سیر رہینگے (۲۰) لیکن وی جو شریر ہین ہلاک ہونگی اور خداوند کی دشمن
بروَن کی چربی کی مانند فنا ہونگی وی دھوئین کی مانند جاتی رہینگے (۲۱) شریر اودھار لیتا ہی
ادا نہین کرتا ہی پر صادق رحم کرتا ہی اور انعام دیتا ہی (۲۲) کہ جن پر اونکی برکت ہی زمین
وارث ہونگی اور جنپر اوسکی لعنت ہی کٹ جائینگے (۲۳) انسان کے قدم خداوند ثابت رکھتا
اور اوسکی راہ کو دوست رکھتا ہی (۲۴) اگرچہ وہ گر جاوے پر پڑا نرہیگا کیونکہ خداوند اوسکا ہاتھ تھامتا

Marfat.com

(۲۵) مین جوان تہا اب بوڑہا ہوا پر مینی صادق کو ترک کیئی ہوئی اور اوسکی نسل مین سے کسیکو ٹکڑی مانگتی نہ دیکہا (۲۶) وہ سدا رحم کرتا ہی اور قرض دیا کرتا ہی اوسکی نسل مبارک ہی (۲۷) بدی سے بہاگ اور نیکی کر اور ابد تک آباد رہ (۲۸) کہ خداوند عدالت کا دوستدار ہی اور اپنے مقدس لوگونکو ترک نہین کرتا ہی وہ ابد تک محفوظ رہینگے پر شریرون کی نسل کاٹی جائیگی (۲۹) صادق زمین کے وارث ہونگے اور ابد تک اوسپر بسینگے (۳۰) صادق کا مونہ دانائی کی بات کہتا ہی اور اوسکی زبان سے عدالت کا کلمہ نکلتا ہی (۳۱) اوسکی خدا کی شریعت اوسکی دل مین ہی اوسکا پانو کبہی نہ پہسلیگا (۳۲) شریر صادق کی گہات مین لگا ہی اور اوسکی قتل کی دہن مین رہتا ہی (۳۳) خداوند اوسکو اوسکی ہاتہہ مین نچہوڑیگا اور عدالت کیوقت اوسے مجرم نہ ٹہرائیگا (۳۴) خداوند کا منتظر رہ اور اوسکی راہ کو یاد رکہہ کہ وہ تجہکو زمین کا وارث کرکے سرفراز بخشیگا اور جب شریر کاٹے جائینگے تو تو دیکہیگا (۳۵) مینی شریر کو بڑا زبردست دیکہا جو اپنی تئین ہری درخت کی مانند جو خود رو ہو پہیلاتا تہا پر وہ گذر گیا گویا تہا ہی نہین مینی اوسی ڈہونڈہا وہ کہین نہ ملا (۳۷) کامل کو تاک اور سیدہے کو دیکہہ کہ ایسی آدمی کا انجام سلامتی ہی (۳۸) پر خطا کار سبکی سب ہلاک ہوجائینگے شریر کا انجام نیستی ہی (۳۹) صادقون کی نجات خداوند سے ہی دکہہ کی وقت وہ اونکا محکم قلعہ ہی (۴۰) خداوند اونکی مدد کریگا اور اونہین رہائی دیگا اور اونکو شریرون سے چہڑائیگا اور بچا دیگا اسلیئے کہ اونکا بہروسا اوسپر ہی ❊ اس بشارت کی شرح کا پہلی تمہی وعدہ کیا تہا چنانچہ اپنا وعدہ ایفا کرتی ہین اور اس بشارت کی شرح کرتی ہین پس معلوم ہو کہ پہلی برس مین پانچوین ورس تک سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو نصیحت ہی اور وعدہ نصرت و فتح ہی اور جس قسم کی ان ورسونمین وہ فتح مذکور ہی اسیقسم سی کلام اللہ شریف مین بہی آیات الہی مین فتح اور نصرت کی وعدی مصرح اور مفسر ہین اور غالب یا بلکہ تحقیق ہی کہ شروع بشارت ہذا مین بہی مثل بشارت حسنیکے یا محمد ہوگا مگر مثل تحریف بشارت زبور (۴۵) کی اس زبور مین بہی تحریف کی اور نام سرور رسل صلی اللہ علیہ وسلم اس بشارت سی علیحدہ کرکے اپنا نام متصل الحین سی علیحدہ ورق

Marfat.com

حک کرایا اور دلیل میری اس ثبوت کی یہ ہی کہ ورس (۸) کی پہلی جملہ میں فرماتی ہین وہ
تیری صداقت کو نور کیطرح ظاہر کریگا ۔ اور اس جملہ مین بظاہر گو نصیحت داؤد علیہ السلام کو ہی مگر در
حقیقت اسمین خلافت صدیق رضی اللہ عنہ کی خبر ہی اور شب معراج مین نور کیطرح اوسکے
تسلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت صدیق ظاہر کر گئی اور پھر دوسری جملہ مین فرماتی
ہین اور تیری عدالت کو دوپہر کیسی روشنی بخشیگا اور اسمین موافق جملہ اول کی بظاہر وعدہ
ہی مگر درحقیقت خلیفہ عادل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا ذکر ہی اور آپکی خلافت کی وقت
مین ترقی اسلام ایسی ہوئی کہ آفتاب اسلام عین دوپہر پر چڑہ گیا اور بعد انتقال خلیفہ ثانی حضرت
عمر رضی اللہ عنہ کی دوپہر ہوچکا اور اوسکو زوال آیا اور تیسرا پہر شروع ہوگیا اور حدیث مین
وارد ہوا ہی کہ عمر کی زندگی ہی دروازہ فتنہ بند ہی جب یہ دروازہ گر جایگا پھر دروازہ فتنہ
کہل جایگا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ زمانہ خلیفہ ثانی تک مسلمانون مین کسی قسم کا فتنہ نہ ہوا
اور بعد انتقال کی دروازہ فتنہ کی کہل گئی اور نیز پہلا ہے کہ ہم نی بیان کیا ہی کہ جب تک زندہ
ہوئی برابر ترقی اسلام ہوتی رہی اور ظاہر ہی کہ آپکی انتقال کی بعد فتنہ شروع ہو گیا ۔
اور ورس (۹) مین کہ بدکار کاٹ ڈالی جاینگے لیکن وی جو خداوند کی منتظر ہین زمین کو میراث
مین لینگے مسلمانونکی فتح اور کفار کی تباہی اور بلاد و جاگیر ہی کا بیان ہی اور ایسی ہی ورس
(۱۱) لیکن وی جو حلیم ہین زمین کی وارث ہونگے آنحضرت کی خلافت کا بیان ہی اور یہہ آیت
ہی خلافت کا اصالت ... ہی اور قرآن شریف مین ارشاد فرمایا ولقد کتبنا فی الزبور
من بعد الذکر ان الارض یرثہا عبادی الصالحون اور بالتحقیق لکہا ہی ہمنی زبور مین
ذکر کی بعد تحقیق زمین کے وارث ہوونگی اوسکی میری بندی صالح ہیں مطلب اوسکا ترجمہ
قریب ہین اور ذکر سی مراد یا توریت ہی اور یا ہی نصیحت جہان تک ہو سکی اشارہ مین ہی
ورس (۱۲) شریر صادق کی برخلاف بندشین باندہتا ہی اور اوسپر دانت پیستا ہی
(۱۳) ہم خداوند اسپر ہنستا ہی کیونکہ دیکہتا ہی کہ اوسکا دن آتا ہی ۔ اس ورس مین

[ابو]جہل فرعون اس امتہ کا ہی اور صادق یا لقب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور یا ج
[ص]ادق صدیق ہین اور روز بدر ابوجہل کا دن تہا اور اوسیدن وہ ہلاک ہوا اور کلام مجید
[مین] یوم نبطش البطشۃ الکبری انا منتقمون فرمایا اور بیان غزوہ بدر مین لفظ لوم
[... تا]کہ مطابق صحف سابقین ہو جاوی ورس (۱۲) سی (۲۰) تک مسلمانونکی فتح اور کفار کی
[ہ]ارکا بہی بیان ہی اور اونکی کمانین غزوہ بدر مین ٹوٹ گئین اور وہ ہلاک ہوئی اور
[...] جالکہ نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اونکی شر سی محفوظ رکہا اور ورس (۲۳) مین
[غز]وہ احد کا ذکر ہی ورس (۲۶) مین خلافت صدیق رضی اللہ عنہ کا ذکر ہی اور ورس (۴۳)
[مین] فتح مکہ معظمہ اوسی واقعہ قتل کا بیان ہی جسمین [...] کا فر مارے گئی ورس (۱۰) مین حجر
[کا] ذکر ہی اس زبور سی خلافت حضرت صدیق رضی اللہ عنہ اور خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ
[ثا]بت لگیا اور یہہ بہی معلوم ہوگیا کہ خلیفہ اول صدیق ہونگی اور خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ
[ہون]گی اور یہہ بہی معلوم ہوگیا کہ زمانہ ترقی اسلام ہی ہوگا جسمین خلافت حضرت عمر العادل
ہوگی اور اگرچہ اور مضامین عمدہ اس بشارت مین ہین مگر وہ باب خلافت سی تعلق نہین رکہتی
[...] ورس (۱۹) [...] خداوند دو رمت [...] اہی تیر [...] جلد میری مدد کی لئی آ (۲۰) میری
[جا]ن کو تلوار سی [...] کو [...] ہاتہ سی بچا [...] ورس (۲۲) [...] جماعت مین تجہہ [...]
[...] ہوگی ہین [...] آگی [...] ڈرتی ہین اپنی نذرین [...] (۲۶) [...] حلیم
[...] اور [...] ورس [...] ہونگی
[...] (۲۷) [...] اور [...]
[...] آ[...] سجدہ [...] (۲۸) سلطنت خداوند کی ہی تو [...] ہی (۲۹) سالم
[...] دنیا کی [...] اور سجدہ [...] سب [...] جو خاک [...]
[...] جہکینگی اور [...] جان [...] (۳۰) [...] ہوگی [...]
[...] اسمون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

ج کی بیان مین پہلی باب مین معلوم ہوچکا ہی کہ یہہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اور
نام پاک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی اب شرح ورسون مابعد کی ضروری ہی لیس معلوم ہو کہ قرآن
شریف مین سورہ حج مین فرمایا ہے وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنہم فی الارض
کما استخلف الذین من قبلہم ولیمکنن لہم دینہم الذی ارتضی لہم ولیبدلنہم من بعد خوفہم امنا یعبدوننی
لایشرکون بی شیئا ومن کفر بعد ذالک فاولئک ہم الفاسقون ترجمہ وعدہ دیا اللہ نی جو
تم مین ایمان لائی ہین اور کئی ہین نیک کام البتہ پیچھے حاکم کریگا اونکو ملک مین جیسا حاکم کیا تھا
اونسی اگلون کو اور جما دیگا اونکو دین اونکا جو پسند کردیا اونکو اور دیگا اونکو اونکی ڈر کی بدلے
امن بندگی کرینگی شریک نکرینگی میری کوئی اور جو کوئی ناشکری کریگا اس پیچھے سو وے لوگ ہین نافرمان اور یہ تقریر کرتے دیکہ یہہ وعدہ ہی
جو اس زبور مین منقول ہی اور یہہ بعینہ گویا کہ ترجمہ زبور مذکور ہی لیکن بسبب تغیرات کثیرہ
کی اسقدر فرق ہوگیا ہی ورس (۲۶) سی شروع ہی اور فرمایا وی جو حلیم ہین کہا یئنگی
اور سیر ہو وینگی وی جو خداوند کی طالب ہین اوسکی ستایش کرینگی اس ورس مین خلافت
کا ذکر کیا اور مقصود اس سے یہ ہے کہ خلافت مہاجر مہاجرین مین ہی ہوگی اور قران مجید نی بھی
ارشاد فرمایا ومن یہاجر فی سبیل اللہ یجد فی الارض مراغما کثیرا وسعۃ اور طالب خدا
مہاجرین للہ اور مہاجرین ہی فتوحات الہی اور نعمائی الہی پر حمد وثنا الہی بجا لاوینگے ورس
(۲۷) ساری جہان کو سر یاد آویگا الخ یعنی رسالہ عامہ خیر الرسل کا بیان ہی اور مقصود بیان
خلافت عام ہی ورس (۲۸) کہ سلطنت خداوند کی ہی قومون کے درمیان وہی حاکم
ہی گویا کہ ترجمہ لیستخلفنہم فی الارض کا ہی اور خلافت نبوت سلطنت خداوندی ہی
پورا پورا شریعت کی موافق جب عمل ہوا گویا کہ وہی حاکم ہی ورس (۲۹) دنیاکی سب دولتمند
کہا وینگے اور سجدہ کرینگی گویا کہ ولیمکنن لہم دینہم الذی ارتضی لہم کا ترجمہ ہی اور سب ہی جو خاک مین ملتے ہین
حضور جہکینگے اور وے جنکی مجال نہین کہ اپنی جان بچاوین گویا کہ ولیبدلنہم من بعد خوفہم امنا
کا ترجمہ ہی اور یہ پہلے جزو مین تتمیم کا بیان ہے ورس (۳۰) ایک نسل ہوگی جو اوسکی بندگی کریگی

Marfat.com

قوعدا فیضا بعد ونی لا یشرکون بی شیا کا ترجمہ اور ورس (۱۳) آونگی الخ ہین ومن کفر بعد ذالک فاولئکہم الفاسقون کیطرف اشارہ ہی اور اس زیور سی ہی خلافت خلفاء اربعہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا پتا ملگیا اور خلافت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی بشارت بابلیہ کی اس جملہ سی وہان ہرگز عرب لوگ خیمہ استادہ نکرینگی ثابت ہی اسلئے کہ قضیہ صفین مین آپنی خیمو نکو مارنی سی بابل مین منع کیا اور خلافت حضرت امام حسن و امام مہدی رضی اللہ عنہما کی بشارت حسنیہ کی اس جملہ سے تو انہین تمام زمین کے سردار مقرر کریگا ثابت ہی اور بشارت ابجدیہ کی اس جملہ اوس سے بارہ سردار پیدا ہونگے خلافت ان خلفا کی ثابت ہی حقہ اور جمہ او خلیفون یہ خلافت نبوت کا ذکر ہی جو قیام قیامت تک پورے ہو جائینگے۔ واللہ عاقبۃ الامور ۔ وصلی اللہ تعالی علی خاتم الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔ **دعای مقبول** یا اللہ جل شانہ وعم نوالہ تیرا ہزار ہزار شکر ہی کہ تو نے اپنی رحمت سی مجھی معدوم سے موجود کیا اور پھر اشرف المخلوقات مین پیدا کیا اور پھر اشرف الرسل کی امت سے کیا اور شرف نسب مصطفی علیہ السلام بھی عنایت فرمایا شکر ہی کہ تو نے اپنی رحمت سے مجھی ہر نفسی بچا کر اپنی دین کی تائید کیطرف متوجہ کیا اور علوم اولین و آخرین یعنی قران و حدیث سے بہرہ ور کیا اور پھر خاص تو نے اپنی رحمت سی فخر ومن عندہ علم الکتاب اور اہل ذکر سی مشرف کیا اور علم کتب سابقین عنایت کیا اور پھر تالیف رسالہ ہذا کی توفیق عنایت فرمائی فلک الشکر کما فیا والحمد وافیا۔ خداوندا تیری بندہ سی موافق تیری وعدہ صادق کی دعا کرتا ہون کہ تو اس کتاب کو قبول فرما اور زاد آخرت بنا اور پھر تفسیر قران کی توفیق عطا فرما اور والدین کو مغفور بنا اور تمام سلسلہ نسبی انکی کے ساتھ میرے ماں باپ کو اور ان کی ذریت کو جنات عدن مین برابر داخل کر اور حلل بہشتی انہین پہنا اور ان کے درجے بلند کر ان پر وہ بشارت نازل فرما کہ الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون اونہین کردی خداوندا تو اپنی رحمت سے میرے سب دوستون اور معلمون اور استادون کو تمام غم دنیوی و دینی عطا فرما خداوندا تو اپنی رحمت سے عم بزرگوار اپنی بندی خیر خواہ خلایق اور اصلح صنوانی سید محمد فتح خان صاحب کو میرے سر پر قایم رکھ اور انکی اولاد اور انکے لخت جگر اخوی عزیزی الی زید علمہ سی بہرہ مند رکھ خداوندا اپنی مہربانی سے مجھ کو منبر اسلام کا خادم بنا اور تعلیم علوم دین میں میری تائید کر خداوندا تمام مسلمانان عالم کو دینی اور دنیوی

Marfat.com

حمد رب العالمین که وصحایف خویش عظمت خود را بالطف اتفاق نواخت تاج الکلام است و نعت خاتم النبیین که خدای تعالی از نقشبند
لوای عرش بر افراخت معراج الاسلام است - محمدت اصحاب کبار که خالق عالم در توریت بیاد شان پرده حقیقت [illegible]
ایقالست ومنقبت آل اطهار که پیغمبر اوشان را درة التاج رتبه ساخت حرز بازوی ایمانست - در صورت معنی هم
از عیان و نهان پیدا - که شرح فضیلت این مربع از حد حرتبه قیاس تجاوز است که طاقت تقریر و طاقت تحریر
یکی از هزار عاجز - اگر غور مددگاری کند و فکر غمخواری - اینجا گرم خروشی بیهوده سرایست و خاموشی عین صفت ذات گویا
اما بعد بزم آرای گنج زبانی محمد انوار حسین **تسلیم** سهسوانی - دست را آشنای خامه میسازد و خامه را میل ختم آمد

راقمه حسن الفاظ دیدنی دارد + بوی معنی شنیدنی دارد + حاصل مدعا ما اینست + این سلاله خریدنی دارد + درین ایام
میمنت انجام و زمانه فیض التیام - سیاح وادی بلاغت سیاح صحرای فصاحت مفتاح خزانه سنت مصباح کاشانه متانت اشرف المتقدمین
فخر المتاخرین - قبله اصحاب دین کعبه ارباب یقین - نور ناصیه علم قره باصره حلم قدوه متشرعین اسوه متورعین - سرا پا خدمت
تسلیم و رضا - روح روان جسم حیا و وفا - عالم باعمل فاضل بی بدل بلبل بوستان فروع [illegible] پروانه شمع معقول و منقول
محقق بی عدیل - مدقق بی مثیل - حاوی علوم حامی فهوم - کاشف مشکلات عقلیه فاتح مغلقات نقلیه - محور چرخ خرد
مرکز دایره هوشیاری - مبین فرزند فطنت ابو الآبای فطرت - محی مراسم سنت ماحی خیر الانام - مسیل بدیای ناپیدا کنار اسلام -
نور سپیدی و سیا مولانا و اولانا رحمه الهی که سینا سینه اش از پرتو جمال الهی جاوه طورست و مدینه دل او از ستاع عشق
معمور نقش پایش عینک چشم آئینه هوشیاران و حرف حق نمایش تازیانه تاد باطل کوشان - ساله رحمت ابواب مقاله بر اثبات
رسالت ختم المرسلین ملقب و مخاطب به رحمة للعالمین از بیبل یعنی از انجیل بی تکلف تصنع و بی تکلیف تاویل پیشنودگی صفا بیان تحریر
معانی نوشته اند و بساط تعصب و تعسف که هنجار ناکسانست یکدست در نوشتند - خطاب مرام مناظره بزبان عربی نوشته اند و در کمال او مباحثه گذاشتند
نشیب [illegible] و فراز تحسین را انتیدند و تا سر بی بهره در رسن سرکشی نه تافتند - در زبان اردو این کتابیست عبارتش سلیس به پایه لاجواب تالیف
نه کار انسانی است بلکه محض لطف و فضل یزدانی - اگر (انوار محمد صادق) ۱۲۹۵ هجری خواستش کافیست و اگر (دعاوی خاتم النبی) ۱۲۹۳ هجری دانشش بسنده است اگر از
جلال رسول) نامش هم حق است و اگر نامزد (مناظره دلچسپ) گویم معرف فن مستحق [illegible] سواد زلف حور و بیاض چهره [illegible] علما
رعنا گشتند و تبیین او جلوه [illegible] عمر [illegible] رعنا [illegible] نظم قصه مختصر [illegible] این تصنیف شریف تالیف لطیف سرمایه تدوین [illegible] آوازه اش
خزانه زینت [illegible] و سواد محبت [illegible] الفت [illegible] اوراق [illegible] نظر [illegible] سخن [illegible] دعا
ستوده کاری گرامی [illegible] منشی [illegible] بهادر [illegible] مطبع انوار الاخبار که بیشتر از بیشتر بلکه بیشتر از بیشتر اخلاق [illegible]
با [illegible] خلایق از کمال [illegible] که شیمه کریمه [illegible] اشاعت علوم دینی و اهتمام امور اسلامی [illegible]
چنانچه [illegible] محمود [illegible] المعظم [illegible] کمال [illegible] شرح و بسط [illegible]
که حرفی [illegible] لفظی از کتابی [illegible] تسوید [illegible] اظهار [illegible] الله تعالی [illegible]
المختصر [illegible] کلام [illegible] تاریخ [illegible]

Marfat.com

صفحہ	مضامین کتاب	صفحہ	مضامین کتاب	صفحہ	مضامین کتاب
۱	دیباچہ	۲۹	سوال وجواب لطیف۔	۵۹	حدیث شریف مطابق بشارت
	مقدمۃ الکتاب	״	سوال وجواب لطیف درباره	۶۱	تیسری دلیل بشارت کتیبہ تیریہ
ایضاً	فصل اول عدم ضرورت بشارات		ہاجرہ علیہا السلام	״	نسب نامہ آنحضرت۔
	کی ثبوت نبوت کی بیان مین۔	۳۱	تیسری دلیل بشارت تثلیثیہ۔	۶۲	تیسری فصل زمان بعثت کی بیان مین
۳	دوسری فصل ختم نبوت کی بیان مین	۳۲	بشارت پطرسیہ	״	دلیل اول بشارت دانیلیہ حجریہ
۶	تیسری فصل تحریف کی بیان مین	۳۳	سوال وجواب لطیف۔	۶۵	دوسری دلیل بشارت توسیہ
۱۱	سوال جواب لطیف درباب تحریف	۳۹	بیان مماثلت موسوی محمدی۔	۶۹	تیسری دلیل بشارت بابلیہ۔
۱۲	باب اول آپکی رسالت کے ثبوت مین	۴۴	سوال وجواب لطیف۔	۷۲	جواب نوشیروان وتعبیر بوزرجمہر آرا
ایضاً	فصل اول اس بیان مین کہ اسماعیل	۴۵	سوال وجواب لطیف درباره		پیدایش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
	علیہ السلام کی اولاد سے پیدا ہونا		حفظ رسل الہی علیہم السلام۔	۷۴	چوتھی بشارت بشارت نذیریہ
	ایک نبی کا ثابت ہے۔	״ برحاشیہ	بیان لطیف بابت حفاظت	۷۸	پانچوین بشارت قدیم الایامیہ۔
۱۴	دلیل اول بشارت ابجدیہ۔		رسل الہی کے بیان مین	۸۲	نقل فرمان محمدی بنام خسرو پرویز
۱۷	دوسری دلیل بشارت قومیہ	״	چوتھی دلیل بشارت بڑی دوسیہ	۸۵	چھٹی بشارت بشارت تنزیلیہ
برحاشیہ	بیان لطیف اعداد اسمای مبارک	۴۶	دوسری فصل آپکی قیداری	۸۹	بیان کرامت فاروقی رضی اللہ عنہ
	محمد واحمد صلی اللہ علیہ وسلم۔		ہونیکے بیان مین۔	۹۰	دلیل آٹھوین بشارت سیلائیہ۔
۲۴	موازنہ لطیف بشارات اسماعیلی	״	دلیل اول بشارت جملیہ بدریہ	۹۱	فصل چوتھی سنہ میلاد کی بیان مین
	واسحاقی مین	۵۱	دوسری دلیل بشارت مصطفائیہ	״	بشارت میلادیہ
۲۴	بشارات مطلقہ	۵۶	نکتہ لطیف۔	۹۳	پانچوین فصل شب میلاد کی بیان مین
۲۵	بشارات اسماعیلیہ۔	۵۸	ذکر سلع پہاڑ مدینہ	״	بشارت میلاد محمدیہ۔

Marfat.com

صفحہ	مضامین کتاب	صفحہ	مضامین کتاب	صفحہ	مضامین کتاب
۱۱۰	بیان جسم احمدی ۔	۱۴۳	بیان ہاتھون مبارک کا ۔	۱۵۱	بشارت باب ۵۲ و ۴۹ صحیفہ یسعیاہ
رر	بیان قامت مبارک ۔	۱۴۴	بیان شکم مبارک کا ۔	۱۵۲	باب ۵۵ صحیفہ مذکور ۔
۱۲	بیان عظم جسم مبارک	۱۴۵	بیان نرمی شکم مبارک کا ۔	۱۵۳	بیان نام مبارک احمد
۱۳	بیان راستی قامت مبارک	رر	بیان سفیدی شکم مبارک کا ۔	رر	بشارت فارقلیطیہ
رر	بیان سر مبارک ۔	رر	بیان ناف مبارک کا ۔	۱۶۳	ذکر لقب شریف مصطفے ۔
۱۲۱	بیان موی سر مبارک ۔	رر	بیان لطیفہ سرور کائنات کا	۱۶۴	باب ۴۳ صحیفہ یسعیاہ ۔
رر	بیان کمیت موی شریف	رر	بیان سیلی شکم مبارک کا ۔	۱۶۸	باب ۴۲ صحیفہ یسعیاہ ۔
رر	بیان کیفیت راستی و ترو لیدگی موی شریف ۔	۱۳۶	بیان شق صدر کا ۔	۱۷۳	ذکر اسم شریف وحید ۔
		رر	بیان موی مبارک اعالی صدر	رر	بشارت وحید زبور ۳۵ ۔
۱۲	بیان زلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم		[illegible] مبارک کا ۔	۱۷۳	دسوین فصل اس بیان مین کہ آپکی رسالت عام ہوگی ۔
	بیان رنگت موی شریف		[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم		
۱۱	بیان سفیدیت سر کمال کبر کا	۱۴۰	بیان [illegible] مبارک [illegible] کا	۱۷۴	بشارت طلوعی ۔
۰	بیان موی شریف عالم پیری ۔	رر	[illegible] در زمان ولادت بیان	۱۷۵	گیارھوین فصل اس بیان مین کہ آپ خاتم النبیین ہونگے ۔
۱۲	بیان آنکھون مبارک کا ۔	رر	تنبیہ		
۱۱	بیان بینی مبارک کا ۔	۱۴۱	بیان مہر نبوت	رر	بشارت حجر زاویہ قصر نبوت ۔
۱	بیان رخسار محبوب الہی کا ۔	۴۷	بیان خوشبوی جسم مبارک	۱۷۷	بارھوین فصل اس بیان مین کہ آپکو تادیب عالم کا حکم ہوگا ۔
۰	بیان لبون مبارک آنحضرت کا	۱۴۸	نوین فصل نامون مبارک کی بیان		
رر	دندان مبارک محبوب الہی کا بیان		بیان نام پاک محمد ۔	۱۷۹	بشارت حسینہ زبور ۴۵ ۔
۱۱	بیان گردن شریف	رر	بشارت برنابہ	۱۸۰	بشارت [illegible]

Marfat.com

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

طالبین راہ حق کو مژدہ ہو کہ آئینہ جمال احمدیہ و مصدق ...

بشارات محمدی

یعنی

آئینہ فی اثبات النبوۃ الاحمدیۃ

معروف بہ

بشارت نامہ

حسب فرمائش جناب مصنف مولانا مولوی رحم الٰہی صاحب منگلوری عم فیضہ

مطبع انوار محمدی لکھنؤ میں طبع ہوا

Marfat.com